مارتنڈ کے اُودے سے جگمگ ہوا آکاش   کیا تارا کیا چندرما سب کا چُھپا پرکاش



















دیوگیہ رتن راج جیوتشی بگھاٹ سٹیٹ پنڈت مُکند بلبھ جیوتش آچاریہ - کورالی (پنجاب)





مارتنڈ عالم جنتری


نادرو نایاب پیشین گوئیوں کا لُبِ لُباب منبعِ علمِ نجوم کا بے نظیر دُرِ نایاب!





سمت بکرمی ۲۰۵۵-۵۶   سن عیسوی 1999





مُصنّفین

شری پریہ ورت شرما


M.A. ساہتیہ آچاریہ سِدھانت جیوتش آچاریہ

ڈاکٹر شکتی دھر شرما

M.A., M.Sc. (U.S.A.), Ph.D., F.R.A.S. (U.K.) سِدھانت جیوتش آچاریہ

شری اِندو شیکھر شرما

شاستری جیوتش آچاریہ، ایم۔اے





پبلشرز

رُچیکا پبلیکیشنز

دیو نگر، قرول باغ، نئی دلّی - ۱۱۰۰۰۵   فون: 5721403, 2943254

PRICE : 28.00

☆ شری "مارتنڈ" آفس کے نیم ☆

ہمارے یہاں جنم پتر اور ورش پھل شدہ ورک پکش کے حساب سے بنائے جاتے ہیں۔ جن میں عمر بیماری، اولاد، عورت، دھن، بیوپار، نوکری اور ترقی وغیرہ کا وِچار کیا جاتا ہے۔ عام طور پر جنم پتر کی فیس کم از کم مبلغ =/351 روپے ہے۔ ٹیوا صرف =/51 روپے۔ جو سجن زیادہ خلاصے والی جنم پتری بنوانا چاہتے ہیں وہ بذریعہ خط و کتابت بات چیت کریں۔ اگر آپ ورش پھل بنوانا چاہتے ہیں تو آپ اپنی جنم کنڈلی کی نقل اور پیشہ لکھ کر بھیجیں۔ جنم پتر بنانے کے لئے جنم سال، ٹائیم، جگہ اور پیشہ وغیرہ بھی لکھنا نہ بھولیں۔ ورش پھل کی فیس عام گاہک کے لئے مبلغ =/100 روپے ہے۔ جن کی جنم کنڈلی نہ ہو وہ شخص خط لکھنے کا وقت، اندازاً عمر، پیشہ و ذات وغیرہ ضرور لکھیں۔ ورش پھل کا آرڈر دیتے وقت یہ لکھنا ضروری ہے کہ اس سال آپ کے ورش پھل میں کس بات کا وِچار کرنا ہے لکھیں۔ تاکہ خاص خیال سے غور کیا جائے۔

نوٹ:- ہر کام کی پوری فیس بطور پیشگی ضرور بھیجیں۔ وی، پی نہیں کی جاتی۔ بغیر پیشگی کوئی کام نہیں کیا جاوے گا۔ اگر آپ کوئی پرشن پوچھنا چاہتے ہیں، تو عام طور پر فیس مبلغ =/100 روپے ہوگی۔ بڑے آدمیوں کو زیادہ خلاصہ والے ایک پرشن کی فیس =/251 روپے ہوگی۔

گھر بیٹھے پرشن پوچھیں:- اگر ہمارے سامنے آکر ہی پرشن کا وِچار کرائیں تو سبھی اُلجھنیں دُور ہو سکتی ہیں۔ مگر پھر بھی اگر کوئی سجن کسی خاص کارن سے ہمارے پاس نہ آسکے تو خط میں اپنا جنم سال ٹائیم وغیرہ یا جنم کنڈلی کی نقل۔ ذاتی پیشہ وغیرہ اور خط لکھنے کی تاریخ اور ٹائیم بھی لکھیں۔ اگر جنم پتری نہ ہو تو اپنی اندازاً عمر، پیشہ وغیرہ اور خط لکھنے کی تاریخ اور ٹائیم لکھیں۔ جو سوال پُوچھنا ہو وہ صاف طور پر خلاصہ لکھیں۔ ایک خط میں تین سوال سے زیادہ نہ لکھیں۔ آپ کے سوالوں کا جواب غور سے شاستر کے مطابق اچھا بُرا جو بھی ہوگا لکھ دیا جائے گا۔ سوال کا جواب بند لفافے میں ہی بھیجا جاتا ہے، اسلئے سوال کے جواب کے لئے اپنا مکمل صاف پتہ لفافہ پر لکھ کر ارسال کردہ لفافہ میں ڈال کر ارسال کریں تاکہ اُس لفافہ میں آپ کے سوال کا جواب لکھ کر بھیج سکیں۔

نوٹ:- اپنے سوال کا خُلاصہ کر کے ہندی میں لکھیں۔ اُردو میں لکھنے سے آپ کو جواب دیر سے ملے گا۔ اگر کوئی سجن معلوم کرنا چاہیں کہ یہ روگ یا اولاد کا نہ ہونا اور اولاد کا نہ بچنا یا لڑکیوں کا زیادہ ہونا۔ عورت کا مر جانا یا مالی نقصان وغیرہ دُکھ اُسے پہلے جنم کی کس وجہ سے ہوا ہے۔ اور اس کا علاج کیا ہے۔ تو آپ ہم سے پوچھیں۔ آپ کی ان باتوں کا خُلاصہ دے کر اس کا وِچار وریہد کرم وِپاک شاستر سے لکھیں گے۔ آپ کا پہلے جنم کا کیا ہُوا پاپ۔ جس کی وجہ سے آپ کو تکلیف ہے اس کا علاج بھی شاستر کے مطابق لکھیں گے۔ جس کی فیس =/100 روپے ہوگی۔ ہمارے یہاں شاستر مطابق تیار کئے ہوئے گرہوں کے جنتر بھی آپ کو مل سکتے ہیں۔ منگلیک لڑکے یا لڑکی کیلئے منگل جنتر اور ساڑھ ستی کے بُرے پھل کی شانتی کے لئے شنی جنتر وغیرہ بھی شاستر کے مُطابق تیار ہوتے ہیں۔ ہر ایک جنتر کی فیس ڈاک خرچ کے ساتھ مبلغ =/251 روپے ہے۔ سِدھ لکشمی جنتر کی فیس =/501 روپے بمعہ ڈاک خرچ ہے۔ منگوا کر آزمائیں۔

> پنڈت جی سے کورالی آفس میں ملنے کا وقت
> صبح ۹ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک
> **ویروار کے دن مارتنڈ آفس میں چھٹی رہتی ہے**
> پنڈت جی سے ملنے کے لئے پہلے جوابی خط ڈال کر ملنے کا وقت طے کر لیں۔

بیوپاری نوٹ کریں:- جو سجن سال میں آنے والے فائدہ مند بیوپارک چانس لینا چاہتے ہیں، وہ سال کے شروع میں =/500 روپے بھیج کر اپنا نام ہمارے کاریالیہ میں رجسٹرڈ کروالیں۔ صرف رجسٹرڈ آدمیوں کو ہی ہمارے کاریالیہ سے چانس جاتے ہیں۔ بیوپاری صاحبان کے لئے تیزی مندی کے چانس حاصِل کرنے کی سال بھر کی فیس مبلغ پانچ ہزار روپے ہے۔ زیادہ تفصیل تیزی مندی کے آرٹیکل کے بعد میں دیکھیں۔ ماہواری فیس بھیجنے والے صاحبان =/500 مہینہ کے حساب سے بھیجیں۔ ایڈوانس فیس بھیجنے والے بیوپاری صاحبان ٹیلیفون پر تازہ مشورہ حاصِل کر سکتے ہیں۔

نوٹ:- مہربانی کر کے ہمارے کاریالیہ یعنی آفس سے خط و کتابت ہندی انگریزی یا پنجابی میں ہی کریں۔ جنم پتری ورش پھل اور جنتر وغیرہ کے لئے رقم اور منی آرڈر نیچے لکھے پتے پر اِرسال کریں۔ ڈرافٹ بھیجنے والے صاحبان پنجاب نیشنل بنک۔ کرشنا منڈی کورالی یا سٹیٹ بنک آف پٹیالہ۔ کورالی کے لئے ہی بھیجیں۔ فیس منی آرڈر کے ذریعہ بھی بھیجی جاسکتی ہے۔ دُور سے آنے والے صاحبان پہلے فون پر وقت مقرر کرلیویں۔ ضرُوری ہے۔

پتہ:- پنڈِت اِندُو شیکھر شرما۔ جیوتش آچاریہ، مارتنڈ آفس۔ کورالی۔ رَوپڑ (پنجاب) پن-140103

پُن سوَنی:- اس دوائی کے استعمال کرنے والے ہزاروں آدمیوں نے تعریف کے پتر ہمیں لکھے ہیں۔ اِس دوائی کو گربھ کے تیسرے ماہ شروع میں اِستعمال کرنے سے لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ پرماتما کی دین سے اس دوائی نے ہمیشہ اپنا کرشمہ دِکھا کر تعریف حاصِل کی ہے۔ آپ بھی اس کا تجربہ کرسکتے ہیں۔ دوائی کا مکمل پُورا کورس مبلغ =/351 روپے ہے۔ خرچہ ڈاک =/25 روپے علاوہ۔ وی۔پی۔ پی نہیں کی جاویگی۔

منیجر شری مارتنڈ آفس۔ کورالی۔ ضلع رَوپڑ (پنجاب) فون:- 01888-41277

To Dr. Man Mohan Joshi Jyotishi ji with Compliments

مارتنڈ کے اُودے سے جگمگ ہوا آکاش — کیا تارا کیا چندرما سب کا چھُپا پرکاش












دُنیا بھر میں تمام جنتریوں کی سرتاج








دیوگیہ رتن راج جیوتشی بگھاٹ سٹیٹ پنڈت مُکند بلبھ جیوتش آچاریہ ۔ کُورالی (پنجاب)

مارتنڈ عالم جنتری





نادر و نایاب بیشین گوئیوں کا لُبِ لُباب منبع علم نجوم کا بے نظیر دُرِ نایاب!

سمت بکرمی ۲۰۵۵-۵۶ سن عیسوی 1999





مُصنفین

شری پریہ ورت شرما

M.A. ساہتیہ آچاریہ سدھانت جیوتش آچاریہ


ڈاکٹر شکتی دھر شرما

M.A., M.Sc. (U.S.A.), Ph.D., F.R.A.S. (U.K.) سدھانت جیوتش آچاریہ

شری اندو شیکھر شرما

شاستری جیوتش آچاریہ، ایم-اے









پبلشرز

رُچیکا پبلیکیشنز

۶۴۱۱/۷ دیو نگر، آریہ سماج روڈ، قرول باغ، نئی دِلّی - ۱۱۰۰۰۵

فون : 5721403, 5738188, 5731546, 2943254

PRICE : 28.00

آسمانی کونسل کا وچار سمت ۲۰۵۶ بکرمی

مطابق سن عیسوی ۲۰۰۰-۱۹۹۹

اِس برس کی سیاسی۔مالی اور سماجی پوزیشن کا گرہوں کے مُطابق وِچار

۱- سمت ۲۰۵۶ بکرمی کے مالک برہسپت کی پوزیشن کے مد نظر ناسٹریڈرم وغیرہ کی پیشنگوئیوں کے مطابق اس برس اٹیمی جنگ ممکن نہیں۔البتہ کہیں ٹکراؤ ممکن۔

۲- بھارت کا وقار بڑھے۔نئے ترقیاتی پروگرام بنیں۔دُنیا میں قایمی اَمن کیلئے بھارت کا خاص رول۔

۳- اپریل ۱۹۹۹ء سے ۲۲/اگست ۱۹۹۹ء کے دَوران دُنیا میں خاص واقعات رونما ہوں۔

۴- بھارت میں حذف مُخالف کی سرگرمیاں برسر اِقتدار پارٹی کو متاثر کریں۔طاقت آزمائی ہونے کی اُمید۔

۵- بھارت کے سربراہ اعلیٰ کیلئے کافی اُلجھنیں۔سیاسی حالات بدلیں۔نئے گٹھ جوڑ ممکن۔سیاسی پارٹیاں دوبارہ چناؤ میں کودنے کے لئے مجبور ہوں۔

۶- سمت کے آخر میں سیاسی اُلجھنیں بڑھیں۔دھارمک۔فرقہ وارنہ فسادات سے پریشانی۔سیاست میں خاص اُلٹ پھیر۔

۷- شمالی عِلاقہ جات بنگال۔بہار۔آسام وغیرہ کے کچھ علاقوں کے حالات مرکز کیلئے باعِث تشویش۔اُتر پردیش کے حالات بھی برسر اقتدار پارٹی کیلئے چیلنج

۸- شمالی وجنوبی صُوبوں میں کہیں بھونچال۔سمندری طوفان وغیرہ سے نقصان کی خبریں۔

۹- بھارت کے اِقتصادی سُدھاروں میں تیزی۔نجی کرن سے کچھ سیکٹروں میں خاص فائدے۔بدیشی مُمالک سے بیوپار بڑھے۔

۱۰- بھارت کے وزیر اعظم ودیگر قابل ذِکر سیاسی ہستیوں وپارٹیوں کی گرہ پوزیشن کے بارے خاص وِچار۔

اِس تمام مخلوق میں خالق کی بے نظیر اَور بے اِنتہا طاقت کا عِلم کرانے والے بے شمار تارے اور سیارے اپنی گردِش کی بدولت تمام دُنیا کے مُمالک پر اپنا اثر ڈالتے رہتے ہیں۔ہر سال گرہوں کے مُطابق سنسار کو حرکت میں رکھنے کے لئے گرہوں کی ایک عجیب آسمانی کونسل کا چناؤ ہُوا کرتا ہے۔اِس کونسل میں گرہوں کے اَچھے۔بُرے سوبھاؤ کے مُطابق دُنیا میں اُلٹ پھیر۔اَچھی وبُری واردات وحوادثات دیکھے جاتے ہیں۔ہم اِن گرہوں کا مُطالعہ کرنے کے بعد شُدھ گنت کے ذریعہ حیرت انگیز پیشین گوئیاں کرتے آرہے ہیں۔ہمیں جو کامیابی وشہرت حاصِل ہوتی ہے وہ اُس پروردِگار کی رَہنمائی کا نتیجہ ہے۔سمت ۲۰۵۵ بکرمی میں جو پیشین گوئیاں ہم نے کی تھیں وہ بالکل صحیح ثابت ہوئیں۔اِس سے پہلے سالوں میں بھی بہت سی حیران کُن پیشینگوئیاں ہم اِس جنتری میں کرچکے ہیں جس سے اِس جنتری کو بھگوان کی کرپا سے بے حد شُہرت حاصِل ہُوئی ہے۔یہ ہمارے ناظرین اَچھی طرح جانتے ہیں۔جگہ کی کمی ہونے کی وجہ سے یہاں پر صحیح ثابت ہوئیں تمام پیشینگوئیوں کا ذِکر کرنا مُمکن نہیں ہے۔اِس لئے اب ہم ۲۰۵۶ بکرمی میں ہونے والے سیاسی۔سماجی دھارمک حالات کے بارے گرہ چال کے مطابق مختصر میں درج کرتے ہیں۔مُلاحظہ فرمایئے۔

سمت ۲۰۵۶ بکرمی کی گرہ چال کے مُطابق سنسار کے حالات

سمت ۲۰۵۶ بکرمی میں گرہ پریشد کے ۱۰ عہدیداران میں سے چار عہدے کرور (غصیلے) گرہوں کو اَور چھ عہدے شُبھ گرہوں کو حاصل ہوئے ہیں۔سمت کے راجہ دیوتاؤں کے گورو برہسپت ہیں جو کہ دُنیا میں بھیانک جنگ کے امکانات کو کمزور کریں گے اور دُنیا بھر میں اَمن وچین کا ماحول قائم کرنے کی کوشش کریں گے۔گرہ چال کا مُطالعہ کرنے سے اِشارے مِلتے ہیں کہ اِس برس دُرگیش یعنی محکمہ جات دِفاع وافواج منگل کے پاس ہونے کی وجہ سے کچھ مسلم مُمالک میں بھیانک جنگ کے حالات بنیں گے۔کہیں خانہ جنگی تو کہیں اَفواج کا حکومت چھین لینا مُمکن ہے۔پاکستان۔اِیران وافغانستان وغیرہ مُمالک اَیسے واقعات سے متاثر ہوسکتے ہیں۔لیکن کچھ بڑے مُمالک جن میں بھارت

بھی شامل ہوگا امن کی بحالی کے لئے سرگرم رہیں گے۔ راکششوں کے گورو شکر کو اِس برس زراعت۔ تجارت و خزانہ کے تین اہم محکمہ جات حاصِل ہوئے ہیں۔ اِس لئے دُنیا کے امیر ممالک، ترقی پذیر چھوٹے مُمالک پر ناجائز اِقتصادی و تجارتی پابندیاں عائد کر کے اپنا دباؤ بنائے رکھیں گے۔ جس کی وجہ سے ایسے بڑے مُلکوں کی اِجارہ داری کو کُچھ ممالک اِتحادی سبھا میں ماننے سے اِنکار کر دیں گے۔ نتیجتاً اِتحادی سبھا کی تشکیل نو کا سوال اُٹھیگا۔ اور کچھ مُلکوں کی طرف سے اِتحادی سبھا سے اپنی ممبر شپ واپس لینے تک کی نوبت آسکتی ہے۔ جس کی وجہ سے اتحادی سبھا پر کسی ایک مُلک کی اِجارہ داری و دباؤ ختم کرنے کا سوال بھی اُٹھیگا۔ اور کچھ ترقی پذیر مُمالک کو طاقت مِلیگی اور کچھ نئے مُلکوں کو اِتحادی سبھا میں نمائندگی حاصِل ہوگی۔

اِس برس ساری گرہ پریشد کے تمام محکمہ جات صِرف پانچ گرہوں (سورج۔ منگل۔ بدھ۔ برہسپت اور شُکر) کو ہی حاصل ہوئے ہیں۔ جن میں سے اہم محکمہ جات برہسپت۔ شُکر اور منگل کے پاس ہیں۔ دھیان دیں:- برہسپت اور شُکر آپس میں دُشمن ہیں جبکہ منگل۔ برہسپت دوست ہیں۔ منگل و شُکر برابر کی حیثیت کے مالک ہیں۔ ایسے حالات میں برہسپت گرہ کا شُکر کے ساتھ تال میل نہ ہونے سے دُنیا کے کچھ ممالک کی پالیسی آپسی ٹکراؤ والی بنے گی۔ تجارتی پالیسی میں خاص تبدیلی ہوگی۔ کچھ بڑے مُمالک کو خاص اقتصادی بحران (دشواریوں) کا سامنا کرنا پڑیگا۔


گرہ پریشد میں میگھیش۔ پھلیش اور دُرگیش۔ یہ تینوں محکمہ جات منگل کو حاصِل ہوئے ہیں۔ منگل جنگ پسند اور مزدور طبقہ کا نمائندہ گرہ ہے۔ اِسلئے کہیں باڑھ و بارِش سے کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچے گا اور کہیں قحط کے حالات پیدا ہوں گے۔ شاستروں کے مطابق جب منگل پھلیش ہو تو پھل۔ پھول کم ہوتے ہیں۔ خوردنی اشیا مہنگی ہوں۔ رعایا میں ایڈز۔ کینسر جیسی خطرناک بیماریوں سے تکلیف دہ حالات بنیں۔ کچھ ممالک میں جنگ کا خطرہ پیدا ہو۔ جس کی وجہ سے پڑوسی ممالک میں غیر ضروری اُلجھنیں پیدا ہونگی۔ مگر برس کا راجہ برہسپت ہونے کی وجہ سے بین الاقوامی و علاقائی مداخلت سے حالت قابو میں آجاوینگے۔

اِس برس کے چار ستونوں کے وِچار سے پانی کا ستون ہے ہی نہیں۔ گھاس کا ستون صِرف ۶ فیصدی ہے۔ اناج و ہوا کے ستون ضرورت کے مُطابق ہیں۔ ظاہر ہے کہ کسی مُلک میں خوفناک قحط کے حالات بنیں۔ کہیں گیس کے اِخراج (لیک ہونے) سے وکسی طرح آب و ہوا کی آلودگی اور طوفان وغیرہ سے جانی و مالی نقصان ہو۔

قِلعوں کے وِچار سے۔ اُکھشے۔ تیج کو روہنی پچھتر صرف تین فیصدی ہے۔ دوسرا قِلعہ ۲۳ فیصد ہے۔ جبکہ تیسرا قلعہ موجود ہی نہیں۔ صِرف چوتھا قلعہ ہی ۷۰ فیصد ہے۔ ظاہر ہے کہ اِس برس کی حفاظت کیلئے قِلعوں کے وِچار سے یہ سمت بہت ہی کمزور دِکھائی پڑتا ہے۔ دُنیا کے کچھ مُمالک میں خطرناک جنگ کا ماحول بنے گا۔ کچھ پڑوسی مُلک اُس جنگ میں کود کر حالات کو مزید پیچیدہ و مشکل بنادیں گے۔ مگر اِتحادی سبھا و دیگر تنظیموں و مُمالک کی مُداخلت و ثالثی سے پاکستان و رُوس وغیرہ میں اندرونی حالات قابو میں آسکیں گے۔ اِس برس لنکا۔ کموڈیا۔ اِسرائیل۔ فلسطین۔ اَفغانستان۔ اِیران۔ پاکستان و رُوس وغیرہ میں اندرونی حالات خراب ہوں گے۔ کہیں اندرونی بدامنی اِنقلاب کی شکل حاصل کرے۔ کہیں تبدیلیٔ حکومت و اَفواج کی جانب سے حکومت چھین لینے کی وجہ سے حکمران اعلےٰ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ کہیں دو مُلکوں میں تناؤ پیدا ہونے سے امریکہ وغیرہ مُمالک سیاسی فائدہ حاصِل کریں گے۔ ٹرکی۔ لنکا۔ جاپان۔ امریکہ و کسی مُسلم مُلک میں طوفان۔ چکروات۔ آتش فشاں کے پھٹنے و کہیں زبردست قدرتی تباہی دیکھنے کو ملے گی۔ اِس برس کسی سرکردہ دھارمک و سیاسی شخصیت کے انتقال سے کسی مُلک میں قومی ماتم ہو۔

جگت لگن کنڈلی کے مُطابق دُنیا میں پیش آنے والے واقعات

جگت لگن کنڈلی



سمت ۲۰۵۶ بکرمی میں بیساکھ بدی تریودشی بمُطابق ۱۴ر اپریل ۱۹۹۹ء بروز بدھوار ۱۱ گھنٹہ ۱۶ منٹ (۱۳ر گھڑی ۱۰ ر پل) پر۔ اُتر ابھادرپدا پچھتر۔ اَیندر یوگ اور مین راشی کے چاند کے مِتھن لگن میں۔ سُورج دیوتا میکھ راشی میں داخل ہونگے۔

جگت لگن کنڈلی میں لگنیش بدھ۔ برہسپت اور چاند کے ساتھ مین راشی میں ہے۔ ظاہر ہے کہ بڑے مُمالک ترقی پذیر مُمالک کو اپنے زیر اثر ہی رکھنا چاہیں گے۔ اِس لئے امریکہ وغیرہ مُمالک اپنی بدنیتی سے کہیں لڑائی بھی شروع کرا سکتے ہیں۔ امریکہ۔ برطانیہ۔ آئرلینڈ۔ پاکستان۔ افغانستان۔ ایران وغیرہ میں کہیں اندرونی بدامنی رہے۔ سرحدی علاقوں میں جنگی ماحول بنے۔ یہ برس کچھ مسلم مُمالک کے لئے خاص اُلجھنیں پیدا کرنے کے ساتھ اُن میں پہلے رونما ہوئے

تاریخی واقعات کو جنم دیگا۔ تقریباً ماہ جیٹھ میں کہیں کسی سرکردہ شخصیت کا اِنتقال ہو۔ شاستروں کے مطابق جگت لگن میں متھن ہونے سے کچھ دیش جنگ کی لپیٹوں میں گھریں۔ مشرق کو اناج کی برآمد ہو۔ مغرب میں کہیں حکومت بدلے اور حکمرانِ اعلےٰ کو پریشانی اُٹھانی پڑے۔

سمت ۲۰۵۶ کی گرہ گوچر کا دُنیا پر اثر

سمت کا راجہ برہسپت سمت کے شروع میں اپنی راشی مین میں مضبوط ہے۔ مگر سمت کے شروع میں ہی اس برس کا وزیر دفاع منگل وکری ہو جاتا ہے۔ اس وقت منگل بدھ اور ورنیکٹیش (پلوٹو) یہ تینوں گرہ اُلٹی چال سے چل رہے رہیں۔ غور رہے کہ سمت کے شروع میں ہی برہسپت اتی چاری حالت میں بھی ہے اور منگل وکری ہو رہا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وسط ایشیا کے مُلکوں و بھارت کے دوست مُلک ایران کو پاکستان کی بدنیتی کی وجہ سے افغانستان کے ساتھ الجھنا پڑ سکتا ہے۔ افغانستان و ایران کے درمیان جنگی ماحول بن جانے پر پاکستان کو بھی طالبان کا ساتھ دینے کے لئے مجبور ہونا پڑیگا۔ نتیجتاً رُوس و وسط ایشیا کے ممالک پاکستان کے خِلاف ہو جائیں گے۔ اگر اِس سمت میں کوئی جنگ ہوتی ہے تو اُس کے پیچھے کسی بڑے مُلک امریکہ وغیرہ کا ہاتھ ہوگا۔ اور ایسی بدنیتی کے نتیجے امریکہ کے لئے بھی نقصان دہ ہونگے۔ امریکہ کی دوغلی پالیسی کی وجہ سے یہ مُلک پاکستان و افغانستان کے راستہ جن قدرتی گیس کے ذخیروں اور معدنی کانوں کی کثرت والے علاقوں تک پہنچنا چاہتے ہیں اِنکے ارادے پایۂ تکمیل نہ ہونگے۔ منگل کی سالانہ دھیمی رفتار (مندگتی) کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ معلوم پڑتا ہے کہ کسی طرح کی لڑائی شروع ہونے پر رُوس و چین دونوں مُلکوں کو ایران کی مدد کرنے پر مجبور ہونا پڑیگا اور یہ ایک بھیانک جنگ کو دعوت دینے کی مانند ہوگا۔

دھیان دیں کہ ناسٹریڈرم کی پیشینگوئی سے ڈری ہوئی جنتا نوٹ کرے کہ ابھی ایٹمی جنگ سے دُنیا کی تباہی ہونے کا یوگ نہیں لیکن اس برس کسی مسلم مُلکوں میں سلگ رہا جنگ کا دُھواں مستقبل میں کسی بڑی جنگ کو دعوت دے سکتا ہے۔

برہسپت تقریباً ۱۶/اپریل تک ہی اتی چاری رہتا ہے۔ اُسکے بعد منگل (مندگتی یعنی دھیمی رفتار سے) ۲۲/اگست تک تُلا راشی میں ہی بنا رہتا ہے۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ تُلا راشی کے منگل کی میکھ راشی میں نیچ کے شنی کے اُوپر مکمل کی نظر رہتی ہے۔ جب بھی منگل مندگتی سے، مندگتی شنی کے ساتھ نظرانہ تعلقات قائم کرتا ہے تو دُنیا میں پہلے رونمانہ ہوئے واقعات جنم لیتے ہیں۔ اس عرصہ میں انگلینڈ۔ لنکا۔ امریکہ۔ چین۔ رُوس۔ جاپان۔ بھارت۔ افغانستان۔ ایران و پاکستان میں کہیں حکومت میں تبدیلی آوے گی۔ دُنیا کے کچھ ممالک میں اِقتصادی حالات پریشان کُن ہو جائیں گے۔ جیوتش کی رُو سے دُنیا کی اقتصادی حالت کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ ترقی پذیر مُمالک میں اِقتصادیات میں نرم پالیسی کو بڑی سمجھداری سے آہستہ آہستہ عمل میں لانے کی ضرورت ہے۔ گرہ چال کے مُطابق امریکہ کی ترقی کی رفتار دھیمی ہونے لگے گی۔ مشرقی ایشیا اور جاپان میں مندہ کی لہر چلے گی۔ سرکردہ صنعتی مُمالک میں تجارتی تناسب غیر متوازن ہوگا۔ جس کی وجہ سے دُنیا میں اِقتصادیات چکنا چور ہو کر رہ جائے گی۔ اِنڈونیشیا۔ کوریا۔ تھائی لینڈ کی کرنسی کے نرخ گر جائیں گے۔ نتیجتاً ایشیائی مُمالک کو بھی ہنگامی حالت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ منگل و شنی کے نظرانہ تعلقات کے دوران ۲۵/مئی کو نیچ شنی کے ساتھ برہسپت کا تعلق قائم ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یورپین مُمالک ترقی پذیر مُلکوں کو اِقتصادی طور پر کمزور رکھنے کے لئے اپنی سہولت کے مُطابق قانون بنائیں گے۔ جس کی کچھ مُمالک مُخالفت بھی کریں گے۔

تقریباً ۱۵/مئی سے ۸/جون تک منگل دھیمی رفتار میں ہے اور بدھ اتی چاری یعنی تیز رفتار۔ کہیں قحط کے حالات بنیں۔ کہیں کسی مُلک کی حکومت میں تبدیلی آوے تو کہیں کسی کافی اہم و سرکردہ شخصیت کے اِنتقال سے صدمہ ہو۔

۱۲/جون کو بُدھ وکری ہو رہا ہے۔ اور ۱۳/جون کو منگلواری اماوس بھی ہے۔ کہیں بھونچال تو کہیں قدرتی آفات سے نُقصان مُمکن ہے۔ کہیں ہوائی حادثہ سے نُقصان ہو۔

۱۶/جولائی کو سُورج کرک راشی میں آکر بُدھ اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ بدھ غروب اور وکری ہے۔ کہیں بھاری بارش اور کہیں زمین کے سرکنے وغیرہ سے نُقصان ہو۔ ۳۰/جولائی کو شکر وکری ہو کر ۸/اگست کو غروب ہو جاتا ہے۔ سنگھ راشی میں موجود شکر حالانکہ کچھ صوبوں میں بارش میں بھاری رُکاوٹ ڈالیگا جس سے کِسان پریشان ہونگے۔ مگر شکر وکری ہونے و اسی دوران ۴/اگست کو بدھ کے مشرق میں طلوع ہونے سے جنوبی بھارت کے کچھ علاقوں میں بھاری باڑھ سے تباہی کا بھی موجب بنے گا۔

۱۱/اگست کو کھگراس سُورج گرہن مکر راشی میں لگ رہا ہے۔ اس لئے مغربی ایشیا کے کچھ مُلکوں کی سیاست میں بھاری ردّوبدل آنے کے اِمکانات بنیں گے۔ تہران اور سعودی عرب کے تعلقات بہتر ہونے سے نئے سمجھوتے واگٹھ جوڑ ہونگے۔

۱۷ر اگست کو منگلوار کے دِن سنکرانتی ہے۔ ۱۸ر اگست کو پلوٹو مارگی ہو رہا ہے۔ ۲۳ر اگست کو منگل برشچک راشی میں آکر شنی۔ برہسپت کے ساتھ شٹاآشٹک یوگ بنائے گا۔ اُدھر شکر وکری حالت میں چلتا ہوا ۲۵ر اگست کو دوبارہ کرک راشی میں داخل ہو کر راہو اور بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ اِسی دِن برہسپت اور ۳۰ر اگست کو شنی بھی وکری ہو رہا ہے۔ یہ گرہ پوزیشن دُنیا کے لئے منحوس ہے۔ اِن دنوں تجارتی حلقوں میں بھاری ردوبدل کے اُمکانات بنیں گے۔ بیرونی مُمالک کے نِظامِ زر (کرنسی) میں قابل ذکر اُتراؤ۔ چڑھاؤ کی وجہ سے شیّروں کے بیوپاری نُقصان میں رہیں گے۔ کہیں جنگی ماحول سے اُمن کو خطرہ بنے۔ ترقی پسندانہ منصوبے ٹھپ ہوں گے۔ پہلے سرمایہ کاری کر چکے مُمالک ایسے حالات میں پریشانی محسوس کریں گے۔ ترقی یافتہ وطاقت ور مُمالک کا گٹ انسانی حقوق کی حفاظت۔ آب وہوائی آلودگی کے خاتمے اور نرم معاشی پالیسی کی آڑ میں ترقی پذیر مُمالک میں اپنا دخل جاری رکھیں گے اور ان کی آزادی کو محدود رکھنے و اُنہیں پسماندہ بنائے رکھنے کے لئے اپنی عیارانہ چالیں چلتے رہیں گے۔ جس کی وجہ سے اُمیر وغریب مُمالک کے درمیان بڑھ رہی کھائی دُنیا کے کچھ مُمالک میں عدم استحکام کی وجہ بنے گی۔ اِس برس میں شنی منگل کا شٹاآشٹک افغانستان۔ فرانس۔ بنگلہ دیش۔ عرب راشٹر۔ اَفریقی مُمالک اور پاکستان کی حکومتوں ومُلکوں کے سربراہوں وسیاست میں تبدیلی کا اِشارہ کرتا ہے۔ کہیں لڑائی کی لپٹیں اُٹھیں۔ کہیں سیاسی قتل ہوں۔ کہیں دھارمک جوش سے شیعہ۔ سُنّی فرقہ وارانہ فسادات سے حالات تشویشناک بنیں۔ نتیجتاً کہیں حکومت میں تبدیلی تو کہیں مُلک کی تقسیم ہونے کا خطرہ پیدا ہوگا۔

ستمبر۔ اکتوبر کی گرہ پوزیشن کے مُطابق منگل۔ راہو کا شٹاآشٹک، شنی۔ منگل کا نوسم۔ پنچم یوگ جاپان۔ ترکی۔ انڈونیشیا۔ بنگلہ دیش اور امریکہ میں کہیں خوفناک بھونچال۔ چکّروات۔ سمندری طوفان وغیرہ سے نُقصان کا اِشارہ کرتا ہے۔ کسی مُلک میں ہوائی حادثہ میں بھی جانی ومالی نُقصان ہوگا۔ کسی بڑے رَہنما کا عہدہ بھی خالی ہوگا۔

نومبر میں بدھ۔ برہسپت۔ شنی۔ راہو۔ کیتو یہ پانچوں گرہ وکری ہیں۔ ۱۸ر نومبر کو منگل مکر راشی میں آکر کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ اور شنی کو خاص نظر سے دیکھے گا۔ اور شنی، منگل گرہ کو خاص نظر سے دیکھنا شروع کردیگا۔ یہ گرہ پوزیشن دُنیا کے مُلکوں کے لئے پھر مُشکلات کو جنم دیگی۔ کسی ملک میں امریکہ وغیرہ مُلکوں کی مکارانہ پالیسی سے لڑائی شروع ہوگی۔ سرحدی عِلاقوں میں ماحول تناؤ بھرا ہوگا۔ چندرماہ کارتک میں پانچ منگلواروں کے ہونے سے کہیں حکومت میں تبدیلی آئیگی۔ کِسی سرکردہ شخصیت کے قتل وانتقال سے صدمہ ہوگا۔ مُسلم مُمالک میں اَندرونی بدامنی وجنگی ماحول سے دُنیا میں بحالئ اُمن کے لئے کام کر رہی سرکردہ تنظیموں کو خبردار رَہنا ہوگا۔ چین۔ افغانستان۔ پاکستان و رُوس اور یورپین مُمالک کیلئے یہ وقت معقول نہیں ہے۔ کہیں زلزلہ سے نُقصان ہو اور کہیں کِسی سرکردہ سیاستدان کو مُشکل حالات کا سامنا کرنا پڑے۔

مگھر شدی پکش (۸ر دسمبر سے ۲۲ر دسمبر) کے دوران تتھی کشے بھی اَندرونی اِنقلاب یا کسی خاص واقعہ کے رونما ہونے سے کہیں حکومت میں تبدیلی کا اِشارہ کرتا ہے۔

۲۷ر دسمبر کو منگل مکر راشی سے باہر ہو کر شنی کی نظر سے اوجھل ہو جائے گا۔ اِسوقت دُنیا کے حالات میں تبدیلی آئیگی۔ سمجھوتوں۔ معاہدوں کیلئے بات چیت ہوگی۔ اور دُنیا میں بحالئ اُمن کیلئے نئی کوششیں ہونگی۔

۱۲ر جنوری (۲۰۰۰ء) کو شنی مارگی ہو کر دُنیا میں اُمن کا ماحول بنائے گا۔ مگر ۱۴ر جنوری کو مکر راشی کے سُورج کے اوپر شنی کی خاص نظر ہونے سے دُنیا کے کسی خاص ملک میں قُدرتی آفات سے نُقصان ہوگا۔ ۲۱ر جنوری ۲۰۰۰ء کو کھگراس چندر گرہن (جو کہ بھارت میں دِکھائی نہ دیگا) یورپ۔ رُوس۔ افریقہ وکھاڑی کے مُلکوں وشمالی۔ جنوبی امریکہ میں کہیں چکّروات، بھونچال، طوفان وغیرہ سے نُقصان کا اِشارہ کرتا ہے۔


۳ر فروری کو منگل مین راشی میں آئے گا۔ ۵ر فروری کو سنیچری اماوس واسی دِن کھنڈ گراس سُورج گرہن (جو کہ بھارت میں دِکھائی نہ دیگا) قطب نما جنوبی کے عِلاقوں وجنوبی کرہ عرض کے مُمالک میں کہیں قدرتی آفات کا اِشارہ کرتا ہے۔ کئی طرح کی خطرناک بیماریوں سے عوام پریشان ہونگے۔

۱۴ر مارچ ۲۰۰۰ء کو منگل میکھ راشی میں آکر شنی کے ساتھ راشی سنبندھ بنائیگا۔ جو کہ سمت کے آخر و کچھ عرصہ بعد تک چلے گا۔ اِس وقت دُنیا کے مُمالک میں نئی گُٹ بندی ہوگی۔ مُختلف مُمالک کو کسی خاص کیمپ میں رکھنے کی خواہش وبڑے مُمالک کی عیارانہ پالیسی سے کچھ مُلکوں میں اندورونی حالات دھماکہ خیز ہونگے اور سرحدوں پر جنگی ماحول بنے گا۔

یورپین مُمالک


یورپین ممالک کی گرہ پوزیشن کے مُطابق یہ برس تشویشناک سیاسی اُلجھنوں والا دِکھائی پڑتا ہے۔ برطانیہ۔ سکاٹ لینڈ۔ آئرلینڈ۔ فِن لینڈ۔ رُوس وغیرہ میں کہیں اندرونی جدوجہد کی وجہ سے خانہ جنگی جیسے حالات بنیں۔ امریکہ کی دوغلی پالیسی کی وجہ سے دنیا میں اَمن کو خطرہ ہے۔ کچھ مُسلم مُمالک کے درمیان جنگ کے بھڑک اُٹھنے میں کسی بڑے یورپی مُلک کا ہاتھ ہونا صاف طور پر محسوس کیا جاویگا۔

ورش کنڈلی یوروپین ممالک



۳۱/دسمبر ۱۹۹۸ء (رات کے ۱۲ بجے)

ورش کنڈلی یوروپین ممالک




۳۱/دسمبر ۱۹۹۹ء (رات کے ۱۲ بجے)

جاپان۔ جرمنی و رُوس وغیرہ میں اِقتصادی بحران پَیدا ہو۔ یورپی ممالک میں یہ بحران ہر جگہ محسوس ہوگا۔ مغربی یورپ میں تجارتی اَشیا کی ایکسپورٹ سے لازمی طور پر تیزی سے ترقی ہوگی۔ برطانیہ میں تجارت میں ترقی کی رفتار کم ہوگی۔ ۳۱/دسمبر ۱۹۹۸ء کی ورش کنڈلی کے مُطابق برطانیہ میں اندرونی اُلجھنیں پیچیدہ ہونگی۔ کچھ عِلاقوں میں بغاوت سر اُٹھائے۔ سکاٹ لینڈ کی آزادی کا سوال سامنے آئے۔ امریکہ کے راشٹرپتی شری کلنٹن کیلئے وقت معقول نہیں۔ سمت ۲۰۵۶ کے تقریباً شروع میں یا جون میں ۱۹۹۹ء سے پہلے ہی شری کلنٹن کو عہدہ چھوڑنے کے لئے مجبور ہونا پڑے۔ ورش کنڈلی میں شنی۔ منگل کا شٹاشٹک یورپ میں کہیں سیاسی قتل کا اِشارہ کرتا ہے۔ کرنسی کا پھیلاؤ بڑھیگا۔ ساحِلی مُمالک میں کہیں خوفناک قدرتی آفات، بھونچال، طوفان وغیرہ سے جانی ومالی نقصان کا بھی یوگ ہے۔

مُسلم مُمالک


۲۸/اپریل ۱۹۹۸ء سے ۱۷/اپریل ۱۹۹۹ء تک کی گرہ پوزیشن کے مُطابق ساتویں گھر میں سُورج۔ شنی۔ منگل کی پوزیشن میکھ نام راشی۔ پردھان مُلک اَفغانستان یا دیگر کسی عرب مُلک میں تشویشناک سیاسی حالات کو جنم دیگی۔ کسی چھوٹے مُلک میں زبردست جنگی حالات سے پڑوسی مُمالک بھی مُحاذ بنانے پر مجبور ہونگے۔ یورپ کے کِسی خاص مُلک کی بدنیتی۔ مُسلم ممالک میں تباہی کا باعث

کنڈلی مُسلم ممالک



۲۸/اپریل ۱۹۹۸ء (بوقت سُورج غروب)

کنڈلی مُسلم ممالک



۱۸/اپریل ۱۹۹۹ء (بوقت سُورج غروب)


بنیگی۔ مَنگلواری غرّہ جنگ سے بھی زیادہ تباہی کا اِشارہ کرتی ہے۔ پاکستان کے اِقتصادی حالات دِن بہ دِن خراب ہوتے جائینگے۔ دہشت گردی بڑھے گی۔ حکومت میں تبدیلی و جمہوری نِظام کے خطرہ میں پڑجانے کے یوگ ہیں۔ پاکستان کے لئے یہ سمت تشویشناک حالات کو لیکر آرہا ہے۔ صوبہ سِندھ میں خانہ جنگی جیسے حالات بنیں۔ یہ مُلک ایک بار پھر تقسیم کی طرف بڑھنے لگے گا۔ گرہ پوزیشن کے مُطابق پاکستان میں فوجی راج کی قائمی ممکن دِکھائی پڑتی ہے۔

ورش کنڈلی میں شنی۔ منگل دونوں ہی ۲۲/اگست ۱۹۹۹ء تک ایک دوسرے کو دیکھتے رہتے ہیں۔ ۱۶/اپریل ۱۹۹۹ء تک برہسپت بھی اَتی چاری رہتا ہے۔ اِس عرصہ کے دوران اَفغانستان۔ ایران و پاکستان میں پہلے سے کبھی نہ ہوئے واقعات ظہور میں آتے دیکھے جائینگے۔ سیاسی اُتھل۔ پتھل و اندرونی بدامنی سے تاریخی واقعات رونما ہونگے۔ بڑے یورپین مُمالک کی عیارانہ چالوں سے اُلجھے ہوئے مُسلم ممالک اَمنِ عالم کو خطرہ پیدا کر سکتے ہیں۔ بنگلہ دیش سے قدرتی آفات اور سیاسی قتل وغارت کی خبریں ملیں گی۔

سمت کے شروع سے ۲۲/اگست تک کہیں قحط کے حالت بنیں۔ کہیں لڑائی کے شروع ہونے سے بدامنی۔ کہیں حکومت میں تبدیلی اور کہیں قدرتی آفات سے جانی مالی نقصان بھی ہوگا۔


سمت ۲۰۵۶ بکرمی کی گرہ پوزیشن کے مُطابق بھارت و بھارت سرکار میں رونما ہونے والے واقعات پر ایک نظر

نو ورش پرویش کنڈلی




(۷/مارچ ۱۹۹۹ء)

کنڈلی آزاد بھارت ۵۲واں برس



(۱۵/اگست ۱۹۹۸ء)

بھارت کا ۵۰واں گن تنتر ورش



(۲۶/جنوری ۱۹۹۹ء)

سمت ۲۰۵۵ بکرمی کے آخری حصہ کی گرہ پوزیشن پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ موجودہ بھاجپا سرکار کو سمت ۲۰۵۶ کے شروع ہونے سے پہلے یا سمت ۲۰۵۶ بکرمی کے پہلے چھ ماہ میں زبردست چکرویو سے نکل پانا مشکل ہوگا۔ سرکردہ رہنما اپنی سوجھ۔ بوجھ سے حالات کو سنبھالنے میں کچھ حد تک کامیاب رہیں گے۔ مگر بھاجپا سرکار کیلئے اپنی معیاد پوری کر پانا ممکن نہیں۔

بھارت کی پربھاؤ راشی مکر ہے۔ سمت شروع ہونے سے پہلے ہی ۱۱/جنوری ۱۹۹۹ء کو مکر راشی میں کیتو کا میل سورج و شکر کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس سوقت نیچ کے شنی کی مکر راشی پر خاص نظر بھی ہے۔ برسر اقتدار پارٹی کیلئے اُلجھنوں سے بھرپور وقت شروع ہو جاتا ہے۔

بھارت کی اقتصادی حالت پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ ایشیائی ممالک میں اقتصادی سنکٹ کا اثر زیادہ ہوگا۔ جنوب مشرق و مشرقی ایشیائی ممالک میں مالی سنکٹ کافی گہرا ہوگا۔ نتیجتاً اِن ممالک کا نظام حکومت ڈگمگا جائے گا۔

نو ورش پرویش کنڈلی میں دوسرے گھر کا مالک برہسپت پانچویں خانہ میں اپنی راشی میں شُبھ ہے۔ اس لئے بھارت اپنے دانشمند رہنماؤں کی زیر سرکردگی اِس سنکٹ پر قابو پالیگا۔ تجارتی کھلے پن اور نجی کرن کی پالیسی سے ہی آگے مالی حالت میں سُدھار آنا شروع ہوگا۔

گوچر گرہ پوزیشن کے مُطابق سمت شروع میں ہی سمت کا وزیر دفاع (کرور گرہ) منگل وکری ہو رہا ہے۔ اور برہسپت (شُبھ گرہ) سمت کے شروع میں ہی اُتی چاری ہو رہا ہے۔ سمت کے شروع سے ہی شنی۔ منگل کا سم۔ سپتک یوگ ۲۲/اگست تک چلے گا۔ یہ وقت مرکزی حکومت کے سامنے خاص اُلجھنیں لاکر کھڑی کر دیگا۔ اور حکوت کو ۱۶/اپریل ۱۹۹۹ء تک اِن اُلجھنوں کو سُلجھانا مشکل ہو جائے گا۔ بھارتی سیاست میں پریشان کن واقعات پیش آئیں گے۔ سیاسی پارٹیاں نئے گٹھ جوڑ قائم کریں گی۔ توڑ، پھوڑ، جوڑ کی پالیسی زور پکڑے گی اور حکومتی پارٹی کے ساتھی ساتھ چھوڑنے لگیں گے۔ حیرانی نہ ہوگی اگر اس عرصہ کے دوران کوئی خاص سیاسی تبدیلی دیکھنے کو ملے۔

۱۵/مئی سے ۸/جون تک منگل دھیمی رفتار سے چل رہا ہے۔ اور بدھ اُتی چاری ہے۔ شمال مشرق میں اندرونی سیکیورٹی نظام میں کچھ کمی محسوس کی جاویگی۔ آتنک واد پھر سے سر اُٹھاتا دکھائی دیگا۔ دلّی میں دھماکوں کے واقعات سے پریشانی پیدا ہوگی۔ بہار میں جرائم بڑھیں گے اور اقتصادی بدنظمی دکھائی دیگی۔ اُتر پردیش میں سیاسی جرائم بڑھیں گے۔ مہاراشٹر۔ تامل ناڈو میں بھی حالات خوشگوار ہونے کی وجہ دکھائی نہیں پڑتی۔

۲۵/مئی کو نیچ کے شنی کے ساتھ برہسپت کا ایک راشی سنبندھ بھی سیاستدانوں میں آپسی تفرقات کی اطلاع دیتا ہے۔ جنوب و شمال میں آگے چل کر بارش کی کمی محسوس کی جاویگی۔ جنوبی و شمالی صوبوں و ملکوں میں کہیں حکومت میں تبدیلی آوے۔ اسوج سے پھاگن تک

کِسی حصہ میں قحط کے حالات بنیں۔ اِس سے پہلے بیساکھ میں گجرات میں حکومت میں تبدیلی آوے۔ ہاڑ و ساون میں کِسی سرکردہ شخصیت کا عُہدہ خالی ہوگا۔ ہاڑ و ساون کے مہینوں میں خاص واقعات رُونما ہوسکتے ہیں۔ کہیں صوبوں میں و مرکزی حکومت میں بھی تبدیلی آسکتی ہے۔

۲۸ر جولائی کا چاند گرہن شیلانگ ۔ اروناچل۔ ناگالینڈ۔ منی پور۔ میزورَم۔ تریپورہ اور آسام کے کچھ حصوں میں دُشمن ملک کی پیدا کردہ سرگرمیوں سے بدامنی کا اشارہ دیتا ہے۔ کیونکہ گرہن مکر راشی والے ملک بھارت پر خاص اَثر کریگا۔ اِسلئے کہیں منتری منڈل میں تبدیلی آوے۔ آگے ۱۱ر اگست کا کھگراس سورج گرہن کرک راشی و سرپ نچھتر (اشلیکھا) میں واقع ہوگا۔ اِسلئے کشمیر۔ پنجاب۔ مدھیہ پردیش۔ اُتر پردیش۔ دِلی۔ آسام۔ مہاراشٹر۔ گجرات وغیرہ میں فسادات و خون خرابہ ہونا ممکن ہے۔ حکومت کو سرحدی عِلاقوں میں ہوشیار رہنا چاہیئے۔

۲۳ر اگست کو منگل برشچک راشی میں آکر شنی۔ برہسپت کے ساتھ شٹاشٹک یوگ بنائیگا۔ اگست سے اکتوبر تک کی گرہ پوزیشن کے مُطابق مرکزی حکومت دوبارہ طاقت آزمائی کی طرف بڑھنے لگے گی۔ سیاسی اَستھِرتا محسوس ہوگی اور مُختلف سیاسی پارٹیاں دوبارہ چناؤ میں کود نے کا مَن بنائیگی۔ کچھ صوبوں میں بھاری باڑھ۔ زلزلہ یا چکروات و ہوائی حادثہ وغیرہ قدرتی آفات سے بھی نُقصان ہوگا۔ اگست سے اکتوبر تک کِسی سرکردہ شخصیت کے وفات پاجانے سے صدمہ ہو۔ کہیں حکومت میں تبدیلی کے یوگ بھی ہیں۔ بھارت سی۔ ٹی۔ بی۔ ٹی پر دستخط اَپنی شرطوں کے مطابق پُر وقار طریقہ سے ہی کریگا۔ امریکی غرُور کے سامنے ہرگز نہ جُھکے گا۔

ماہ نومبر میں بدھ۔ برہسپت۔ شنی۔ راہو۔ کیتو پانچوں گرہوں کا وکری ہونا اور ۱۸ر نومبر کو منگل کا مکر راشی میں کیتو کے ساتھ میل اور شنی منگل کا آپسی نظرانہ تعلق خاص سیاسی واقعات کو جنم دیگا۔ مُختلف سیاسی پارٹیاں اپنے مُفاد کے مدنظر نئے گٹھ جوڑ قائم کرینگی۔ دوبارہ چناؤ کے حالات بنیں۔ اگر اس وقت چناؤ ہوئے تو دوبارہ ملی جُلی سرکار ہی بن پائے گی۔ جو کہ پھر سیاسی استحکام نہ دے پائے گی۔ اسوقت بین الاقوامی و عِلاقائی حالات کی وجہ سے مرکزی سرکار کے سامنے ازحد نازک حالات پیدا ہونگے۔ جن کا حل صِرف حکمران پارٹی ہی نہیں بلکہ پوری پارلیمنٹ مِل کر ہی کرپائے گی۔ اِس برس کے آخری دِنوں میں سرحدی صوبوں میں افواج کو چوکس رکھنا ہوگا۔ مُخالف ملک پاکستان کے بُرے ارادوں اور سرحدوں پر اُس کی طرف سے غیر اعلانیہ جنگ کا مُنہ توڑ جواب دینا ہوگا۔

آگے چل کر چاند ماہ ماگھ (جنوری۔ فروری) میں پانچ سنیچروار۔ پھاگن میں پانچ منگلوار ہونے سے کہیں ہوائی حادثہ و کہیں زلزلہ وغیرہ قدرتی آفات۔ آگ زنی۔ غیر پسندیدہ سیاسی واقعات و کِسی سرکردہ شخصیت کے اِنتقال کا اِشارہ ملتا ہے۔

۱۴ر مارچ ۲۰۰۰ء کو منگل میکھ راشی میں آکر شنی کے ساتھ راشی سنبندھ بنائے گا۔ سرحدی صوبوں و دنیا کے کِسی ملک میں خوفناک جنگ کا ماحول بنے گا۔ اِس وقت بھارت کی سیاست میں بھی خاص واقعات پیش آئیں گے۔ کہیں قتل یا دھماکہ وغیرہ سے کِسی اہم شخصیت کا عہدہ خالی ہو۔

آزاد بھارت کے ۵۲ ویں وَرش لگن کی گرہ پوزیشن کے مُطابق لگن کا مالک بدھ دھن کے خانہ میں غروب ہے اور نیچ کے منگل کے ساتھ دھن کے خانہ میں سورج بھی ہے۔ گرہ پوزیشن سے اِشارہ ملتا ہے کہ پچھلے برس اَیٹمی تجربات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بھارت کے خِلاف عائد کی گئیں مالی پابندیاں مزید سخت ہوسکیں گی۔ جس کی وجہ سے ترقیاتی کاموں میں پیش قدمی کی رفتار مدھم پڑجائیگی۔ مگر تیسرے گھر میں راہو کی موجودگی بھارت کو اپنی ہستی اور وقار بنائے رکھنے کے لئے اِرادے کی مضبوطی کو ظاہر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہر طرح کے حالات میں پیش قدمی جاری رکھنے کے لئے پروگرام بنیں گے۔

آزاد بھارت کی وَرش کُنڈلی میں کرمیش برہسپت کرم ستھان میں ہی ہے۔ مگر بھاگیش شنی آمدن کے خانہ میں نیچ ہے۔ اِس لئے بھارت کے تجارتی حلقہ میں اِضافہ ہوگا۔ مُمالک غیر سے تجارتی تعلقات بڑھینگے۔ نئے ادارے قائم ہوں گے۔ بھارت کی طرف سے جنوبی ایشیا کے مُمالک میں اِقتصادی برابری لانے کے پروگرام شروع کرنے اور جنوبی ایشیا کو آزاد تجارتی خطہ بنانے کے لئے کوششیں، ایک ترقی پسندانہ قدم ہوگا۔ بجلی کے سیکٹر میں امریکی و یورپین کمپنیاں سرمایہ کاری کرینگی۔ جس سے مُلک ترقی کریگا۔


دھیان دیں۔ گوچر گرہ پوزیشن کے مُطابق بھارت کے سامنے کئی طرح کی اِقتصادی و سیاسی مُشکلات ہونے کے باوجود۔ بھارت آگے نئی صدی میں خاص ترقی کے راہ پر گامزن رہے گا اور بھارت دُنیا میں بین الاقوامی طاقت کے طور پر اُبھریگا۔ جبکہ امریکہ وغیرہ طاقتور مُمالک اپنی شان کی شام کو دیکھ رہے ہونگے۔

بھارت کے ۵۰ ویں گن تنتر ورش لگن کے مُطابق لگن کا مالک شُکر پانچویں خانہ میں دوست خانہ میں ہے۔ منتھیش منگل کا شنی کے ساتھ سم سپتک یوگ بن رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس ورش لگن میں بھارت کو پھر طاقت آزمائی کے لئے تیار رہنا چاہیے۔ مخالف پارٹیوں میں بھی اِکٹھے ہونے کا رُجحان بنے گا۔ موجودہ سیاسی حالات میں سیاسی سرگرمیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف بُنیادی اصول رکھنے والی پارٹیاں

وسیاستدان ذاتی مفاد کی خاطر ملکی مفاد کو تِلا نجلی دیتے دِکھائی دینگے۔ مرکز (دِلی) میں بھاجپا کی ساکھ کمزور ہوتی دِکھائی دیگی۔ نتیجتاً آنے والے دِلی۔ راجستھان۔ میزورم اَور مدھیہ پردیش کے چناؤ میں بھاجپا کا اثر کم ہوگا اور کانگرس دوبارہ حرکت میں آتی نظر آئے گی۔ اس کے اَثرات مُستقبل پر ہونگے۔ ری پبلک کنڈلی کے مُطابق مُلک کی سماجی اَور سیاسی زِندگی میں ذات۔ پات کا زہر گھول کر اَپنا اُلو سیدھا کرنے والی پارٹیاں آگے کامیاب نہ ہو سکیں گی۔

بھارت کی سرکردہ سیاسی پارٹیاں اَور رَہنُما


جنم کنڈلی بھارتیہ جنتا پارٹی




بھارتیہ جنتا پارٹی۔ گوچر گرہ پوزیشن کے مُطابق نیچ شنی اَور شنی منگل کا سم سپتک اِس برس بھاجپا کے لئے نہایت مُشکل حالات پیدا کریں گے۔ کیونکہ بھاجپا کی جنم کُنڈلی میں شنی بھاگیش ہے۔ اِس برس سمت کے شروع میں ہی برہسپت کا اَتی چاری ہونا اَور شنی منگل کا سم سپتک یوگ ہونے سے اِس پارٹی کو حِذب مخالف کا سخت مقابلہ کرنا پڑیگا۔ جس سے اس پارٹی کے وقار کو ضرب پہنچے گی۔ کچھ صوبوں میں اِس پارٹی کو ہار کا مُنہ دیکھنا پڑیگا۔ مئی درمیان سے لگ بھگ جون درمیان تک جیٹھ اِدھک (مل) ماہ ہونے سے برسرِ اقتدار پارٹی کو بھاری اُلجھنوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ گوچر گرہ پوزیشن کے مُطابق بھاجپا کا اگست ۱۹۹۹ء تک حِذب مخالف کے چکّرویو سے نکلنا مُشکل دِکھائی پڑتا ہے۔

شری اٹل بہاری باجپائی جی

جنم کنڈلی شری اٹل بہاری باجپائی



شری اٹل بہاری باجپائی پردھان منتری



عہدہ کا حلف اٹھانے کے وقت کی کنڈلی

شری باجپائی جی کی مِل سکی جنم کُنڈلی کی گرہ پوزیشن کے مُطابق راہو کی مہادشا میں شُکر کا اَنتر یکم جنوری ۱۹۹۹ء تک چلے گا۔ جنم کُنڈلی میں شُکر کا نیچ کے چاند کے ساتھ دوسرے خانہ میں میل ہے۔ شُکر لگن کا مالک ہو کر آٹھویں گھر میں ہے۔ تقریباً اس وقت تک شری باجپائی ساتھی پارٹیوں کی مُفاد پرستی سے تنگ آجاویں گے اَور اُس کے بعد آمدن گھر کے مالک سُورج اَور چاند کی اَنتر دِشائیں سیاست سے سنیاس کی طرف لے جانے والی ہیں۔ گوچر گرہ پوزیشن کے مُطابق ۲۶/ مئی ۱۹۹۹ء سے پہلے سیاسی حالات کچھ اِس طرح سے پیچیدہ ہو جائیں گے کہ ساتھی پارٹیاں ساتھ نہ دینگی۔ تب مخالف پارٹیوں کے سرکردہ رَہنُماؤں میں اِقتدار کی بھوک اُنہیں مختلف اُصولوں والی پارٹیوں کے ساتھ تال میل کر کے حکومت پر قابض ہونے کے لئے مجبور کر دیگی۔ جن میں کانگرس پارٹی سب سے آگے ہوگی۔ یہ کھیل ۲۸/ اگست ۱۹۹۹ء تک چل سکتا ہے۔ اَلبتہ اگر اَٹل جی سیاست کے میدان میں ڈٹے رہتے ہیں تو دیش مارچ ۲۰۰۰ء تک اُنکے وَسیع سیاسی تجربات سے فائدہ حاصل کرتا رہیگا۔ اُس وقت دُوسری پارٹیاں حکومت پر قابض ہونے کا خیال چھوڑ کر چناؤ میں اُترنا ہی بہتر خیال کریں گی۔ اگلے چناؤ ۲۰۰۰ء کے پہلے چھ ماہ میں ہی ہونے کا یوگ ہے۔

پردھان منتری شری اٹل بہاری باجپائی جی کی حلف اُٹھانے کے وقت کی کُنڈلی کے مُطابق ۱۹/ مارچ ۱۹۹۸ء کو دِلی میں صُبح ۹ بج کر ۳۷ مِنٹ پر برکھ لگن میں پردھان منتری کے عہدہ کا حلف اُٹھایا ہے۔ اِس وقت انورادھا نِکھتر۔ وَجر یوگ اَور نیچ میں چاند ہے۔ شنی نومیش اَور دشمیش ہے جو کہ آج کل گوچر میں نیچ اَور وکری ہے۔ ۲۹/ دسمبر ۱۹۹۸ء تک ساتھی پارٹیاں پردھان منتری جی کا مُکمل ساتھ نہ دیکر ان کی کام کرنے کی اَہلیت کو کم کریں گی۔ ۱۲/ جنوری ۱۹۹۹ء کے بعد مین راشی کا برہسپت انہیں کچھ مزید طاقتور بنا سکتا ہے۔ لیکن بجٹ سیشن کے دوران حِذب مخالف عیارانہ چالوں سے بھارتیہ جنتا پارٹی سے حکومت چھیننے کے لئے جوڑ۔ توڑ اَور مختلف پارٹیوں میں عجیب و غریب گٹھ جوڑ قائم کرنے کی پالیسی جاری رکھے گا۔ جس کی وجہ سے بھارتیہ جنتا پارٹی کو مئی۔ جون تک خاص عیارانہ پالیسی کا سامنا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر حکومت


کا چھِن جانا کوئی حیران کن بات نہ ہوگی۔

کانگرس:- کانگرس کی قائمی کے وقت کی کُنڈلی کے مُطابق شنی نیچ ہے۔ جو کہ گوچر میں بھی نیچ ہی چل رہا ہے۔ کانگرس کی پالیسی میں کوئی بڑی کمی رہنے سے یہ پارٹی مکمل طور پر پہلے جیسا درجہ حاصل نہ کر سکیگی۔ اگلے چناؤ میں بڑی پارٹی ہونے پر بھی اقتدار میں آنا ممکن نہ ہو سکیگا۔ مگر برہسپت کا نیچ شنی کے ساتھ میل ہونے پر (تقریباً مئی ۱۹۹۹ء کے بعد) اس پارٹی کو دوبارہ عوام کی حمایت حاصل ہونے لگے گی۔ مگر کچھ خاص مدعوں کو لیکر کچھ رہنما مختلف خیال اپنائے رکھینگے۔ جس کی وجہ سے اس میں پھوٹ بھی پڑ سکتی ہے۔

شریمتی سونیا گاندھی:- شریمتی سونیا گاندھی جی کی مِل سکی جنم کُنڈلی میں بھاگیش برہسپت دشمن کے خانہ میں ہے اور کرمیش منگل چھٹے خانہ میں ہے۔ گوچر میں کرم ستھان میں نیچ شنی اِنہیں اِس قابل نہیں بناتا کہ یہ پارٹی میں دوبارہ جان ڈالنے کیلئے کوئی حیران کُن کارنامہ کر پائیں گی۔ لگنیش چاند بارہویں خانہ میں ہونے سے اِن کی خود اعتمادی کو کمزور کریگا۔ مگر پھر بھی پارٹی کا وقار پچھلے برسوں کی نسبت بہتر ہوتا دِکھائی پڑیگا۔

شنی۔ برہسپت اور راہو کی گوچر پوزیشن کے مُطابق یہ صاف دِکھائی دیتا ہے۔ کہ اب خیرات بانٹنے کی سیاست کے دِن ختم ہو چکے ہیں۔ اب بھیک نہیں، پارٹی میں حصہ داری کا اصول ہی اپنانا پڑیگا۔ ورنہ کوئی بھی پارٹی اپنے سماجی آدھار کو قومی سطح تک حاصل نہ کر پائے گی۔

جنم کنڈلی شریمتی سونیا گاندھی



بھارت کے کچھ صوبے

پنجاب:- پربھاؤ راشی مین اور نام راشی کنیا ہے۔ ۱۱ر جنوری ۱۹۹۹ء سے مئی تک اس صوبہ میں قابلِ ذِکر ترقیاتی پروگرام بینگے۔ اپریل ۱۹۹۹ء کے قریب یہاں خاص دھارمک اور سماجک پروگراموں سے خالصہ پنتھ کے پاک پوتر اور ترقی پسندانہ اصول دُنیا بھر کا دھیان اپنی طرف کھینچیں گے۔ ایسے دِکھائی پڑتا ہے کہ پنجاب سے اُبھرتا ہوا خالصہ پنتھ دُنیا بھر میں سچائی اور حق و انصاف کے پھیلاؤ کے لئے منبع بن رہا ہے۔ ایسے پروگرام رہنمائے اعلےٰ کے وقار میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ میکھ راشی کا شنی اس صوبہ میں نئے ترقیاتی پروگراموں کو عمل میں لانے میں رُکاوٹ ڈالتا دِکھائی دیتا ہے۔ اس برس خاص خرچ ہونے کا یوگ ہے۔ اکالی۔ بھاجپا گٹھ جوڑ کے جون ۱۹۹۹ء تک کمزور ہونے کے یوگ ہیں۔ سرکار کی عوام کو نظر انداز کر دینے کی پالیسی کسان طبقہ میں بے اطمینانی پیدا کرے گی۔ اِنتہا پسندی کی موجودگی کہیں کہیں محسوس ہوگی۔ مگر انتظامیہ اِسے دبا دینے میں کامیاب رہے گی۔ سال کے آخر میں چھ ماہ رہنمائے اعلےٰ کے لئے مُشکل حالات والے ہیں۔

ہریانہ:- نام راشی مِتھن ہے۔ نیچ شنی کی مِتھن راشی کے اُوپر نظر ہے۔ رہنمائے اعلےٰ کو اپنی ہی پارٹی کے لوگوں سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ یہاں جرائم اور انتہا پسندی کے اثرات دِکھائی دینگے۔ جنہیں دبانا ضروری ہے ورنہ حکومت کے وقار کو ٹھیس پہنچے گی اور مخالف پارٹیاں مضبوط ہونگی۔ اگست ۱۹۹۹ء تک کا وقت یہاں کے لئے مُشکلات والا ہے۔ کئی طرح کی مُشکلات و اندرونی مخالفت کے باوجود یہاں درمیانہ درجہ کی صنعت کو ترقی ملے گی۔ یہاں کا کسان حکمرانوں سے خاص خوش نہ رہے گا۔ جس کے دُور رس نتائج ہونگے۔ مہنگائی۔ بجلی سنکٹ اور آبپاشی کے لئے پانی کا مسئلہ حل نہ ہونے کی وجہ سے عوام میں غصہ بڑھیگا۔

دِلی:- پربھاؤ راشی مکر ہے۔ ریپبلک کُنڈلی کی گذشتہ اور گوچر گرہ پوزیشن کے مطابق اس علاقہ میں بھارتی جنتا پارٹی کی ساکھ کمزور ہوتی دِکھائی دیگی۔ وِدھان سبھا کے چناؤ میں موجود حکمرانوں کو کافی مُشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ اشیاء ضروری میں غیر واجب مہنگائی آنے سے عوام ناراض ہونگے۔ لاقانونی اور دھماکوں وغیرہ سے نُقصان ہو۔ سمت ۲۰۵۶ بکرمی کا اگست تک و مارچ ۲۰۰۰ء سے آخر تک کا عرصہ حکمران پارٹی کے لئے آزمائش کی گھڑی ہے۔

ہماچل پردیش:- پربھاؤ راشی مین ہے۔ سمت کے شروع میں ہی برہسپت مین راشی میں ہے۔ موجودہ حکمرانوں کو اس برس میں خاص کامیابی حاصل ہوگی۔ عوام پر بھاجپا سرکار کا اچھا اثر رہیگا۔ مگر مئی ۱۹۹۹ء کے بعد سیاست میں نئی کشمکش شروع ہوگی۔ گٹھ جوڑوں کی مجبوریوں سے سرکار کی اَہلیت متاثر ہوگی۔ سرکاری مُلازمین میں ناراضگی بڑھے۔ جس کے دُور رس نتائج ہونگے۔ بجلی پیدا کرنے پر ٹیکس لگے گا۔ سمت ۲۰۵۶ کے آخر میں ۲-۳ ماہ میں بر سر اقتدار گٹھ جوڑ اور حزب مخالف میں نئے گٹھ جوڑ کے اشارے ملیں گے۔ مئی سے ۲۸ر اگست

تک کی گرہ پوزیشن کے مُطابق کہیں زمین دھنسنے۔ بادل پھٹنے اَور زبردست بارِش۔ پانی وغیرہ قدرتی آفات سے نُقصان ہَونے کے آثار بنیں گے۔

اُتر پردیش:- پربھاؤ راشی دھن ہے۔ یہاں کے حکمرانوں کو غیر معمولی حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ماضی میں جرائم سے جُڑے وُزراء سے پیچھا چُھڑانے کے لئے وزیر اعلےٰ کو نئے انتخابات کا سہارا لینا پڑیگا۔ سمت ۲۰۵۵ بکرمی کے آخری دِنوں خاص کر ستمبر ۱۹۹۸ء سے جون ۱۹۹۹ء تک یہاں کی سیاست میں دھماکہ ہوگا اَور حکومت لڑکھڑا جائے گی۔ دَل بدلی یہاں کے وزیر اعلےٰ کے لئے سر درد بنے گی شنی راہو کی گوچر گرہ پوزیشن کے مطابق سمت ۲۰۵٦ بکرمی کے شروع ہونے سے پہلے ہی (ستمبر ۱۹۹۸ء سے ۱۱ر جنوری ۱۹۹۹ء کے درمیان) کوئی قانونی پانسہ پلٹ جانے سے یہاں کی سرکار گر جانے کے یوگ ہیں۔ اُترانچل کی مُخالفت ہَونے پر بھی یہ ۱۹۹۹ء میں وجود میں آجائیگا۔ مہنگائی۔ بے روزگاری۔ بھرشٹاچار اَور سیاسی عدم استحکام سے عوام بھاجپا سرکار سے مُنہ موڑنے لگیں گے۔ جِس کے نتائج مستقبل میں دیکھنے کو ملیں گے۔


جموں کشمیر:- پَر بھاو راشی تُلا کے اُوپر شنی کی نیچ نظر مسئلہ کشمیر کو کچھ مشکل حالت میں ڈالے گی۔ اِنتہا پسندی کے اوپر پہلے کی نِسبت کافی کنٹرول رہے گا۔ مگر پاکستان کی عیارانہ چالوں کی وجہ سے اَمن بھنگ کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔ زبردست طوفان۔ برفباری اَور قدرتی آفات سے کہیں نُقصان ہَو۔ سرحدی علاقوں میں گولہ باری سے اَمَن کو خطرہ لاحق ہو۔

صاحبان دنیا میں اس سال ہونے والے قومی اور بین الاقوامی معاملوں میں جیوتش شاستر کے مطابق اَور پرودِگار کی مہربانی سے جو نیک و بد حالات نظر آئے وہ حاضر خِدمت ہیں۔ لیکن ہوگا کیا یہ تو خود بھگوان ہی جانیں۔ ان کی مایا قدرت کے سامنے کون پیشین گوئی کر سکتا ہے۔

خیر اندیش:-
اِندو شیکھر شرما
مارتنڈ بھون۔ سٹیشن منڈی۔ کورالی۔ ضلع روپڑ۔ پنجاب
فون:- 41277 - 01888

چکر

صُبح اٹھکر شری مارتنڈ عالم جنتری سے اُس وقت کا نچھتر معلوم کریں۔ پھر نیچے دیئے گئے چکر کے مطابق ایک چکر بناویں۔ اُس چکر میں جہاں (۱) لکھا ہے وہاں اُس دِن کی صُبح کا نچھتر لِکھکر۔ اُس سے آگے کے نچھتروں کو ۲۔۳۔۴۔ وغیرہ ہندسوں کی جگہ پر لکھتے ہوئے اَبھجت نچھتر سمیت ۲۸ نچھتروں کو چکر میں لکھیں۔ اب دیکھیں کہ آپکے نام کا نچھتر کہاں پڑا ہے۔ اگر وہ چکر کے اندر ہے تو وہ دِن امن و چین سے گُزریگا۔ کوئی خوشخبری ملے گی۔ اگر نچھتر چکر کے باہر پڑا ہے تو آدھا دِن خوشی میں اور باقی آدھا دن بے چینی و پریشانی میں گُزریگا۔ اگر نام نچھتر ترشول پر پڑا ہو تو وہ تمام دن فضول کے جھگڑوں۔ نقصان۔ حادثہ وغیرہ سے پریشانی والا ہوگا



نوٹ:- اَبھجت نچھتر اُترا کھاڑا اور شرون نچھتر کے درمیان گنا جاتا ہے۔

وِیوپارو ِیمرش ۱۹۹۹ء

قسمت ساتھ دے تو ویوپار میں دن دونی اور رات چوگنی ترقی ہوتی ہے۔اس لئے بیوپار کرنے سے پہلے اپنی گرہ چال پر غور کریں۔ اگر گرہوں کی پوزیشن ترقی دینے والی ہے تو بیوپار بڑھانے کا ارادہ کریں ورنہ بیوپار میں زیادہ پیسہ نہ لگائیں۔ نقصان کا ڈر ہے۔ جو گرہ آپ کی جنم پتری میں ناقص ہے اس گرہ سے تعلق رکھنے والا بیوپار بالکل نہ کریں۔ جو گرہ آپ کی کُنڈلی میں معقول ہو اس گرہ سے تعلق رکھنے والی چیزوں کے بیوپار میں مُنافع ہو سکتا ہے۔

۱۹۹۹ء میں برہسپت۔ شنی۔ راہو۔ منگل۔ یورنیس۔ وینکٹیش (پلوٹو) اور نیپچون وغیرہ گرہوں کی یُتی اور گرہوں کے نظرانہ تعلقات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سال بیوپار میں خاص اُتھل پُتھل والا ہوگا۔

گڑ۔ کھانڈ۔ گھی۔ تیل۔ تلہن اور روئی میں خاص لابھ کے چانس ہیں۔ پچھلے سال کی جنتری میں ہم نے روئی۔ گڑ۔ کھانڈ۔ تیلوانہ اور اناجوں وغیرہ کے بیوپاریوں کو جو وِچار لکھے تھے وہ بالکل صحیح ثابت ہوئے ہیں۔ جو بیوپاری وقت بوقت خط وکتابت کے ذریعہ ہم سے صلاح ومشورہ کرتے رہتے ہیں۔ وہ زبردست نقصان سے بچ کر اچھا منافع لے گئے ہیں۔ اس لئے گرہ چال کے بارے میں ہم اپنے بیوپاریوں کو خاص خاص موقعوں پر ہوشیار کرتے رہتے ہیں اور گرہ چال کے مطابق بیوپار کرنے کا مشورہ دیتے رہتے ہیں۔

اِس سال بھی ہم تیزی مندے کا خلاصہ نیچے درج کر رہے ہیں۔ لیکن بیوپاریوں کو ویوپار کرنے سے پہلے اپنی گرہ چال کا مطالعہ کرالینا ضروری سمجھتے ہیں۔ اور ویوپار کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایتوں کو دھیان میں رکھیں۔ کیونکہ وعدہ بیوپاری اور حاضر بیوپاری ان ہدایتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نقصان سے بچ سکتے ہیں اور منافع حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارے لکھے ہوئے مشورہ کے مطابق اگر وعدہ یا حاضر بیوپار کی لائنیں اُلٹی چلیں تو تازہ مشورہ کے لئے ہم سے رجوع کریں یا سودا کاٹ کر نقصان سے بچیں۔ دُور دراز سے آنے والے بیوپاری ٹیلیفون پر وقت مقرر کر کے آویں یا ایک ماہ کی فیس /۵۰۰ روپے پہلے بھیج کر ٹیلیفون پر تیزی مندی جان سکیں گے۔

وعدہ بیوپاریوں کے لئے ہدایتیں

(۱) ہمیشہ اتنے ہی منافع کی اُمید رکھ کر بیوپار کریں۔ جتنا نُقصان اُٹھانے کی گنجائش ہو۔

(۲) وعدہ بیوپار میں نُقصان کی لِمٹ Limit باندھ کر کام کریں۔ نُقصان میں سودا جلدی ہی کاٹ دینا عقلمندی ہے۔

(۳) بازار کے رُخ کو دیکھ کر وگرہ چال کے مُطابق سب سے پہلے یہ جانچ کرلیں کے یہ وقت فلاں چیز میں موٹی تیزی کا ہے یا موٹی مندی کا ہے۔ اگر تیزی چل رہی ہے تو مشورہ کے ساتھ تیزی سے لابھ لیں۔ اگر گرہ چال مندی کا ہو اور بازار میں بھی موٹی مندی آئے، ویوپار کے وقت بھی مندہ چلے تو ایسے حالات میں خریدیں اور بڑھے بھاؤ میں فروخت کریں۔

(۴) بیوپار کی لہر تیزی کی ہے یا مندی کی۔ یہ جاننے کے لئے خاص چیزوں کے بھاؤ کو دیکھنا چاہئے۔ اگر اِن چیزوں میں تیسرے چوتھے آٹھویں دِن مندہ آئے تو جان لو کہ اِن چیزوں میں مندہ کی لہر ہے۔ اِن کو تیزی کے اُچھالے میں بیچ دو۔ اگر کسی میں تیزی کے بھاؤ بنتے جائیں تو سمجھ لیں کہ تیزی کی لہر چل رہی ہے۔ ایسے وقت میں اگر گرہ چال کے مُطابق بھی تیزی نظر آئے تو تیزی کا بیوپار کر کے لابھ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

(۵) بازار کے خِلاف کبھی کام نہ کریں۔ مان لو کہ آپ نے تیزی کا کام کیا اِدھر سودا کرتے ہی بازار میں مندہ کی لہر چل پڑی تو کسی بھی وقت تیزی کا اُچھالا آنے پر سودا ختم کردو۔ بڑے نُقصان سے بچنے کے لئے مندرجہ بالا باتیں مدنظر رکھیں۔ ہمیشہ گرہ چال اور بازار کے رُخ پر غور فرماتے ہوئے اپنی شُبھ دِشا میں بیوپار سے اُچھا لابھ مل سکتا ہے۔ کھوٹی گرہ چال کے بیوپاریوں کو وعدہ کا بیوپار بھول کر بھی نہیں کرنا چاہئے کیونکہ سٹہ تو سِتارے کا دوست ہے۔ موقعہ بہ موقعہ ہم سے خط کتابت کے ذریعہ

مشورہ کر سکتے ہیں۔

اب ہم ہر ماہ میں آنے والا تیزی و مندی کا

خلاصہ نیچے لکھیں گے۔ ہماری بیوپاریوں سے پھر گذارش ہے کہ ہدایتوں کو دھیان میں رکھ کر بیوپار کریں۔ بیوپار میں کسی طرح کا نُقصان ہونے سے ہماری کوئی ذِمہ داری نہ ہوگی۔ نوٹ فرماویں۔

جنوری ۱۹۹۹ء

ماہ کے شروع میں ہی ۲؍جنوری کو بُدھ مُولا نچھتر اَور دھن راشی میں داخِل ہو کر سُورج کے ساتھ راشی سنبندھ بنائے گا۔ اس وقت منگل کی سُورج۔ بُدھ کے اُوپر خاص نظر بھی ہوگی۔ حالانکہ اکیلا دھن راشی کا بدھ بازاروں میں مندہ بناتا ہے۔ لیکن جب بدھ سورج کے ساتھ یوگ کرتا ہے تو یہ تیزی بنانے والا ہو جاتا ہے۔ یہاں تو اِس کے اُوپر منگل کی نظر بھی ہے۔ اس لئے یہ یوگ مکمل طور پر تیزی کا ہی کہا جائے گا۔ رُوئی۔ کپاس۔ سُوت۔ چاندی۔ سونا۔ دالوانہ وغیرہ اناج ارنڈ۔ السی۔ مونگ پھلی۔ بنولہ۔ ہلدی۔ کالی مرچ اَور شیئر بازاروں میں تیزی کا رُخ رہے گا۔

یکم سے ۶؍جنوری تک بازار کا رُخ دیکھ کر تیزی مندی لگا کر لابھ لیں۔ ۲۔ ۳۔ جنوری کو وعدہ بازار تیز ہی رہیں گے۔

۷؍جنوری کو شروَن نچھتر کا شُکر ہونے سے چاندی۔ سونا۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ مونگ۔ مُوٹھ۔ اُڑد اَور دیگر اناج مندے رہیں۔ تِل۔ تیل تیز اَور رُوئی میں مندی ہو کر پھر تیزی ہو۔

۱۱؍جنوری کو اُترا کھاڑا کا سُورج اَور پُورباچھتر کا بدھ اُڑد۔ مُونگ۔ چاول۔ چنا۔ گندم۔ گڑ۔ کھانڈ۔ لال شکر۔ کپاس۔ چمڑہ۔ سرسوں۔ سو تلی میں تیزی کرے۔ اِسوقت بنولہ تیز اَور سونا۔ چاندی میں خاص تیزی۔ مندی کے جھٹکے آویں۔

دھیان دیں:- ۱۱؍جنوری کو ہی راہو کرک میں اَور کیتو مکر میں داخِل ہوگا۔ لوہا۔ جستہ۔ تانبہ۔ پیتل۔ سونا و چاندی وغیرہ دھاتیں اَور رُوئی میں پہلے ۶؍ماہ میں مندہ آکر بعد میں بھاری تیزی بنے گی۔ گندم۔ چاول میں تیزی۔ خاص کر جوار میں تیزی بنے۔ گڑ میں بھی تیزی بنے گی۔ بیوپاریوں کو ہدایت ہے کہ رُوئی۔ سُوت۔ کانسا۔ سونا و چاندی کا سٹاک کریں۔ آگے تین ماہ بعد ہی فائدہ حاصِل ہونا شروع ہو جائے گا۔ ۶؍ماہ بعد عُمدہ لابھ ملے گا۔ اِس وقت تازہ مشورہ حاصِل کریں۔

۱۲؍جنوری کو منگل تُلا راشی میں آکر شنی کے ساتھ سم سپتک یوگ بنائے گا۔ اِس وقت شنی۔ منگل دونوں دھیمی رفتار سے چل رہے ہیں۔ رُوئی۔ کپاس۔ سُوت۔ سن۔ پاٹ۔ باردانہ۔ سُورج مکھی۔ بنولہ۔ مونگ پھلی۔ تِل۔ تیل۔ کالی مرچ۔ لال مرچ۔ گڑ۔ کھانڈ۔ گندم۔ اُڑد۔ مونگ وغیرہ اناجوں میں تیزی آتی ہے۔ منگل کے اُوپر شنی کی مکمل نظر ہونے سے یہ تیزی زیادہ زور دار رہے۔

دھیان دیں:- ۱۲؍جنوری کو ہی برہسپت پھر مین راشی میں آرہا ہے۔ اِس لئے یہ رُوئی۔ نرما۔ کپاس میں پہلے ۶؍ماہ میں زبردست تیزی بنائے۔ بعد میں مندہ کرے۔ گندم۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ۔ اُڑد۔ مُوٹھ۔ سُپاری۔ ناریل۔ ہاتھی کے دانت سے بنی چیزیں۔ کپُور۔ اَور نمک میں تیزی آتی ہے۔

خاص وِچار:- اِس ماہ میں ۱۱؍جنوری کو راہو کے کرک راشی میں آنے سے رُوئی وغیرہ میں ۶؍ماہ تک مندے کا یوگ ہے۔ فوراً بعد ۱۲؍جنوری کو برہسپت مین راشی میں آکر روئی وغیرہ میں پہلے ۶؍ماہ تیزی کا یوگ بناتا ہے۔ اَیسے حالات میں بذات خُود مِل کر تازہ مشورہ حاصل کریں۔ ورنہ عُمدہ فائدہ حاصِل کرنے کا چانس ہاتھ سے نِکل جاویگا۔ نوٹ کرلیں۔ اِس بارے میں ہم تازہ خاص مشورہ دینا چاہیں گے۔

۱۳؍جنوری کو برہسپت کے مین راشی میں آنے کے ساتھ ہی بُدھ مشرق میں غروب ہو جاتا ہے۔ اناج۔ گھی وغیرہ مندے ہوں۔ رُوئی میں گھٹا۔ بڑھی۔ پہلے تیز۔ درمیان میں مندی اَور آخر میں پھر تیز ہو۔ سونے میں گھٹا۔ بڑھی ہو کر تیزی ہو۔

۱۴؍جنوری کو مکر سنکرانتی ۱۵؍مہورتی اَور ویروار کو لگ رہی ہے۔ اِس وقت راہو۔ شنی۔ منگل کی سُورج کے اُوپر خاص نظر ہے۔ یہ یوگ زور دار تیزی کا اِشارہ کرتا ہے۔ گھی۔ السی۔ ارنڈ۔ بنولہ۔ سویابین۔ مُونگ پھلی۔ تِل۔ سرسوں۔ توریا۔ سُورج مکھی وغیرہ تلہن۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ۔ رُوئی۔ کالی مرچ۔ لال مرچ۔ زیرہ۔ ہینگ۔ دھنیا میں تیزی بنے۔ دالوانہ و دیگر اناجوں میں بھی معمولی تیزی رہے۔ ۱۸-۱۹؍جنوری کے قریب چاول مُونگ۔ مُوٹھ۔ اُڑد۔ جوار۔ باجرہ۔ چاندی۔ سونا۔ رُوئی۔ کپاس میں تیزی رہے۔

۲۲؍جنوری کو بُدھ مکر راشی میں آکر سُورج۔ کیتو کے ساتھ میل کریگا۔ مکر راشی میں مَوجود اِن گرہوں کے اُوپر مہاکرُور گرہ شنی

ومنگل اَور راہو کی خاص نظر ہے۔ اِسوقت رُوئی۔ سونا۔ چاندی۔ دالوانہ۔ تیل۔ تلہنوں۔ گھی ومصالحوں میں تیزی بنے گی۔ اِسوقت رَوز سُورج۔ نیپچیون کی اَنشاآتمک یُتی ہوگی اور شنی اشونی کے دُوسرے چرن میں داخل ہوگا۔ یہ یوگ بھی تیزی کا ہی ہے۔ پھر بھی بازار کے رُخ کو دیکھ کر ہی کام کریں۔

۲۳ر جنوری کو شُکر کُنبھ راشی میں آکر رُوئی۔ چاندی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چنا۔ گندم۔ جَو۔ مونگ۔ جوار۔ باجرہ اَور سفید اَشیا میں مندہ کرے۔ ۲۴ر جنوری کو شرون پچھتر کا سورج بھی گندم۔ جَو۔ چاول۔ رُوئی۔ سُوت۔ سن۔ سونا۔ چاندی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ اَلسی۔ سُپاری اَور لونگ میں تیزی لائے۔

۱۴ر سے ۲۳ر جنوری تک اُتم۔ مدھیم طور پر وعدہ بازاروں میں تیزی رہے گی۔ (خاص کر ۱۳ر جنوری کو دو طرفہ لگاویں، وَیسے ہمارے وِچار سے مندہ بنے) خاص طور پر ۱۴ر سے ۲۲ر تک تیزی چلے۔ روزانہ تیزی۔ مندی والے ۱۴-۱۵اور ۲۲-۲۳ کو تیزی لگاکر فائدہ اٹھاویں۔

۲۸ر جنوری کو شرون پچھتر کا بُدھ اَور سواتی پچھتر کا منگل ہونے سے اُونی کپڑا۔ گندم۔ تل۔ تیل تیز ہوں۔ چاندی میں گھٹا بڑھی اور سونا کچھ مندہ رہے۔ ۲۹ر جنوری کو ست بھِکھا پچھتر کا شُکر۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چاول۔ گھی۔ سرسوں۔ روئی اَور سونا۔ چاندی میں تیزی بناوے۔

۲۹ر جنوری کو اُترا بھادرپدا کے پہلے چرن میں برہسپت آنے سے چاندی میں مندہ ہو۔ سونا۔ رُوئی اَور گندم وغیرہ اناجوں میں تیزی کا رُخ ہے۔ اُترا بھادرپدا کا برہسپت تیزی لانے والا مانا گیا ہے۔

فروری ۱۹۹۹ء

۲ر فروری کو سُورج اَور یُورنیس کی اَنشاآتمک یُتی ہوگی۔ اَور ۴ر فروری کو بُدھ۔ سُورج کا اَنشامیہ تجارتی اَشیا میں تیزی دینے والا ہے۔ ۵ر فروری کو دھنیشٹھا پچھتر کا بُدھ۔ چاول۔ گھی میں تیزی۔ سونا چاندی میں مندہ اَور رُوئی میں گھٹا۔ بڑھی کی اِطلاع دیتا ہے۔

۶ر فروری کو دھنیشٹھا پچھتر میں سُورج ۱۵رِدن میں سونا۔ چاندی۔ مَوتی۔ مَنی وغیرہ جواہرات۔ مونگ۔ مسُور۔ گندم وغیرہ اناجوں وَالسی۔ رُوئی میں تیزی کرے۔

۸ر فروری کو پُوربا بھادرپدا پچھتر کا شُکر رُوئی میں تیزی اَور اناجوں میں مندے کا اِشارہ دیتا ہے۔ ۹ر فروری کو بُدھ کُنبھ راشی میں آکر شُکر کے ساتھ ۱۵ر فروری تک رہے گا۔ اِسوقت زور دار تیزی یا مندے کاری ایکشن آوے گا۔ اگر بازاروں میں تیزی ہو تو تیزی کی لمبی لائین بن سکتی ہے۔ ورنہ مندے کی۔ محتاط رہ کر کام کریں۔ وَیسے تو کُنبھ راشی کا بُدھ اَلسی۔ رُوئی میں مندہ۔ چاندی میں مندہ کے بعد تیزی کرتا ہے۔ گھی۔ تیل۔ رَس۔ گُڑ۔ کھانڈ میں تیزی اَور اناجوں میں نرخ پہلی سطح پر بنے رہیں۔

۱۱ر فروری کو سُورج۔ کیتُو کی اَنشاآتمک یُتی اَور ۱۲ر فروری کو کُنبھ راشی میں سورج کا سنبندھ بُدھ شُکر کے ساتھ بنا رہے گا۔ ۱۲ر فروری کو ہی بُدھ ست بھِکھا پچھتر میں داخل ہو رہا ہے۔ گھی۔ تیل۔ نمک۔ سرسوں۔ مونگ پھلی۔ رائی میں تیزی۔ رُوئی۔ پاٹ۔ اَلسی۔ اِرنڈ۔ گندم وغیرہ اناج۔ گُڑ۔ کھانڈ شُکر میں مندے کا یوگ ہے۔ ۱۴ر فروری کو اُترا بھادرپدا کے دُوسرے چرن میں برہسپت کے آنے پر چاندی مندی۔ سونا۔ رُوئی۔ گندم وغیرہ اناجوں میں تیزی آتی ہے۔

۱۶ر فروری کو منگلواری اماوس کے روز شُکر مین راشی میں داخل ہوگا۔ اِسوقت برہسپت بھی مین راشی میں ہی ہے۔ برہسپت شُکر دُشمن ہیں۔ برہسپت اپنی راشی میں طاقتور ہے۔ اَور شُکر اَپنی اُونچ راشی میں مضبوط ہے۔ اِس وقت بازاروں میں مندے کا بول بالا رہے گا۔ چاندی میں جھٹکے کے ساتھ مندہ بنے۔ اناج۔ سرسوں۔ تیل۔ تمام تلہن اَور گُڑ۔ کھانڈ میں مندہ بنے۔ اِس وقت اگر بازاروں میں مندہ بنتا ہے تو زور دار مندہ بنے۔ محتاط رَہ کر کام کریں۔ یہ تیزی یا مندہ ۱۸ر فروری تک چل سکتا ہے۔

۱۹ر فروری کو شت بھِکھا پچھتر میں سُورج اَور اُترا بھادرپدا پچھتر میں شُکر۔ سُونا۔ سن۔ کپڑا۔ تل۔ تیل۔ اِرنڈ۔ سرسوں۔ ہینگ۔ جاپھل۔ داخ۔ چھوہارا۔ سُونٹھ۔ ہلدی۔ گندم وگُڑ میں تیزی کا اِشارہ کرتا ہے۔ چاندی۔ چاول۔ مَوتی۔ کپُور۔ نمک۔ کھانڈ۔ رُوئی۔ کپاس وغیرہ سفید اَشیا میں مندہ بن سکتا ہے۔

۲۰ر فروری کو پُوربا بھادرپدا کا بُدھ۔ سونا۔ چاندی۔ لوہا اَور اناجوں میں مندہ اَور رُوئی میں گھٹا۔ بڑھی ہونے کا اِشارہ کرتا ہے۔

دھیان دیں:-- ۲۰ر فروری کو ہی بُدھ کے مغرب میں طلوع ہونے پر رُوئی و شیئر بازاروں میں ۱۵ر روز میں مندہ بن سکتا ہے۔

۲۶/ فروری کو مین راشی میں بُدھ کا میل برہسپت اور شُکر کے ساتھ ہوگا۔ رُوئی ۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں مندہ ۔ سونا ۔ چاندی میں گھٹنا۔ بڑھی اور بنولہ میں تیزی بنے گی۔ ۲۸/ فروری کو اُترا بھادر پدا۔ کا بُدھ۔ چاندی میں گھٹنا۔ بڑھی۔ رُوئی۔ گڑ۔ کھانڈ۔ چاول۔ گندم وغیرہ اناجوں میں نرخ پہلے جیسے ہی رہیں گے۔

مارچ ۱۹۹۹ء

ماہ کے شروع سے ہی منگل اور بُدھ دونوں دھیمی رفتار سے چل رہے ہیں۔ شنی منگل کا سم سپتک یوگ چل رہا ہے۔ ایسے حالات میں بازاروں میں تیل۔ بنولہ وغیرہ تلہنوں میں تیزی بنے گی۔ گڑ وغیرہ رس پدارتھوں میں بھی تیزی ہی رہے گی۔

۲/ مارچ کو ریوتی کا شُکر اور ۳/ مارچ کو اُترا بھادر پدا نچھتر کے تیسرے چرن میں برہسپت کی وجہ سے رُوئی۔ کپاس۔ چاندی۔ چاول۔ چندن۔ کپور۔ گڑ۔ کھانڈ۔ گندم۔ شکر اور جواہرات مندے رہیں گے۔ ۴/ مارچ کو پوربا بھادر پدا نچھتر کا سورج ریشم۔ سونا۔ چاندی۔ گندم۔ چنا۔ اُڑد۔ چاول۔ جوار۔ باجرہ۔ گھی۔ سرسوں۔ تل۔ تیل۔ گڑ۔ کھانڈ۔ گنگل اور رُوئی میں کچھ تیزی بنائے گا۔

۶/ مارچ کو شنی اشونی نچھتر کے تیسرے چرن میں آئے گا۔ پیتل۔ تل۔ تیل۔ اُلسی۔ سرسوں۔ گھی۔ چاول۔ جوار۔ برچ۔ سُوت وگندم وغیرہ میں تیزی بنے۔ رُوئی میں کچھ مندہ آکر بعد میں تیزی بنے۔

۱۰/ مارچ کو بُدھ کے وکری ہونے پر بازاروں میں زوردار اُتھل۔ پتھل ہو سکتی ہے۔ اِس لئے وعدہ بیوپاری محتاط رہ کر کام کریں۔ گھی۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں تیزی۔ گندم وغیرہ اناجوں میں تیزی یا مندے کا جھٹکہ آوے۔ رُوئی میں جھٹکے کی تیزی کے بعد مندہ ممکن ہے۔

۱۲/ مارچ کو بُدھ مغرب میں غرُوب ہوگا۔ اِسوقت بُدھ اور منگل دونوں ہی دھیمی رفتار سے چل رہے ہیں۔ برہسپت اَتی چاری چل رہا ہے۔ رُوئی میں زوردار تیزی یا مندی کی لائن بنے۔ ہمیں مندہ معلوم دیتا ہے۔ چاندی تیز رہے۔ شیئر بازاروں میں زوردار تیزی مندی کے جھٹکے آویں۔ خاص کر مندہ رہ سکتا ہے۔ کیونکہ بدھ وکری ہو کر غرُوب ہوا ہے۔ اِس لئے دالوانہ وغیرہ اناجوں میں تیزی بنے گی ایسا وِچار ہے۔ ماہ کے شروع میں ۱۲/ مارچ تک بازار ڈانوا ڈول رہیں گے۔ جب مندہ آوے خریدیں جب تیزی بنے بیچ کر لابھ لیں۔

۱۳/ مارچ کو شُکر میکھ راشی میں آکر نیچ شنی کے ساتھ میل کریگا۔ اِس وقت شنی۔ شُکر کے اُوپر منگل کی مکمل نظر ہے۔ اِس لئے جو۔ چنا۔ گندم۔ اُڑد۔ ارہر۔ مونگ۔ مَوٹھ۔ گھی اور سونا۔ چاندی میں خاص تیزی بنے گی۔ گڑ۔ شکر میں کچھ گھٹنا۔ بڑھی کے بعد تیزی۔ تیل۔ تلہن کے بازار غیر یقینی رہیں۔ مندہ تیزی دونوں چلیں۔

۱۴/ مارچ کو مین راشی کے سُورج کا میل بُدھ۔ برہسپت کے ساتھ ہوگا۔ منگل گرہ بھی وکری ہونے جارہا ہے۔ اِس لئے تل۔ تیل۔ اُلسی۔ سرسوں۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ رُوئی۔ سونا میں تیزی۔ ہر قسم کے اناجوں میں تیزی۔ چاندی میں اچانک مندے کا جھٹکہ آوے۔ ۱۵/ مارچ کو رُوئی۔ گڑ۔ شُکر۔ کھانڈ اور وعدہ بازار میں مندہ بنے۔ ۱۶/ مارچ کو بازار تیز رہیں گے۔ ۱۸/ مارچ کو اُترا بھادر پدا کا سُورج چاول۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ گندم۔ تیل تیز کرے۔ لگ بھگ ۲۱/ مارچ کو وکری بُدھ پوربا بھادر پدا میں آئے گا۔ سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ لوہا اور اناجوں میں مندہ آوے۔ رُوئی میں گھٹنا۔ بڑھی چلے گی۔

۲۲/ مارچ کے قریب برہسپت کے غرُوب ہونے پر رُوئی وغیرہ کے بازاروں میں زوردار مندہ آئے گا۔ ۲۳/ مارچ کو بھرنی نچھتر کا شُکر بھی تیل۔ تلہن ۔ گھی۔ اُڑد۔ ناریل میں مندہ بنائے گا۔

۲۵/ مارچ کو بُدھ کے طلوع ہونے سے رُوئی میں گھٹنا۔ بڑھی کے بعد تیزی دکھائی دیگی۔ گندم۔ گھی۔ تِل اور لال مرچ میں تیزی بنے۔ ۲۵/ مارچ کو وکری بُدھ پھر سے کُنبھ راشی میں آئے گا۔ اُلسی۔ رُوئی میں مندہ بنے۔ چاندی میں مندے کے بعد تیزی۔ گھی۔ تیل۔ تلہن۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ گھی میں تیزی رہے۔

۲۹/ مارچ کو ریوتی کے پہلے چرن میں برہسپت کے آنے پر رُوئی میں خاص گھٹنا۔ بڑھی چلے گی۔ چاندی میں پہلے مندی ہو کر تیزی ہو۔ اناجوں میں بھی مندہ آئے۔

۳۱/ مارچ کو ریوتی نچھتر کا سُورج ۱۴/ دِن میں اُلسی۔ سرسوں۔ ارِنڈ۔ مونگ پھلی۔ لہسن۔ مَوتی۔ لاکھ۔ سجّی۔ رُوئی۔ گندم۔ جو۔ چنا۔ اور چاول میں تیزی بنے گی۔

ایک نظر پھر:۔ ماہ مارچ میں شنی۔ منگل کا نظرانہ تعلق تیل۔ بنولہ۔ سویابین۔ سُورج مُکھی۔ سرسوں وغیرہ اور گھی میں تیزی کا اِشارہ کرتا ہے۔ مارچ ۱۰-۱۲-۱۳-۱۸-۲۵-۲۹ اور ۳۱/ کو وعدہ بازاروں میں زوردار اُتھل۔ پتھل ہوگی۔ بازار کا رُخ دیکھ کر کام کریں۔ لابھ ہوگا۔

دھیان دیں کہ ۱۸/ مارچ کو منگل کے وکری ہونے پر رُوئی سونا۔ چاندی۔ اُلسی۔ تیل۔ تلہن۔ گڑ۔ سونا میں زوردار تیزی کی اُمید ہے۔ اِس وقت تیزی آنے پر سودا سیٹل (Settle) کر کے فائدہ

اُٹھالینا چاہیئے۔ وعدہ بیوپاری اِس دِن کے قریب تیزی لگا کر اچھا لابھ کما سکیں گے۔ ۲۱؍مارچ کو بازاروں میں یکدم مندی آنے کا یوگ ہے۔ ۲۵-۲۶؍مارچ بھی تیزی مندی کے لئے اہم تاریخیں ہیں۔

اپریل ۱۹۹۹ء

ماہ کے شروع میں ہی ۲؍اپریل کے قریب بُدھ مارگی ہو رہا ہے۔ اِسی روز سُورج برہسپت کی اَنشا آتمک یُتی بھی ہو رہی ہے۔ برہسپت اَتی چاری ہے۔ اِسوقت چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد تیزی ہو۔ گیہوں۔ جَو۔ چنا۔ اناج۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی۔ ریشم۔ تیل۔ تلہن۔ کپور۔ چندن۔ اگر وغیرہ خُوشبودار اَشیا وسونا میں تیزی رہے گی۔ کلونجی۔ میتھے۔ دھنیا میں اِس وقت بازار کچھ نرم رہیں گے۔ اِن چیزوں میں مندہ آنے پر سٹاک کر سکتے ہیں۔

۴؍اپریل کو شنی اشونی نچھتر کے چوتھے چرن میں آئے گا۔ اس وقت شنی نیچ (میکھ) راشی میں ہے اور منگل کے ساتھ مکمل آپسی سنبندھ بنا رہا ہے۔ تجارتی اَشیا میں اُتھل۔ پُتھل کی اُمید ہے۔۔ پیتل۔ تل۔ تیل۔ اَلسی۔ سرسوں۔ گھی۔ چاول۔ جوار۔ مرچ۔ سُوت وگندم وغیرہ میں تیزی بنے گی۔ اس وقت میتھے۔ کالی مرچ۔ زیرہ۔ چائے پتی۔ سونف۔ ہلدی وغیرہ میں اچھی تیزی بنے گی۔ اس وقت وعدہ اور شیئر بازار بھی تیز رہیں گے۔

دھیان دیں:- ۴؍اپریل کو کرتکا نچھتر کا شُکر ہو۔ ہینگ۔ رُوئی۔ سوتی کپڑا۔ چاندی۔ سونا۔ ہیرا۔ منی۔ موتی وغیرہ جواہرات میں مندہ کریگا۔ اِس لئے دھیان سے کام کریں۔ خاص کر تیل وتلہن کے بیوپاری محتاط رہ کر کام کریں۔

۷؍اپریل کو برِکھ راشی کے شُکر کے اُوپر منگل کی خاص نظر ہے۔ اس لئے رُوئی۔ کپاس۔ دالوانہ۔ کھل۔ بنولہ۔ گُڑ۔ پاٹ۔ باردانہ۔ چاندی۔ سونا میں اچھی گھٹا۔ بڑھی چلے۔ سٹہ بازار زور پکڑے گا۔ اِسوقت سونا۔ چاندی۔ تیل۔ تلہن۔ زیرہ۔ لال مرچ۔ ہلدی اور چاولوں کے بیوپاری اچھا مُنافع حاصل کر سکیں گے۔ اس وقت سرکار کی طرف سے برآمد۔ درآمد پالیسی کے اعلان سے تجارت میں لین۔ دین بڑھے۔

۹؍اپریل کو شنی غروب ہو جائے گا۔ شنی کھڑی فصلوں کو نُقصان پہنچانے کے لئے سب سے زیادہ مُوثر گرہ مانا جاتا ہے۔ اور بازاروں میں زور دار تیزی۔ مندی کے ری ایکشن بھی لاتا ہے۔ اس لئے شنی کے نیچ راشی میں غروب ہونے پر کپاس۔ رُوئی۔ شیئر بازار اور سونا میں زور دار مندہ بناتا ہے۔ لیکن یہ مندی ٹھہریگی نہیں کیونکہ منگل کی شنی کے اُوپر مکمل نظر ہے۔ اس لئے جلدی ہی سودا کاٹ کر تیزی کی طرف بڑھنا شروع کریں۔ ورنہ نُقصان میں رہیں گے۔

۱۰؍اپریل کو بُدھ مین راشی میں آکر اَتی چاری برہسپت کے ساتھ راشی سنبندھ بنائے گا۔ برہسپت کی راشی میں بُدھ تیزی کارک ہے۔ بُدھ بازاروں میں زوردار گھٹا۔ بڑھی کرنے والا گرہ ہے۔ افواہوں سے بازاروں میں زوردار تیزی۔ مندی آتی ہے۔ ۱۰؍اپریل کے قریب مندے کی اُمید ہونے پر بھی بازار تیزی کی طرف بڑھیں گے۔ اگر بازار مندے ہونے لگیں تو مندہ ہی سمجھ کر کام کریں۔ ہمارے خیال سے تو رُوئی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں مندہ۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے ساتھ پہلے تیزی۔ بعد میں اُتنا ہی مندہ رہے۔ بنولہ تیز رہے گا۔ ۱۲؍اپریل کو رُوئی میں کافی گھٹا۔ بڑھی چلے۔ چاندی میں پہلے مندی۔ پھر تیزی۔ اناجوں میں تیزی بنے۔

۹؍اپریل سے ۱۳؍اپریل تک بیوپاری مندے کا دھیان رکھ کر کام کریں۔

۱۴؍اپریل کو سُورج میکھ راشی میں آکر نیچ شنی (جو کہ اَتی چاری حالت میں آرہا ہے) کے ساتھ میل کرے گا۔ وعدہ بازار پر اس گرہ پوزیشن کا خاص اثر پڑیگا۔ اَلسی۔ اَرنڈ۔ مونگ پھلی۔ تل۔ سویابین۔ سُورج مکھی وغیرہ تلہن۔ سونا۔ چاندی۔ لوہا۔ تانبہ۔ ناریل۔ سُپاری۔ ہینگ۔ سُوت۔ کپڑا۔ میتھی۔ لونگ۔ اِلائچی اور اناجوں میں اچھی تیزی بنے۔ رُوئی۔ گھی۔ ناریل۔ بادام۔ سونف۔ دھنیا میں بھی تیزی بنے۔

(۱۴؍اپریل کو ایک دِن کی تیزی لگا کر لابھ لے سکتے ہیں۔)

۱۵؍اپریل کو اُترا بھادرپدا کا بُدھ اور رَوہنی کا شُکر چاندی۔ سونا وغیرہ دھاتوں۔ اَلسی۔ اَرنڈ۔ سرسوں۔ گھی۔ تیل۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ داکھ۔ چھوہارا۔ سُپاری۔ ناریل اور اُون میں مندہ کرے گا۔

[۱۵-۱۶؍اپریل کو بازار مندے رہیں۔]

۱۷؍اپریل کو سنیچروار کے دِن چندر درشن اور شُکر۔ شنی کی اَنشا آتمک یُتی بھی ہے۔ اِس لئے رُوئی۔ سُوت۔ سونا۔ چاندی۔ سرسوں۔ تیل۔ مونگ پھلی وغیرہ میں اچھی تیزی بن سکتی ہے۔ اِس وقت مجیٹھ۔ نمک اور کسُمبھ میں بھی تیزی بنے۔

۲۱؍اپریل کو برہسپت کے طلوع ہونے پر بازار کا رُخ اچانک بدل سکتا ہے۔ ساودھانی سے کام کریں۔ لیکن برہسپت اَتی چاری ہے۔ اس لئے ہمارے وِچار سے چاندی۔ اناج۔ دالوانہ۔ کپاس۔ رُوئی۔ سُوت۔ شیئر بازار اور مصالحوں میں اچھی تیزی کے ری ایکشن دے گا۔

۲۶؍اپریل کو ریوتی۔ ۱۔ میں بُدھ اور ریوتی ۳ میں برہسپت ہر ایک بازار میں مندہ بنائیں گے۔ کیسر۔ مجیٹھ۔ کسُمبھ۔ لال چندن۔ گیرو۔ لال مرچ۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ تل۔ تیل۔ سرسوں۔ گھی اور چاندی میں اچھا مندہ آکر معمولی تیزی بنے۔

۲۷؍اپریل کو بھرنی نچھتر میں سُورج داخل ہوگا۔ اسی روز شُکر برکشرا نچھتر میں داخل ہوگا۔ اور اسی دِن سُورج۔ شنی کی اَنشا آتمک یُتی بھی ہوگی۔ سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ مُونگا۔ پیتل کے برتن۔ جَو۔ چاول۔ مُوٹھ۔ سرسوں۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی میں

تیزی رہے۔ ۳۰؍اپریل کو شنی بھرنی نچھتر کے پہلے چرن میں آرہا ہے۔ کپاس۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی اَور تیلوں میں تیزی کا ماحول بنے گا۔

مئی ۱۹۹۹ء

مئی ۲؍سے ۴؍تک برہسپت اور راہو کے انشوں میں برابری تجاتی طبقہ خاص کر وعدہ بیوپاریوں کے لئے فائدہ مند چانس بنائے گی۔ اِس وقت تِلہن بازار۔ چاندی۔ سونا۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ اَور شیئر بازار میں خاص اُتھل۔ پُتھل کریں گے زور دار مندہ آتے ہی خریدیں اور تیزی آتے ہی بیچ کر لابھ لیتے رہیں۔

۳؍مئی کو مِتھن راشی کے شُکر کے اُوپر شنی کی خاص نظر ہے۔ اِس لئے رُوئی۔ کپاس۔ سُوت۔ کپڑا۔ جُوٹ۔ باردانہ۔ ارنڈ۔ تیل۔ سرسوں۔ ارہر۔ گوارا وغیرہ میں کافی مندہ آنے کی اُمید ہے۔ لیکن یہ مندہ ٹھہرے گا نہیں فوراً تیزی کی طرف بڑھیں، آگے تیزی بنے گی۔ السی۔ گُڑ۔ گھی میں اچھی تیزی بنے گی۔ گندم۔ چنا۔ چاول۔ میں بھی تیزی بنے گی۔

۴؍مئی کو منگل وکری حالت میں چترا نچھتر میں داخل ہو گا۔ گندم۔ چنا۔ سونا۔ چاندی۔ تانبہ اَور پیتل میں تیزی بنے گی۔

۵؍مئی کو بال گرہ بدھ اشونی نچھتر اَور میکھ راشی میں داخل ہو گا۔ اِس وقت میکھ راشی میں سُورج۔ شنی پہلے سے ہی ہیں۔ اِس طرح میکھ راشی میں موجود سُورج شنی اور بدھ کے اُوپر منگل کی مکمل نظر ہے۔ بیوپاری صاحِبان دھیان دیں:- اِس وقت زبردست تیزی کے چانس ہیں۔ وعدہ یا حاضر بازار کے بیوپاری تیزی کا دھیان رکھ کر کام کریں۔ ورنہ نُقصان میں رہیں گے۔ ممکن ہے آج سے تیزی کی لمبی لائن بنے۔ اِس وقت تازہ مشورہ حاصِل کرنا نہایت بہتر رہے گا۔ بدھ بال گرہ ہے۔ سُورج، شنی، منگل کے زیر اثر اِس کا سوبھاؤ غصہ ور (کرور) ہو گیا ہے۔ جھوٹی۔ سچی افواہوں سے بازاروں میں اتراؤ چڑھاؤ آتے ہیں۔ ہمارے خیال سے میکھ راشی کا بدھ اگرچہ بازاروں میں مندہ کرتا ہے۔ لیکن پھر بھی یہاں مُونگا۔ موتی وغیرہ جواہرات۔ سونا۔ چاندی وغیرہ دھاتیں۔ گندم۔ جَو۔ چنا۔ چاول اور دالوانہ وغیرہ اناج۔ گھی۔ گُڑ۔ کھانڈ میں تیزی کا ہی ماحول رہیگا۔ اِس وقت چاندی کے بیوپاری ازحد محتاط رہ کر کام کریں۔ زور دار مندی و تیزی بنے گی۔

۶؍سے ۸؍مئی تک وعدہ بیوپاری تیزی کے بیوپار سے لابھ لیں۔

۹؍مئی کو آردرا نچھتر کا شُکر گندم وغیرہ بازاروں میں اچانک مندے کا ماحول بنا دیگا۔

۱۱؍مئی کو برہسپت ریوتی کے چوتھے چرن میں اَور سُورج کرتکا نچھتر میں آکر رُوئی میں بہت گھٹا۔ بڑھی کریں گے۔ چاندی میں پہلے مندی پھر تیزی آئے گی۔ لیکن گھی۔ سونا۔ السی۔ ارنڈ وغیرہ تلہن۔ گیہوں۔ جَو۔ چنا۔ مونگ۔ مُوٹھ۔ چاول وغیرہ میں تیزی ہی رہے گی۔ ۱۱؍مئی کو سُورج۔ بدھ کی اَنشاتمک یُتی اَور ۱۲؍مئی کو بدھ کا بھرنی نچھتر میں داخلہ ہو گا۔ اِسوقت بدھ اَتی چاری ہو گیا ہے۔ اَتی چاری بدھ کا خاص اثر تلہن کے بازاروں پر دیکھا گیا ہے۔ بدھ کا میکھ راشی میں شنی کے ساتھ سنبندھ ہے۔ بدھ، شنی کے اُوپر منگل کی نظر ہے۔ اِس لئے تجاری اَشیا میں بھاری تیزی بنے گی۔ اِسوقت چاندی اَور افیم میں زوردار گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندہ بنے گا۔ سونے میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد تیزی بنے۔ ۱۳؍مئی کو بدھ، شنی کی اَنشاتمک یُتی بھی تیزی کریگی۔ گھی۔ اناج۔ تیل۔ تلہن میں زوردار تیزی۔ مندی کے جھٹکے آویں گے۔

۱۵؍مئی کو سُورج برِکھ راشی میں آتا ہے۔ اَور اسی دِن شنی بھی طلوع ہو جاتا ہے۔ برکھ راشی کے سُورج کے اُوپر منگل کی نظر ہے۔ چاندی۔ سونا۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ کپاس۔ رُوئی۔ سُوت۔ بادام۔ سُپاری۔ ناریل۔ تِل۔ تیل۔ سرسوں وغیرہ میں تیزی کا ماحول رہے گا۔ جَو۔ چنا۔ گیہوں۔ مٹر۔ ارہر۔ مُونگ۔ چاول۔ السی۔ سرسوں۔ ارنڈ۔ بنولہ۔ مونگ پھلی میں مندہ بنے۔ دھاتوں کے بیوپاری دھیان دیں کہ لوہا۔ جستہ۔ سیسہ۔ رنگ وغیرہ والی اشیا۔ لکڑی۔ لہسن۔ چاول۔ چائے پتی میں بھی اِسوقت زوردار تیزی بنے گی۔

۱۶؍مئی کو اتوار کے دِن چاند درشن اَور ۴۵ مہورتی کا ہونا مُونگ۔ مُوٹھ۔ اُڑد۔ تل وغیرہ میں تیزی کا اشارہ دیتا ہے۔ ۱۷؍مئی کو راہو کا اشلیکھا کے دُوسرے چرن میں آنا بھی اناجوں اَور تیل و تلہن میں تیزی کی اطلاع دیتا ہے۔ ۱۹؍مئی کو کرتکا نچھتر کا بدھ چاندی میں خاص گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندی کرے۔ اناجوں و رُوئی میں تیزی ہی رہے۔

۲۱؍مئی کو بدھ برکھ راشی میں آتا ہے۔ اسی وقت بدھ اَتی چاری بھی ہے۔ اِسی روز یورینس وکری بھی ہو رہا ہے۔ اِس وقت تیل۔ تلہن۔ گیہوں۔ جَو۔ چنا۔ چاول۔ مٹر۔ کپاس۔ سُوت اَور افیم کے نرخوں میں زوردار تیزی کی اُمید ہے۔ یہ تیزی لمبی بنے۔

۲۵؍مئی کو سُورج اَور بدھ رَوہنی نچھتر میں آویں گے۔ اِس دِن سُورج بدھ کی اَنشاتمک یُتی بھی ہو رہی ہے۔ اِس وقت ہر قسم کے اناجوں۔ تل۔ تیل۔ السی۔ ارنڈ۔ سُورج مکھی۔ مُونگ پھلی۔ سرسوں۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی۔ گندم۔ جَو۔ چنا۔ جوار۔ باجرہ۔ اُون۔ سُوت۔ کپڑا۔ سن۔ سُپاری اَور مرچ میں تیزی بنے۔ چاندی میں بھی تیزی کا ہی ماحول رہے۔ رائی۔ گوار۔ سن۔ اُونی و ریشمی کپڑوں میں مندہ بنے۔ رُوئی میں پہلے تیزی ہو کر پھر مندی ہو۔

۲۶؍مئی کا دِن بیوپاریوں کے لئے نہایت اہم ہے۔ اِس دِن برہسپت تقریباً ۱۵ برس بعد اشونی نچھتر اَور میکھ راشی میں داخل ہو گا۔ اِس وقت برہسپت میکھ راشی میں موجود شنی کے ساتھ "ایک راشی

سنبندھ "بنائے گا۔ شنی۔ برہسپت کے اُوپر اس وقت منگل کی مکمل نظر ہے۔ اِسوقت وعدہ بازاروں میں زور دار گھٹا۔ بڑھی ہو گی۔ ازحد محتاط رہ کر کام کریں۔ ہمارا تجربہ ہے کہ برہسپت تیزی کے اثر کو کم کرتا ہے۔ برہسپت، جب مندی کی راشی، نچھتر میں ہو اور اُسوقت اگر شنی۔ راہو وغیرہ تیزی لانے والے گرہ۔ تیزی لانے والی راشی، نچھتر میں نہ ہوں تو اس وقت بازاروں میں برہسپت گرہ کی وجہ سے تیزی نہ بن کر مندہ ہی آتا ہے۔ تیزی لانے والے گرہ اگر تیزی لانے والی راشی و نچھتر سے تعلق بنائیں تو تیزی کا اثر کم ہی محسوس کیا گیا ہے۔ اِس وقت شنی۔ منگل کا نظرانہ تعلق تیل۔ تلہن۔ اناج اور گُڑ۔ کھانڈ۔ چینی میں تیزی کی اطلاع دیتا ہے۔ اِس لئے تیزی بنے گی۔ مگر بہت بڑی تیزی کی اُمید رکھ کر لمبی تیزی میں نہ پڑیں۔ رُوئی میں ۶۰ - ۷۰ روپے کی گھٹا۔ بڑھی کا چانس ہے۔ مجیٹھ۔ شری پھل۔ مُونگا۔ سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ گُڑ اور ریشمی کپڑوں میں کچھ مندے کے بعد تیزی آئے گی۔ ۲۷ رمئی کو بھرنی نچھتر کا شنی کپاس۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی میں تیزی کریگا۔

۳۰ رمئی کو شُکر کرک راشی میں آکر راہو کے ساتھ میل کریگا۔ اِس وقت سٹہ بازار زور پکڑیگا۔ لوگوں میں خرید کا رُجحان مضبوط ہوگا۔ وعدہ اور سٹہ بازار اُوپر اُٹھیں گے۔ بدیش کو برآمد (ایکسپورٹ) کی پالیسی و بازاروں میں افواہوں سے زبردست تیزی بنے گی۔ سونا۔ چاندی۔ رُوئی۔ السی۔ ارنڈ۔ گھی۔ تِل۔ تیل۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چینی میں زور دار تیزی کے ری ایکشن آویں گے۔ اِسوقت اگر بازار مندے کے بنیں تو مندے سے ہی لابھ ملیگا۔ مگر ہمارا وِچار تیزی کا ہی ہے۔ ۳۱ رمئی کو مرگشرا نچھتر کا بُدھ رُوئی میں تیزی۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندہ گیہوں۔ تِل۔ سرسوں۔ اُڑد میں بازار دو طرفہ چلے۔

جُون ۱۹۹۹ء

ماہ کے شروع میں بازار تیزی کی طرف رہیں گے۔ ۳رجون کو بُدھ مِتھن راشی میں اور شُکر پُکھ میں داخل ہوگا۔ اِس وقت مِتھن راشی میں موجود بُدھ کے اُوپر شنی کی خاص نظر ہو گی۔ اِس وقت بازاروں میں مندے کی افواہوں سے مندے و تیزی کے جھٹکے آویں گے۔ رُوئی۔ سونا۔ چاندی میں مندہ۔ سَن۔ ریشم۔ اُون و اناجوں میں تیزی۔ لاکھ۔ کپڑا۔ کپور۔ پارہ۔ شِنگرف۔ ہینگ۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں مندے کا ماحول رہے۔ دھیان دیں:- کہ اِسوقت بُدھ اَتی چاری ہے۔ اِسلئے بازاروں میں تیزی بھی بن سکتی ہے۔ اِس لئے بازار کے رُخ کو دیکھ کر ہی کام کریں۔

۴رجون کو منگل مارگی ہو رہا ہے۔ شنی کی منگل کے اُوپر مکمل نظر ہے۔ اِس وقت وعدہ بازار کا رُخ بدل جانے کی اُمید ہے۔ جن اَشیا میں وعدہ بازار تیز ہوں وہ مندے ہو جائیں گے۔ جن اَشیا میں مندی تھی وہ تیز ہو جائینگے۔ اِن دِنوں ۳ دِنوں کے بعد رُوئی میں زور دار مندے کا ری ایکشن آسکتا ہے۔ تیل۔ تلہن۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چینی اور چاندی میں تیزی ممکن ہے۔

۷ رجون کو آردرا نچھتر کا بُدھ مغرب میں طلوع ہوگا۔ گیہوں۔ تِل۔ اُڑد۔ جَو۔ چنا۔ مُونگ۔ موٹھ۔ کپاس۔ رُوئی اور شیئر بازاروں میں ۱۵ ردِنوں میں اچھا مندہ بننے کا یوگ ہے۔ ۸رجون کو مرگشرا نچھتر کا سُورج رُوئی۔ سُوت۔ ریشم۔ سَن۔ کپور۔ کستوری۔ چندن۔ سونا۔ چاندی۔ اُڑد۔ مُونگ۔ موٹھ۔ چنا۔ باجرہ۔ السی وغیرہ میں تیزی بنائے گا۔ ۱۲رجون کو برہسپت اشونی ۲ میں آکر رُوئی میں تیزی۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندہ اور اناجوں میں بھی مندہ بنائے گا۔ ۱۴رجون کو پُنروسُو نچھتر کا بُدھ ۸ دِن میں چاندی۔ رُوئی۔ کپاس۔ سُوت۔ اور سَن میں کافی مندی کریگا۔

۱۵رجون کو منگل واری چاند طلوع اور اُسی دِن سُورج کا مِتھن راشی میں داخل ہونا بیوپاریوں کے لئے خاص اہم ہے۔ کیونکہ اِس وقت سُورج بُدھ کے ساتھ راشی سنبندھ بنائے گا اور اِن کے اُوپر شنی کی خاص نظر بھی ہے۔ یہ یوگ وعدہ اور حاضر بازار میں اچھی تیزی سے لابھ دیگا۔ پھل۔ پاٹ۔ باردانہ۔ ریشم۔ سُوت۔ کپاس۔ رُوئی۔ سرسوں۔ لوہا۔ تِل۔ تیل۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ چینی۔ گھی۔ مُونگ۔ اُڑد۔ گیہوں۔ چنا۔ چاول وغیرہ ہر طرح کے اناجوں میں تیزی ہو اور سونا۔ چاندی میں بھی تیزی کا ہی رُجحان رہے گا۔ ۱۶رجون کو اشلیکھا نچھتر کا شُکر ۱۲ ردِنوں میں رُوئی میں کچھ مندی اور تُوار۔ چاول میں بھی اچھی مندی کی اطلاع دیتا ہے۔ لیکن یہاں لائن اُلٹی چل سکتی ہے۔ کیونکہ شُکر۔ راہو دونوں ایک ساتھ ہو کر دونوں ہی اشلیکھا نچھتر میں ہیں۔ اِس لئے اگر یہاں مندہ آتا بھی ہے تو جلدی ہی بازار تیزی میں چلیں گے۔ اِس لئے تیزی کا دھیان رکھ کر بیوپار کریں۔

۲۱رجون کو بُدھ کرک میں آکر شُکر اور راہو کے ساتھ میل کرے گا۔ دھیان دیں:- شُکر اکیلا مندہ لاتا ہے۔ مگر جب شُکر کا میل سُورج کے ساتھ ہو جاتا ہے تو شُکر کمزور ہو کر تیزی کرتا ہے۔ جب شُکر سُورج کے ساتھ بُدھ کا میل ہوتا ہے تو تیزی یا مندی جو بھی بازاروں میں چل رہی ہو اُس کا طوفان آجاتا ہے۔ اِس وقت ازحد محتاط رہ کر کام کریں۔ تیزی۔ مندی گرنتھوں کے مطابق رُوئی میں جھٹکے کی تیزی یا مندی بنے۔ چاندی میں اُچھی تیزی رہے۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چینی۔ تیل۔ مونگ پھلی۔ سرسوں وغیرہ تلہن اور سونے میں پہلے کچھ تیزی بعد میں مندہ رہے۔ لیکن ان دِنوں بُدھ کے کرک میں آتے ہی ہچیون انترا کھاڑا میں آرہا ہے۔ اور ۲۱رجون کو سُورج۔ راہو کی اَنشاتمک یُتی بھی ہو رہی ہے۔ اِس لئے ہمارے وِچار سے تیل۔ تلہن اور دالوانہ میں اچھی تیزی ہی بنے گی۔

۲۲رجون کو آردرا نچھتر میں سُورج کے آنے پر آب وہوا کے وِچار سے

بازاروں میں رڈو بدل ہوگا۔ رُوئی۔ سُوت ۔ کپاس۔ کھل۔ اُلسی۔ ارنڈ۔ مُوتی۔ گیہوں۔ چاول۔ چنا۔ جو۔ اور چاندی میں تیزی آئے۔ ۲۴؍جون کو بُدھ پکھ میں آکر ۱۰؍دِن میں سونا ۔ چاندی میں مندہ ۔ رُوئی میں گھٹا۔ بڑھی سے ۱۰-۱۲؍روپے کی مندی آسکتی ہے۔

۲۷؍جون کو شنی بھرنی ۳ میں آکر کپاس۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی اور تیل میں تیزی کریگا۔ بیوپاری دھیان دیں...... اِس وقت روزانہ کی تیزی۔ مندی کھیلنے والے بیوپاری ۲۷-۲۸؍جون کو تیزی سے لابھ لے سکتے ہیں۔ کیونکہ شنی کے ساتھ برہسپت ہونے سے اگر تیزی تھوڑی آتی ہے تو فوراً مندہ آجائیگا۔ یہ تیزی ٹھہرتی نہیں۔ جب بھی تیزی آوے فوراً لابھ لے کر سودا مکمل کرلیں۔

اِس ماہ میں جون ۴-۱۵-۱۶-۲۱اور ۲۷؍جون کو بازار کے رُخ کو دیکھ کر تیزی۔ مندی لگا کر اچھا لابھ لے سکتے ہیں۔

جولائی ۱۹۹۹ء

ماہ کے شروع میں ہی برہسپت اشونی کے تیسرے چرن میں داخل ہوگا۔ برہسپت میکھ راشی میں شنی کے ساتھ میل کررہا ہے۔ اِن پر منگل کی نظر بھی ہے۔ پیتل۔ تل۔ تیل۔ اُلسی۔ سرسوں۔ گھی۔ چاول۔ جوار۔ مرچ۔ سُوت وگیہوں وغیرہ میں تیزی آوے۔ یہ تیزی ایک ماہ میں اچھی بنے گی اور بعد میں مندہ آوے گا۔

۲؍جولائی کو شُکر مگھا نکشتر میں اور سنگھ راشی میں آکر بارش کی کمی کا اِحساس کرائیگا۔ جسکا اثر بازاروں پر ہوگا۔ سنگھ راشی میں موجود شُکر کے اُوپر برہسپت کی خاص نظر ہے۔ مگر یہ دونوں گرہ ایک دوسرے کے دُشمن ہیں۔ سنگھ راشی کے مالک سُورج کے اُوپر اُس وقت شنی کی خاص نظر ہے۔ سونا۔ تانبہ۔ جو۔ چنا۔ گیہوں۔ مجیٹھ۔ لال چندن۔ لال مرچ۔ لال رنگ کی اشیا۔ گھی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر چینی میں تیزی رہے گی۔ چاندی میں پہلے ۴؍دِن میں جھٹکے کی مندی آسکتی ہے۔ رُوئی میں ۸-۱۰؍دِن میں مندہ آکر بعد میں تیزی بنے۔

دھیان دیں:- سنگھ راشی میں شُکر کا پھلادیش پُرانے گرنتھوں کے آدھار پر دیا گیا ہے۔ ہمارے نئے تجربہ کے مطابق سنگھ راشی کا سُورج بازاروں میں مندہ لاتا ہے۔ شُکر کا خاص اثر گُڑ۔ کھانڈ۔ چاندی۔ سونا۔ چاول اور رُوئی پر محسوس کیا گیا ہے۔ اِس وقت تجارتی اشیا کے بدلیش کیلئے درآمد۔ برآمد کی خبروں سے مختلف اشیا میں تیزی۔ مندی کے جھٹکے آویں۔ محتاط رہ کر کام کریں۔ اکیلا شکر کبھی کبھی مندے کی لائن بناتا ہے۔ اِس لئے بازار کے رُخ پر نظر رکھتے ہوئے لابھ لیں۔ البتہ چاندی۔ سونا۔ چاول۔ رُوئی میں تیزی معلوم پڑتی ہے۔ یہ لائین ۳دِن تک چلے۔

۶؍جولائی کو سُورج پُنر وسو میں اور منگل سواتی میں آکر رُوئی۔ گیہوں۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ بنولہ۔ کپاس۔ ارنڈ۔ اُلسی۔ سرسوں۔ لاکھ۔ دیوداروُ۔ تل۔ تیل۔ جوار۔ مُوٹھ۔ باجرہ۔ اُڑد۔ چاول۔ نمک۔ تجی۔ ہرڑ۔ سُپاری۔ ناریل۔ کیسر۔ مجیٹھ۔ نیل۔ سونٹھ۔ گُگل وغیرہ خُوشبودار اشیا اور کریانے میں تیزی کا ماحول بنائے۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی اور سونا تیز رہے۔

ماہ کے شروع سے ۱۱؍جولائی تک وعدہ بیوپار میں پہلے ۵دِن میں مندے کے جھٹکے آئیں گے۔ آگے ۶؍جولائی سے ۱۱؍جولائی تک تیزی سے لابھ لیں۔

۱۲؍جولائی کو بُدھ وکری ہوگا۔ اِس وقت بُدھ کا میل راہو کے ساتھ ہے۔ گھی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں تیزی سے فائدہ حاصل ہو۔ رُوئی میں جھٹکے کے ساتھ تیزی آکر جلدی ہی مندہ آوے۔ اِسوقت گندم۔ جو۔ چنا وغیرہ اناجوں میں مندے کا رُخ رہے۔ اِسوقت تیل۔ تلہن۔ پاٹ۔ باردانہ میں تیزی بنے۔

وعدہ بیوپاری اِس وقت گھی۔ رَس۔ کس۔ رُوئی۔ اناج اور تلہن میں تیزی کا کام کرکے لابھ لیں۔

۱۶؍جولائی کو سُورج کرک راشی میں بُدھ اور راہو کے ساتھ میل کریگا۔ جب بُدھ کا میل سُورج کے ساتھ ہوتا ہے۔ تو تیزی لانے والا بن جاتا ہے۔ سُورج کا اثر ہر طرح کے وعدہ اور حاضر کے بازاروں پر دیکھا گیا ہے۔ عام طور پر سُورج رُوئی۔ ارنڈ۔ السی۔ مُونگ پھلی۔ سُورج مُکھی۔ سرسوں۔ سویابین۔ تیل۔ سُونا۔ چاندی۔ ہلدی۔ کالی مرچ و شیر بازاروں پر اثرانداز ہوتا دیکھا گیا ہے۔ اِس وقت زوردار تیزی بن سکتی ہے۔ ساودھانی سے کام کر کے لابھ لیں۔ رُوئی۔ سُوت۔ بادام۔ سُپاری۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ ناریل۔ سرسوں چاندی اور سونا میں بھی تیزی رہے گی۔ اِس وقت اناجوں میں کچھ مندہ محسوس کیا جاسکتا ہے۔

۱۸؍جولائی کو بُدھ مغرب میں غروب ہوگا۔ اِسوقت بُدھ وکری حالت میں چل رہا ہے۔ اِس لئے رُوئی میں جھٹکے کی مندی جلدی ہی آسکتی ہے، از حد محتاط رہ کر کام کریں۔ چاندی تیز۔ باردانہ اور شیر بازاروں میں اچانک مندہ آوے۔

۱۹؍جولائی کو راہو کا اشلیکھا نکشتر میں آنا۔ رُوئی۔ تل و تیلوں میں مندے کا ماحول بنائے گا۔ ۲۰؍جولائی کو پکھ نکشتر میں سُورج آنے پر تل۔ تیل۔ سرسوں۔ مکھ۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چاول۔ گندم۔ جو۔ جوار۔ باجرہ۔ سُپاری۔ سُونٹھ۔ گُگل۔ موم۔ ہینگ۔ ہلدی۔ لاکھ۔ چائے پتی۔ سَن۔ اُونی کپڑے۔ سِلک۔ سُونا۔ چاندی میں تیزی کا رُخ رہے۔ رُوئی میں پہلے تیزی۔ بعد میں مندہ آوے۔

۲۶؍جولائی کو منگل۔ شکر کی اَنشا تمک یُتی سے رُوئی۔ کپاس۔ باردانہ۔ پاٹ۔ تیل وانہ۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ چینی۔ چاندی۔ سونا وغیرہ اور شیر بازاروں میں تیزی کا ماحول رہے گا۔ ۲۹؍جولائی کو برہسپت اشونی نکشتر کے چوتھے چرن میں

آئے گا۔ رُوئی میں تیزی۔ سونا۔ چاندی میں گھٹنا۔ بڑھی چل کر مندی آوے۔

۳۰/ جولائی کو سنگھ راشی میں شکر وکری ہو رہا ہے۔ شکر کے اُوپر برہسپت کی مکمل نظر ہے۔ گھی۔ تیل۔ گُو۔ کھانڈ۔ شکر۔ گندم۔ جَو۔ چنا وغیرہ میں تیزی بنے۔ رُوئی میں پہلے تیزی ہو کر بعد میں مندی آتی ہے۔

(۲۶/ جولائی سے ماہ کے آخر تک تیزی سے لابھ لیں)

اگست ۱۹۹۹ء

۳/ اگست کو سُورج کے اشلیکھا نچھتر میں آنے پر بازار تیز رہیں۔ کیونکہ اِس وقت سُورج کے ساتھ بیٹھا راہو بھی اشلیکھا نچھتر میں ہی چل رہا ہے۔ ۱۴/ دِن میں سونا۔ چاندی۔ رُوئی۔ بنولہ۔ گندم۔ چاول۔ اُڑد۔ چنا۔ گُو۔ شکر۔ گھی۔ تِل۔ تیل۔ سرسوں۔ اِرنڈ۔ السی۔ مرچ۔ مجیٹھ اور نیل کے نرخوں میں اچھی تیزی بنے گی۔ اِس وقت لال۔ کالی مرچ مصالحے اور چائے پتی میں بھی تیزی بنے گی۔

۴/ اگست کو بُدھ مشرق میں طلوع ہو گا۔ اِسوقت بُدھ پُکھ نچھتر میں ہے۔ اور سورج و راہو کے ساتھ راشی سنبندھ بھی بنا رہا ہے۔ رُوئی کپڑا اور شیئر بازاروں میں اچھا مندہ آکر ...... بازار فوراً ہی تیزی کی جانب بڑھیں گے۔ محتاط رہ کر کام کریں۔ دھیان دیں کہ۔ اگر ۴/ اگست کو بازار شروع میں ہی تیز رہتے ہوں تو بعد میں جلدی ہی مندے ہو جائیں گے۔ اِسوقت ایک لائن میں کام کرنے والے بیوپاری نقصان میں رہیں گے۔ اناج۔ تیل۔ تلہن میں بھی تیزی۔ مندی لگا کر لابھ لیں۔

۵/ اگست کو وشاکھا نچھتر کا منگل رُوئی کپاس۔ اُونی کپڑے۔ گندم و اناج۔ دالوانہ و تیل۔ تلہن۔ پاٹ۔ باردانہ۔ گُو۔ کھانڈ۔ چاندی۔ سونا میں زوردار تیزی کے آثار بناتا ہے۔ بیوپاری دھیان دیں کہ اِس وقت سُورج۔ راہو کی انشا آتمک یُتی ہو رہی ہے اور شنی کی منگل کے اُوپر مکمل نظر ہے۔ ساتھ ہی برہسپت بھی مکمل نظر سے منگل کو دیکھ رہا ہے۔ اِس لئے اچھی تیزی آنے پر سودا سیٹل (Settle) کر کے لابھ لیں۔ زیادہ دیر انتظار نہ کریں۔

۶/ اگست کو بُدھ مارگی ہو رہا ہے۔ اِس وقت بُدھ۔ شنی۔ برہسپت دھیمی رفتار سے چل رہے ہیں۔ بُدھ۔ سُورج۔ راہو کے ساتھ ہے۔ رُوئی میں پہلے مندی۔ بعد میں تیزی بنے۔ چاندی میں گھٹنا۔ بڑھی کے بعد تیزی۔ گندم۔ جَو۔ چنا وغیرہ اناج تیز ہوں۔ ریشم۔ تیل۔ السی۔ ارنڈ۔ گُو۔ بنولہ۔ مونگ پھلی۔ کپور۔ چندن۔ اگر وغیرہ خوشبودار اشیا میں مندہ بنے۔ رَس کَس مندے اور سونے میں تیزی بنے۔ اِس وقت بیوپاری دھیان دیں۔ جب بُدھ مارگی ہوتا ہے اُسوقت وعدہ اور حاضر بازاروں میں اُلٹ پھیر ہو جاتے ہیں۔ تیزی۔ مندی کی پُرانی لائن یکدم بدل جاتی ہے۔ اِس لئے ۵/ اگست کو تیزی سے لابھ لیکر فوراً نکل جانا چاہیئے۔ وگرنہ بُدھ کے مارگی ہونے پر اچانک بازار کا رُخ بدل جانے پر نقصان ممکن ہے۔

اگست کے شُروع سے ۱۱/ اگست تک جب بھی مندہ آوے خریدیں اور جب تیزی بنے تب مال بیچکر لابھ لیں۔

۱۱/ اگست کو سُورج گرہن ہے۔ رُوئی۔ سُوت۔ کپڑا۔ گھی۔ گُو۔ کھانڈ اور اناج کا نرخ تیز ہو۔

۱۲/ اگست کو سنگھ میں موجود چاند کے وقت مگھا نچھتر، ساون ماہ میں ویروار کے روز چاند نمودار ہو گا۔ رُوئی۔ سُوت۔ اُونی کپڑا۔ سرسوں۔ تیل۔ گھی۔ اناج تیز ہوں۔ سونا۔ چاندی۔ کھانڈ اور گُو میں کچھ مندہ بنے۔

۱۷/ اگست کو سُورج مگھا نچھتر اور سنگھ راشی میں آکر شکر کے ساتھ میل کریگا۔ اِس وقت شکر سُورج کے اُوپر برہسپت کی خاص نظر ہے۔ سنگھ راشی کا مالک خود سُورج ہے۔ سنگھ راشی اگنی تت کی راشی ہے۔ اِس راشی کے زیر اثر سونا۔ کالی مرچ۔ لونگ۔ زیرہ۔ چائے پتی اور السی وغیرہ تلہن کے بیوپار آتے ہیں۔ سُورج گرہ کا ہر ایک طرح کے وعدہ اور حاضر بازار میں اثر دیکھا گیا ہے۔ رُوئی۔ ارنڈ۔ مونگ پھلی۔ سرسوں۔ بنولہ۔ سویابین۔ سُورج مکھی۔ سونا۔ چاندی۔ ہلدی۔ کالی مرچ۔ مصالحے وغیرہ میں تیزی کا ماحول رہے۔ اِس وقت شیئر بازار مندے رہیں۔ ۱۸/ اگست کو وینکٹیش (پلوٹو) مارگی ہو گا۔ جس سے سیاست متاثر ہو گی۔ نتیجتاً تجارت میں ہلچل ممکن ہے۔ محتاط رہ کر کام کریں۔

۲۰/ اگست کو بُدھ اشلیکھا نچھتر میں آئے گا۔ اور اِسی دِن سُورج۔ شکر کی انشا آتمک یُتی بھی ہو گی۔ تیل۔ سرسوں۔ گُو۔ کھانڈ۔ اُڑد۔ مُونگ اور مونگ پھلی میں تیزی آوے گی۔ بیوپاری دھیان دیں۔ کہ اشلیکھا نچھتر کو سانپ کی تشبیح دی گئی ہے۔ جس طرح سانپ کی چال و رفتار کا پتہ نہیں چل پاتا ہے۔ اِسی طرح بال گرہ بُدھ کے اشلیکھا نچھتر میں آنے پر وعدہ بازار میں دھوکا ہو جانا معقول بات ہے۔ (یعنی قُدرتی ہے)۔ اِس لئے جب بھی اچھا لابھ ملے۔ لے لیں۔ کِسی وقت بھی مندہ آنے پر نقصان ہو سکتا ہے۔ اِس وقت ہمارا خیال اچھی تیزی کا ہے۔ ۲۱/ اگست کو بُدھ راہو کی انشا آتمک یُتی بھی ہو رہی ہے۔ کرک راشی میں یہ یُتی تلہن بازاروں میں، تیلوں میں، دالوانہ اور سونا چاندی میں زوردار تیزی کا اشارہ کرتی ہے۔

۲۳/ اگست کو منگل برشچک راشی میں آکر شنی اور برہسپت کی نظر سے اوجھل ہو جاتا ہے۔ تیلوانہ۔ جوٹ۔ باردانہ۔ روئی۔ کپاس۔ چاندی۔ سونا اور شیئر بازاروں پر منگل گرہ کا خاص اثر ہوتا ہے۔ برسات و آب و ہوا کی وجہ سے تجارت متاثر ہو گی۔ روئی۔ سونا۔ چاندی۔ تلہن۔ جوٹ۔ باردانہ اور شیئر بازار تیز رہیں گے۔

۲۵/ اگست کو برہسپت میکھ راشی میں وکری ہو رہا ہے۔ اس وقت شکر بھی وکری حالت میں رہتے ہوئے اشلیکھا پچھتر اور کرک راشی میں دوبارہ آجاتا ہے۔

نوٹ کریں کہ اس وقت کرک راشی میں بدھ اتی چاری ہونے جارہا ہے۔ برہسپت۔ شکر۔ راہو یہ وکری ہیں۔ گھی۔ تیل۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ گندم۔ جو۔ چنا۔ چاول وغیرہ اناج۔ السی و گھی میں تیزی بنے۔ روئی میں پہلے مندی بعد میں تیزی بنے۔ چاندی میں بھی مندہ ہی رہے۔

۲۶/ اگست کو بدھ مشرق میں غروب ہوگا۔ اناجوں و گھی وغیرہ میں مندہ ہو۔ روئی میں گھٹا۔ بڑھی پہلے تیز، درمیان میں مندی، آخر میں پھر تیز۔ سونا میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد تیزی۔ ۲۷/ اگست کو بدھ۔ شکر یتی ہو گی۔ راہو۔ کے ساتھ یہ ایک راشی میں چل رہے ہیں۔ اس وقت روئی۔ تیل۔ تلہن۔ سونا۔ چاندی میں تیزی سے فائدہ ملے۔

۲۸/ اگست کو بدھ مگھا پچھتر اور سنگھ راشی میں آکر سورج کے ساتھ میل کریگا۔ اس وقت سورج۔ بدھ کے اوپر برہسپت کی نظر بھی ہے۔ چاندی۔ سونا۔ سوت۔ روئی و اونی کپڑا۔ دیودارو و کھٹی اشیاء میں تیزی بنیگی۔ کپور۔ گڑ۔ کھانڈ۔ شکر۔ چینی۔ گھی میں کچھ مندہ رہے۔ پہلے اگر بازار مندے ہیں تو زوردار مندہ اور اگر تیز ہوں تو زوردار تیزی بن سکتی ہے۔ اس لئے بازار کے رُخ کو دیکھ کر کام کریں۔

۲۹/ اگست کو اُتورادھا پچھتر کا منگل روئی۔ کپاس۔ گندم۔ لال مرچ۔ لال چندن وغیرہ لال رنگ کی اشیاء میں تیزی بنے گی۔

ماہ کے آخر میں ۳۰/ اگست کو سورج پوربا پھالگنی میں آتا ہے۔ اور شنی وکری ہو رہا ہے۔ اس وقت تین بڑے گرہ (برہسپت۔ شکر۔ شنی) وکری چلتے ہیں۔ سکہ۔ قلعی۔ گندم۔ پیتل۔ جوار۔ باجرہ۔ چاول۔ گھی۔ تیل۔ السی۔ سرسوں۔ تمباکو۔ سیمنٹ اور کپڑوں میں تیزی۔ ارنڈ میں گھٹا۔ بڑھی چلے۔ زیرہ۔ سونا۔ گڑ۔ کھانڈ۔ تل۔ گندم۔ جوار۔ چاول۔ روئی۔ سوت میں تیزی کا ماحول رہے۔

ستمبر ۱۹۹۹ء

ستمبر کے پہلے ہفتہ میں بدھ اتی چاری ہے۔ بدھ، سورج ایک جگہ ہیں۔ برہسپت۔ شکر۔ شنی وکری حالت میں ہیں۔ ۲/ ستمبر کو یورنیس وکری ہو کر شرون پچھتر میں آئے گا۔ گرہ پوزیشن اچھی تیزی کا اشارہ دیتی ہے۔ روئی۔ کپاس۔ تیلوانہ میں خاص گھٹا۔ بڑھی کا اشارہ ملتا ہے۔ ہمیں تیل و تلہن میں زوردار تیزی معلوم دیتی ہے۔

۴/ ستمبر کو بدھ پوربا پھالگنی پچھتر میں آرہا ہے۔ اس وقت سورج بھی پوربا پھالگنی پچھتر میں ہی چل رہا ہے۔ ۱۰ روز میں گڑ۔ کھانڈ۔ گندم۔ اناج۔ زیرہ۔ سونا۔ سرسوں۔ تل۔ تیل۔ گھی۔ جوار۔ چاول۔ اونی کپڑا۔ روئی و سوت میں تیزی کا جھٹکا آئے گا۔

۸/ ستمبر کو سورج بدھ کی اَنشا آتمک یتی بھی ہو گی۔ یہ یوگ بھی تیزی لانے والا ہی ہے۔

ستمبر کے شروع سے ۱۰/ ستمبر تک تلہن۔ دالوانہ۔ اور سونا۔ چاندی میں تیزی کا ماحول رہیگا۔

۱۱/ ستمبر کو شکر مارگی ہوگا۔ اور سورج اُترا پھالگنی میں داخل ہوگا۔ زیرہ۔ سونا۔ گڑ۔ کھانڈ۔ سرسوں۔ تل۔ تیل۔ گھی۔ گندم جوار۔ چاول۔ اونی کپڑا۔ روئی اور سوت میں تیزی بنے گی۔ دھیان دیں -اگر اس وقت دھان۔ گڑ۔ گھی۔ تلہن میں مندہ بنے تو سٹاک کریں۔ آگے عمدہ لابھ ہوگا۔ شکر کے مارگی ہونے پر بازاروں کی لائن بدل سکتی ہے۔ اس لئے اس وقت بازار کے رُخ کو دیکھ کر ہی کام کریں۔

۱۳/ ستمبر کو سورج اُترا پھالگنی میں آئے گا۔ بدھ پہلے ہی اس پچھتر میں آچکا ہے۔ ٹھیک ۱۳/ ستمبر کو بدھ کنیا راشی میں آجاتا ہے۔ کپاس۔ ریشم۔ سوت۔ سونا۔ چاول۔ اُڑد۔ جوار۔ سپاری۔ ناریل میں تیزی بنیگی۔ گندم۔ جو۔ چنا۔ گڑ۔ شکر۔ کھانڈ اور ہلدی میں بھی تیزی بنے گی۔ دھیان دیں کہ کینا راشی بدھ کی اپنی راشی ہے۔ اسکا روئی۔ کپاس۔ تیلوانہ اور دالوانہ کی فصل و پیداوار سے خاص تعلق ہے۔ اس لئے فصلوں کی پیداوار کے بارے افواہوں سے بازاروں میں اُتار۔ چڑھاؤ ممکن ہیں۔

۱۷/ ستمبر کو سورج کینا راشی میں آکر بدھ کے ساتھ میل کریگا۔ اس وقت بازار میں مزید تیزی آسکتی ہے۔ روئی۔ ناریل۔ سپاری۔ تلہن۔ تیل۔ مجیٹھ اور لال مرچ و گڑ میں تیزی سے لابھ لیں۔ اسوقت چاندی و شیئر بازار مندے ہو سکتے ہیں۔

۱۸/ ستمبر کو بدھ ہست میں آکر گندم وغیرہ اناجوں میں مندہ کرے۔

۱۹/ ستمبر کو منگل جیشٹھا پچھتر میں آکر ۱۲ روز میں چاندی میں مندی اور روئی میں گھٹا۔ بڑھی کرے۔ نشہ آور اشیاء تیز ہونگی۔ ۲۰/ ستمبر کو برہسپت اشونی ۳ میں اور راہو پکھ ۴ میں داخل ہوگا۔ روئی میں تیزی۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندی بنے۔ اناج میں بھی مندہ رہے۔ ویسے پکھ پچھتر کا راہو گھی۔ شکر۔ تیل۔ و تلہنوں کے بازار میں زوردار تیزی ہونے کا اشارہ دیتا ہے۔ از حد محتاط رہتے ہوئے بازار کا رُخ دیکھ کر تیزی کی طرف بڑھیں۔

۲۷/ ستمبر کو ہست پچھتر کا سورج ۱۵ دنوں میں روئی۔ گندم۔ جو۔ جوار۔ گڑ۔ کھانڈ۔ کپاس۔ سوت۔ جوٹ۔ لکڑی۔ نمک۔ ہرڑ۔ ہینگ۔ دھنیا۔ ہلدی۔ سن اور کھاری اشیاء میں تیزی کرے۔

۲۸/ستمبر کو شُکر مگھا نچھتر اور سِنگھ راشی میں اِس برس دُوسری بار آئے گا۔اِس وقت سِنگھ میں مَوجود شُکر کے اُوپر برہسپت کی خاص نظر ہے۔ دھیان دیں۔:۔ شُکر اکیلا ہونے پر کئی بار زوردار مندہ بناتا ہے۔ خاص کر یہ گُڑ۔ کھانڈ۔ رُوئی۔ کپاس۔ پاٹ۔ باردانہ۔ تِلہن۔ چاندی۔ سونا۔ تانبہ۔ جَو۔ چنا۔ گندم۔ لال چندن۔ لال مرچ۔ لال رنگ کی اَشیا۔ گھی و مویشیوں کے بیوپار میں زوردار تیزی یا مندے کے ری ایکشن لا سکتا ہے۔ بازار کے رُخ کو دیکھ کر کام کریں۔ ہمارے وِچار سے اِسوقت تیزی رہے گی۔ لیکن چاندی و رُوئی میں مندے کے جھٹکے آویں گے۔

اکتوبر ۱۹۹۹ء

ماہ کے شُروع میں یکم اکتوبر کو بُدھ تُلا راشی میں آکر شنی اور برہسپت کی نظر میں آجائیگا۔ جھُوٹی۔ سچی افواہوں سے بازار تیز اور مندے ہونگے۔ تُلا راشی کا بُدھ دَور جدید کے وِدوان مندہ لانے والا مانتے ہیں۔ ہمارے وچار سے رُوئی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ سونا اور نشہ آور اَشیا میں تیزی۔ چاندی۔ السی۔ سرسوں۔ ارنڈ۔ بنولہ اور مُونگ پھلی وغیرہ میں مندہ بنے۔ ۵/اکتوبر کو سواتی نچھتر کا بُدھ ۸/دِنوں میں رُوئی میں مندہ بناتا ہے۔ ۸/اکتوبر کو منگل مُولا نچھتر اور دھن راشی میں داخل ہوگا۔ اِس وقت منگل کے اُوپر برہسپت کی نظر بھی ہو گی۔ رُوئی میں کمی۔ بیشی ہو کر تیزی رہے۔ چاندی وغیرہ دھاتیں۔ لکڑی۔ سُوت۔ سن گھاس پھُوس۔ بنولہ۔ سرسوں۔ گھی اور ہر طرح کے اناج تیز ہوں۔ دھیان دیں۔ منگل کو بھوم یعنی بھُومی پتر مانتے ہیں۔ زمین سے پیداوار کا تعلق اِس سے رہتا ہے۔ جب یہ شُبھ گرہ سے نظرانہ تعلقات بناتا ہے۔ تو مندہ ورنہ تیزی کرتا ہے۔ اِس وقت برہسپت کی نظر ہونے سے تیزی کی جگہ مندہ بھی بن سکتا ہے۔ تیلوانہ۔ رُوئی۔ کپاس۔ جُوٹ۔ چاندی۔ سُونا اور شیئر بازاروں میں اچھی تیزی مندی کی لائن بنے گی۔ بازار کا رُخ دیکھ کر کام کریں۔

۱۰/اکتوبر کو سُورج چِترا نچھتر میں آئے گا۔ اسی دِن (اتوار کو) چاند بھی نمُودار ہوگا۔ سونا۔ چاندی۔ رُوئی۔ کپاس اور سُوت میں تیزی رہے۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ اَرہر۔ گندم۔ چنا۔ تل۔ ناریل۔ سن۔ کیسر اور کپُور میں تیزی آوے۔

۱۴/اکتوبر کو کیچون کے مارگی ہونے پر سیاسی سرگرمیوں کے مُطابق تجارت بھی متاثر ہوگی۔ اِس وقت بازار کے رُخ کو دیکھ کر کام کریں۔

۱۵/اکتوبر کو وِشاکھا نچھتر کا بُدھ رُوئی میں زوردار مندہ بنائیگا۔ ۱۶/اکتوبر کو پُوروا پھالگنی نچھتر کا شُکر ۱۴/دِنوں میں گندم۔ جَو۔ جوار۔ باجرہ۔ اُڑد۔ مُونگ اور چنا۔ میں کچھ مندے کا ماحول بنائے۔ ۱۴-۱۵/اکتوبر کو مندے کا کام کر کے لابھ لے سکیں گے۔

۱۷/اکتوبر کو سُورج اپنی نیچ راشی تُلا میں آجاتا ہے۔ اِس وقت نیچ شنی اور برہسپت کی سُورج کے اُوپر مکمل نظر ہے۔ جب سُورج کِسی کرُور گرہ سے میل کرتا ہے یا نظرانہ تعلقات بناتا ہے تو زوردار تیزی کرتا ہے۔ سُورج کا خاص اثر ارنڈ۔ السی۔ مُونگ پھلی۔ سویابین۔ سُورج مکھی۔ بنولہ۔ ہر قِسم کے اناج۔ ہلدی۔ سونا۔ چاندی اور شیئر بازاروں پر خاص کر ہوتا ہے۔ وعدہ اور حاضر دونوں بازار متاثر ہونگے۔ ہمارے خیال کے مُطابق رُوئی اور چاندی میں مندہ بنے۔ گندم۔ جَو۔ چنا۔ السی۔ سونا۔ تانبہ۔ لال چندن۔ سُپاری میں تیزی بنے گی۔ تِلہن اور شیئر بازاروں میں زوردار اُتار اُوچڑھاؤ ہونگے۔

۱۹/اکتوبر کو وکری برہسپت اشونی ۲/میں آئے گا۔ رُوئی میں تیزی۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی چل کر مندی اور اناجوں میں بھی مندہ بنے۔

(۱۹/سے ۲۲/اکتوبر تک بازار نرم رہیں گے۔)

۲۳/اکتوبر کو بُدھ برشچک راشی میں آئے گا۔ گھی۔ تیل۔ سرسوں۔ رُوئی اور چاندی تیز رہے۔ اناجوں میں بھاؤ قایم رہیں یا مندے کا ماحول بنے۔ دھیان دیں۔ منگل کی راشی میں بُدھ تیزی لانے والا ہی مانا گیا ہے۔ اِس وقت بازاروں میں مندے کا کاروبار کرنے والے نُقصان میں رہیں گے۔

۲۶/اکتوبر کو پُورباکھاڑا نچھتر کا منگل۔ سونا۔ چاندی۔ چاول۔ اُڑد۔ گھی۔ دُودھ۔ تل۔ تیل۔ سرسوں۔ مُونگ پھلی اور تِلہنوں میں تیزی کرے گا۔ گندم وغیرہ اناج مندے رہیں گے۔

۲۷/اکتوبر کو انورادھا نچھتر کا بُدھ سُوت۔ سَن۔ رُوئی۔ سونا۔ چاندی میں مندہ کرے۔ اناجوں کے نِرخ برقرار رہیں۔ ۳۰/اکتوبر کو شُکر اُترا پھالگنی نچھتر میں آئے گا۔ ۱۲/دِن میں گندم وغیرہ مُوٹے اناج۔ دالوانہ اور رُوئی میں تیزی آوے۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی چلے۔

نومبر ۱۹۹۹ء

۳/نومبر کو کنیا راشی میں شُکر کا داخلہ ہوگا۔ کنیا راشی میں شُکر نیچ مانا گیا ہے۔ شُکر بیوپاریوں میں خاص خرید و فرخت کی خواہش بناتا ہے۔ سُفید اشیا میں شُکر کا اَثر زیادہ مانا گیا ہے۔ رُوئی۔ چاندی۔ سوت۔ کپاس۔ چاول وغیرہ کے اُوپر اور خوشبُودار اَشیا کے اُوپر اِس کا زیادہ اثر دیکھا گیا ہے۔ اِس وقت تیزی یا مندی کی اچھی لائین بن سکتی ہے۔ اِس وقت بیوپاری صاحبان بذات خود مِل کر تازہ مشورہ حاصِل کریں۔ مُفید رہیگا۔

نوٹ کریں۔ شُکر اکیلا ہی کبھی کبھی زوردار مندے کی لائن بنا دیتا ہے۔ اِس لئے بازار کے رُخ کو دیکھ کر کام کریں۔ عام طور پر چاندی میں گھٹا۔ بڑھی ہو کر تیزی گندم وغیرہ تمام اناج۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھاس (چارہ) و اُونی۔ ریشمی

کپڑوں میں تیزی ہو اِس وقت چاولوں میں خاص تیزی کا جھٹکہ آسکتا ہے۔

۴رنومبر کو وکری شنی بھرنی نچھتر کے دُوسرے چرن میں داخل ہوگا۔ کپاس۔ گُو۔ کھانڈ۔ گھی۔ تیل میں تیزی کا ہی رُخ رہے۔ ۵رنومبر کو بُدھ وکری ہوگا۔ دھیان دیں۔ اِس وقت شنی اَور برہسپت پہلے سے ہی وکری چل رہے ہَیں۔ نہایت سُوجھ بُوجھ سے کام کریں۔ ۲۴ردِن میں گھی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ شکر میں تیزی کرے۔ کیونکہ منگل کی راشی کا بُدھ تیزی لانے والا ہی مانا گیا ہے۔ اِس لئے اِس وقت تیل۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی۔ تِل۔ سرسوں۔ تارا میرا۔ سُورج مُکھی۔ مُونگ پھلی۔ سویابین اَور چاندی۔ سونا اَور دالوانہ کے بیوپاری اچھی تیزی سے لابھ حاصِل کر سکیں گے۔

۶رنومبر کو وِشاکھا نچھتر کا سُورج جَو۔ چاول۔ گندم۔ مسُور۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ رُوئی۔ سُوت۔ سرسوں۔ تِل۔ ارِنڈ۔ افیم میں تیزی کا اِشارہ دیتا ہے۔ اس وقت اَلسی۔ چاندی میں کمی بیشی ہو کر تیزی بنے۔ ۷رنومبر کو بُدھ مغرب میں غرُوب ہو رہا ہے۔ دھیان دیں۔ اِس وقت بُدھ وکری بھی ہے۔ رُوئی میں جھٹکے کے ساتھ اچھی مندی بنے۔ چاندی تیز رہے۔ پاٹ۔ ہَیکن اَور شیّر مندے رَہیں۔ کیونکہ بُدھ وکری ہے، اِس لئے اناجوں و دالوانہ میں تیزی کا رُخ رہیگا۔

۱۲رنومبر کو وکری بُدھ وِشاکھا میں آئے گا۔ اِسی دِن شُکر ہست میں داخل ہوگا۔ اِس وقت سُورج بھی ہست نچھتر میں ہی چل رہا ہے۔ رُوئی میں خاص مندی کا جھٹکہ آوے۔ اناجوں میں تیزی۔ مندی کے ری ایکشن آویں۔ خاص کر چاول مندے رہیں۔ سونا۔ چاندی کُچھ تیز رہیں۔ ارِنڈ۔ گُڑ۔ شکر میں گھٹا۔ بڑھی چلے۔ نوٹ۔ اگر اِسوقت اناجوں میں اچھا مندہ ہو تو سٹاک کریں۔ آگے لابھ مِلے گا۔

۱۳رنومبر کو اُترا کھاڑا نچھتر کا منگل رُوئی میں خاص تیزی کا اِشارہ دیتا ہے۔ دھان۔ گھی۔ سرسوں وغیرہ تِلہن اَور اُڑد۔ گُڑ۔ کھانڈ میں بھی تیزی ہی رہے گی۔

۱۴رنومبر کو وکری برہسپت اشونی کے پہلے چرن میں آئے گا۔ اِس وقت برہسپت کے ساتھ نیچ شنی کا سنبندھ ہے۔ رُوئی میں تیزی۔ سونا۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی کے بعد مندی اَور اناجوں میں بھی مندہ رہے۔

۱۵رنومبر کو بُدھ وکری پوزیشن سے پھر تُلا راشی میں آجاتا ہے۔ اَور اِس دِن سُورج بُدھ کی اَنشا آتمک یُتی بھی ہو رہی ہے۔ نوٹ کریں کہ تُلا راشی میں بُدھ وکری ہے۔ اِس وقت شنی۔ برہسپت کی مکمل نظر بُدھ کے اُوپر ہے۔ اَور شنی۔ برہسپت بھی وکری ہی ہَیں۔ لابھ کا عُمدہ چانس ہے۔ رُوئی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ سونا میں اچھی تیزی بنے۔ چاندی۔ اَلسی۔ سرسوں۔ ارِنڈ۔ بنولہ۔ مونگ پھلی وغیرہ میں اگر مندہ ہوگا۔ تو بہُت زیادہ مندہ ہوگا۔ اگر تیزی کا رُخ بنا تو زور دار تیزی بنے گی۔ ہمارے وِچار سے یہ وقت تیزی کا ہی ہے۔ آگے بازار کے رُخ کو دیکھ کر ہی کام کریں۔

۱۶رنومبر کو برشچک راشی کا سُورج رُوئی۔ تانبہ۔ چاندی۔ سونا۔ اُون میں تیزی کرے۔ لال رنگ کی اَشیا میں کُچھ مندے کا اَثر دِکھائی دے۔

۱۸رنومبر کو مکر راشی میں منگل آکر نیچ شنی کو دیکھے گا۔ اَور شنی بھی خاص نظر سے منگل کو دیکھے گا۔ مکر راشی میں کیتُو پہلے ہی موجود ہے۔ مکر راشی میں منگل اُونچ مانا جاتا ہے۔ منگل۔ راہُو کا سم سپتک یوگ بھی ہے۔ یہ یوگ زبردست تیزی کا ہے۔ آگے تیزی کی لمبی لائن بنے گی۔ نوٹ کرلیں۔

رُوئی۔ کپاس۔ گُو۔ کھانڈ۔ سونا۔ چاندی۔ پاٹ۔ باردانہ کے بازاروں میں زور دار تیزی چلنے لگے گی۔ اِس وقت گھی۔ تیل۔ اَلسی۔ سرسوں۔ بنولہ۔ سُورج مُکھی۔ ارِنڈ۔ سویابین۔ مُونگ پھلی وغیرہ تِلہنوں اَور اُون میں تیزی بنے۔ اناجوں و دالوانہ میں عام طور پر تیزی مندی کے ری ایکشن آویں گے۔

۱۹رنومبر کو اَنُورادھا نچھتر کا سُورج ۱۴ردِن میں جَو۔ چنا وغیرہ اناجوں اُون اَور سونا۔ چاندی وغیرہ دھاتوں میں تیزی کریگا۔ گندم۔ السی۔ مِرچ میں تیزی ہو کر مندی ہو۔ ۲۱رنومبر کو مُکھ نچھتر کا راہُو لوہا اَور تِلہن میں تیزی کر سکتا ہے۔

۲۴رنومبر کو شُکر چِترا نچھتر میں اَور بُدھ مشرق میں طلوع ہوگا۔ رُوئی میں پہلے مندہ آکر ۲۵ردِن کے اَندر بعد میں جھٹکے کے ساتھ تیزی آئیگی۔ گندم۔ جَو۔ چنا۔ تِل۔ گھی۔ پاٹ۔ باردانہ اَور لال مِرچ میں تیزی بنے گی۔

۲۵رنومبر کو بُدھ مارگی ہو کر وَعدہ اَور حاضر بازاروں کی لائن کو بدل سکتا ہے۔ رُوئی میں پہلے مندی بعد میں تیزی۔ چاندی میں گھٹا۔ بڑھی گندم۔ جَو۔ چنا اناج تیز رہیں۔ ریشم۔ تیل۔ اَلسی۔ ارِنڈ۔ گُڑ۔ بنولہ۔ مُونگ پھلی۔ کپُور چندن اَور اگر وغیرہ خوشبُودار اَشیا میں مندہ بنے۔

۳۰رنومبر کو شُکر تُلا راشی میں آکر (آگے ۵ردسمبر تک) بُدھ کے ساتھ میل رکھے گا۔ اِسوقت شُکر کے اُوپر شنی۔ برہسپت کی نظر ہے۔ جب شُکر بُدھ کے ساتھ میل کرتا ہے تو پہلے چلی آرہی تیزی مندی کی لائن کو مزید طاقتور بناتا ہے۔ اِس لئے بیوپاری بازار کے رُخ کو دیکھ کر ہی کام کریں۔ تُلا راشی بدیشی کرنسی کی راشی ہے۔ سرکار کی طرف سے کِسی شے کی ایکسپورٹ کے اِعلان سے تیزی بنے گی۔ اِس وقت سرکاری پالیسی و اِعلانات کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے۔ ہمارے خیال سے رُوئی اَور اَفیم میں پہلے تیزی اَور بعد میں مندی آتی ہے۔ سونا میں تیزی۔ چاندی میں ۲-۳ روپے کی کمی بیشی اَور گُڑ۔ کھانڈ میں تیزی کا ماحول رہے۔ اِس وقت رُوئی۔ چاول۔ چاندی۔ کپاس و اُونی کپڑوں کے بیوپاری تیزی سے لابھ لے سکیں گے اَیسا وِچار ہے۔ پھر بھی بازار کے رُخ کو نظر اَنداز نہ کریں۔

دِسمبرٌ ۱۹۹۹ء

اِس ماہ کے شُروع میں منگل شرون نچھتر کے پہلے چرن میں آئے گا۔ کیتو بھی اِسوقت منگل کے ساتھ بَیٹھا ہے اَور شرون کے پہلے چرن میں ہی ہے۔ منگل کیتُو کے اُوپر برہسپت شنی کی نظر ہے۔ اِس وقت گندم میں بھاری تیزی آئے گی۔ جَو۔ چنا۔ تِل۔ افیم۔ دھاتیں۔ سونا۔ چاندی بھی تیز رہیں گے۔ رُوئی میں گھٹا۔ بڑھی چلیگی۔

۳ردسمبر کو سُورج جیشٹھا میں آئے گا۔ اِس وقت سونا۔ چاندی۔ چاول۔ گندم۔ جَو۔ چنا۔ اَلسی۔ سرسوں۔ ارِنڈ۔ ہینگ۔ گوگل۔ پارہ۔ گُو۔ کھانڈ میں تیزی بنے۔ رُوئی میں پہلے مندی۔ بعد میں تیزی ہو۔ ۴ردسمبر کو منگل۔ کیتُو کی اَنشا آتمک یُتی ہوگی۔ یہ یُتی وَعدہ بازار میں تیزی رہنے کا اِشارہ کرتی ہے۔

۶ردسمبر کو بُدھ برشچک میں آکر سُورج کے ساتھ میل کریگا۔ بُدھ۔

سُورج دونوں کا ایک ساتھ ہونا، تیزی کا اِشارہ کرتا ہے۔ گھی۔ تیل۔ سرسوں۔ رُوئی۔ چاندی تیز۔ سونے کا رُخ وہیں قائم رہے۔

خاص نوٹ۔ بدھ کے برشچک راشی میں آنے پر یہاں منگل اَتی چاری ہو رہا ہے۔ منگل لگ بھگ تین برس کے بعد اَتی چاری ہوتا ہے۔ منگل کا اَتی چاری ہونا۔ جنوری ۲۰۰۰ء کے دُوسرے ہفتہ کے خاتمہ کے قریب زوردار تیزی کے بازار بن جانے کا اِشارہ دیتا ہے۔ بیوپاری محتاط رہ کر کام کریں۔ تیلوانہ۔ رُوئی۔ کپاس۔ جُوٹ۔ سونا۔ چاندی اَور شئیر بازاروں میں زوردار تیزی بن سکتی ہے۔ اِس بارے تازہ مشورہ حاصِل کریں۔

۸/ردسمبر کو بدھ اُنورادھا میں آکر سُوت۔ سن۔ رُوئی۔ سونا۔ چاندی میں مندہ کرے۔ ۹/ردسمبر کو ویروار کے روز چاند دِکھائی دینے سے رُوئی۔ سوت وسُوتی، ریشمی کپڑا۔ سرسوں۔ تیل۔ گھی تیز ہوں۔ سونا، چاندی۔ کھانڈ۔ گُڑ۔ کچھ تیز رہیں۔ ۱۱/ردسمبر کو وُرنیس شرون نچھتر کے چوتھے چرن میں ہونے سے تیزی کے بیوپار کو بڑھاوا دیگا۔

۱۶/ردسمبر کو سُورج دھن راشی میں آنے پر رُوئی۔ کپاس۔ سُوت۔ تل۔ تیل۔ سونا۔ چاندی وغیرہ میں تیزی آئے۔ ۱۷/ردسمبر کو وِشاکھا نچھتر کا شُکر ۱۵/ردنوں میں رُوئی واناجوں میں مندہ کرے۔ ۱۸/ردسمبر کو منگل دھنیشٹھا اَور بدھ جیشٹھا نچھتر میں داخل ہوگا۔ رائی۔ جَو۔ سونا۔ چاندی۔ پیتل۔ تانبہ۔ جستہ۔ لوہا تیز ہوں۔ گھی، گُڑ، کھانڈ۔ چاول میں بھی تیزی ہی کا ماحول رہے۔

۲۰/ردسمبر کو برہسپت کے مارگی ہو جانے پر بازاروں کا رُخ اچانک بدل سکتا ہے۔ ساودھان رہیں۔ رُوئی مندی ہو کر پھر تیز ہو۔ چاندی مندی۔ ۸/ردن میں چاول۔ اَلسی۔ سرسوں۔ گُڑ میں تیزی بنے۔ دھیان دیں۔ تیل۔ تلہن کے بازاروں میں اچانک مندہ آسکتا ہے۔ ۲۱/ردسمبر کو بدھ مشرق میں غروب ہوگا۔ اناج گھی وغیرہ مندے۔ رُوئی میں گھٹا بڑھی۔ پہلے تیز درمیان میں مندی، آخر میں پھر تیز ہو۔ سونا میں گھٹا بڑھی رہے۔

۲۶/ردسمبر کو شُکر برشچک راشی میں آکر رُوئی۔ چاندی۔ شئیروں میں پہلے مندہ بعد میں تیزی کرے۔ گُڑ میں گھٹا۔ بڑھی ہو۔ گندم۔ جَو۔ اُڑد۔ مُونگ۔ موٹھ۔ باجرہ وغیرہ اناجوں میں تیزی ہو۔

۲۷/ردسمبر کو منگل کُمبھ راشی میں آئے گا۔ اِس وقت منگل اَتی چاری بھی ہے۔ ٹھیک اِسی روز بدھ مُولا نچھتر اَور دھن راشی میں آئے گا۔ اَور وکری شنی بھرنی کے پہلے چرن میں داخل ہوگا۔ رُوئی۔ چاندی میں کافی گھٹا بڑھی ہوگی۔ گندم وغیرہ اناج۔ دالوانہ۔ گھی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ سونا میں تیزی بنے گی۔

نوٹ کریں۔ یہاں دھن راشی کا بدھ۔ سُورج کے ساتھ ہے۔ لیکن اِن پر برہسپت کی نظر ہونے سے رُوئی۔ کپاس۔ سُوت اَور چاندی میں اچھا مندہ آسکتا ہے۔

۲۸/ردسمبر کو اُنورادھا نچھتر کا شُکر اَور ۲۹/ردسمبر کو پُوربا کھاڑا نچھتر کا سُورج تِل۔ تیل۔ سرسوں۔ بنولہ۔ گُڑ کھانڈ۔ ہلدی۔ چاندی میں تیزی کرے۔ چاول ٹمک میں کچھ مندے کا رُخ رہے۔

صاحبان۔ گرہ چال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اَور پرماتما کی مہربانی سے ہم نے ٹھیک ترین مشورہ بیوپاری صاحبان کیلئے تحریر کیا ہے۔

پھر بھی کِسی طرح کے حالات جنہیں ہم دیکھنے سے قاصر رہے ہوں کی وجہ سے کِسی صاحِب کو ہونے والے نُقصان کے ہم ہرگز ذِمہ دار نہ ہونگے۔ مگر ہماری دُعاء ہے کہ آپ کو بہترین منافع مِلتا رہے۔

عُمدہ فائدہ حاصِل کرنے کے چانس

اِس برس تیزی مندی سے فائدہ اُٹھانے کے لئے اَعلےٰ چانس آرہے ہیں۔ تیزی مندی کے مُواقع سے فائدہ اُٹھانے کے خواہشمند بیوپاری صاحبان سال بھر کی فیس مُبلغ پانچ ہزار روپیہ یا مُبلغ /۵۰۰ روپے فی ماہ کے حِساب سے پیشگی بھیج کر یہ چانس جنوری ۱۹۹۹ء سے حاصِل کر سکتے ہیں۔ بذریعہ ڈاک ہر مہینہ میں تیزی۔ مندی کے ۲ یا ۳ چانس ہی ہم تحریر کر سکتے ہیں۔ روزانہ تیزی مندی جاننے کے خواہشمند صاحبان بذاتِ خود مِل کر مشورہ حاصِل کرنے کی تکلیف گوارہ کریں۔ دُور دراز سے آنے والے صاحبان پہلے ٹیلیفون پر وقت مُقرر کر لویں۔ تاکہ اِنہیں ہماری غیر موجودگی کی وجہ سے مایوس نہ لوٹنا پڑے۔ خط وکتابت ہندی یا انگریزی میں کر سکتے ہیں۔ پتہ لکھا جوابی خط ساتھ اِرسال کریں۔ پوری فیس نہ آنے پر کوئی خط وکتابت نہ کی جائے گی۔

خاص نوٹ:- گُڑ۔ کھانڈ۔ گھی۔ تیل۔ تِلہن اَور رُوئی کے بیوپاریوں کے لئے یہ سال خاص اہمیت رکھتا ہے۔ تازہ مشورہ حاصِل کرنے سے عُمدہ فائدہ حاصِل ہو سکتا ہے۔

فیس منی آرڈر یا پنجاب نیشنل بنک کورالی ضلع روپڑ (پنجاب) کے بنک ڈرافٹ کے ذریعہ اِرسال فرماویں۔ منی آرڈر کوپن اَور خط وکتابت میں اپنا پتہ صاف طور پر انگریزی میں ہی لِکھیں۔ منی آرڈر کوپن پر رقم بھیجنے کی وجہ ضرور لِکھیں۔

خیر اندیش

اِندو شیکھر شرما
مارتنڈ بھون۔ سٹیشن منڈی۔ کورالی۔ ضلع روپڑ۔ (پنجاب)
(PIN 140103)
Phone : 01888-41277

سیارگان کے ناقص اثر سے راحت حاصل کرنے کے آسان طریقے

جیوتش شاستروں کے مطابق کُرہ فلک میں گردش کررہے سیارگان کا انسانی زندگی میں زبردست دخل ہے۔ تمام سیارگان انسانی زندگی پر اپنا اچھا یا برا پھل چھوڑتے ہیں۔ نیچے ہم قارئین کی بہبودی کیلئے مختلف سیارگان کے برے اثرات سے بچنے کے لئے کچھ آسان طریقے درج کررہے ہیں۔امید ہے کہ قارئین بوقت ضرورت ان کے استعمال سے فائدہ اٹھاویں گے۔

سورج:۔ اس گرہ کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے مانک رتن سونے کی انگوٹھی میں جڑواکر پہننا چاہئے۔ اگر آپ انگوٹھی نہیں پہن سکتے تو سفید پھولوں والے آک کی جڑ کو اتوار کے دن پکھ نچھتر میں اکھاڑ کر اِسی دِن دائیں بازو پر باندھ لیں۔ سہی طریقہ سے تیار کردہ سورج جنتر دھارن کریں اور پیلے کپڑے پہنیں۔ سورج منتر کے ساتھ ہون کریں۔ سکھ حاصل ہوگا۔ منتر یہ ہے:۔

''ॐ घृणि: सूर्याय नम:।''

''ॐ हां हीं हौं स: सूर्याय नम:।''

دان:۔ سورج کا دان سورج طلوع کے وقت اتوار کے دن اگر پنر وسو نچھتر ہو تو کرنا زیادہ فائدہ مند ہے۔ مانک۔ سونا۔ تانبہ۔ گندم۔ گڑ۔ گھی۔ لال کپڑا۔ کمل پھول۔ لال پھول۔ کیسر۔ لال چندن۔ بچھڑے والی پیلی گائے وغیرہ کا دان کریں۔ برت والے دنوں میں آک کی لکڑی کے ساتھ ہون سامگری سے ہون کریں۔ منتر جاپ کی تعداد سات ہزار ہے۔ اس کے بعد پرشاد بانٹیں۔

چاند:۔اس کے بُرے اثر کو دور کرنے کے لئے چاندی کی انگوٹھی میں سچا موتی جڑواکر پہنیں۔ جو لوگ ایسا نہیں کرسکتے ہیں۔ وہ سوموار کے دِن کھرنی کی جڑ بائیں ہاتھ میں پہنیں۔ اس کے بعد سفید کپڑے پہن کر یگیہ وغیرہ کریں۔ ہر طرح سے سکھ۔شانتی ملے گی۔ منتر یہ ہے۔

''ॐ चं चन्द्रमसे नम:।''

''ॐ श्रां श्रीं श्रौं स: चन्द्राय नम:।''

چاند کا دان:۔چاند کی شانتی کے لئے سوموار کے دن شبھ مہورت میں شام کے وقت اِن اشیا کا دان کرنا چاہئے کپور۔ موتی۔ سفید کپڑے۔ دہی۔ دودھ۔ گھی۔ سفید بیل۔ اور سچا موتی وغیرہ۔جاپ سوموار شام کو مکمل ہونا چاہئے۔ جاپ کے خاتمہ پر پلاش کی لکڑی سے ہون کرنے کے بعد پرشاد بانٹیں۔ کل گیارہ ہزار منتر کا جاپ کرناہے۔

منگل:۔اس گرہ کے بُرے اثر کو دور کرنے کے لئے سونے یا تانبے کی انگوٹھی میں مونگا جڑواکر دھارن کریں۔جو ایسا نہیں کرسکتا ہے وہ اننت مول کی جڑ کو اپنے دائیں ہاتھ میں دھارن کر کے لال کپڑے پہن کر اپنے یگیہ یا جاپ کو شروع کریں۔ مکمل ہونے پر سکھ شانتی حاصل ہوگی منتر یہ ہے۔

''ॐ क्रां क्रीं क्रौं स: भौमाय नम:।

منگل دان:۔ منگل کا دان منگلوار کو سورج طلوع کے ایک گھنٹہ بعد تانبے کی پلیٹ میں رکھ کر دیں۔ دان کرنے والی اشیا میں مونگا۔ گندم۔ مسور۔ گڑ۔ سونا۔ لال کپڑے۔ لال کنیر کے پھول اور لال بیل وغیرہ شامل ہیں۔ جاپ منگلوار کو ہی مکمل کر کے کھیر کی لکڑی کیساتھ ہون کرکے پرشاد بانٹیں۔ کل دس ہزار منتر کا جاپ کرنا ہے۔

بدھ:۔ اس کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے سونے کی انگوٹھی میں پنا جڑواکر پہنیں۔ جو اشخاص اسے دھارن نہ کرسکتے ہوں وہ بدھارا کی جڑ کو اپنے دائیں بازو پر باندھ کر اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ہلکے ہرے۔ پیلے ملے جلے کپڑے پہن کر یگیہ کامیاب کرنے کے لئے شبھ اچھا سے جاپ مکمل کرکے جیون کو سپھل بناویں۔ منتر یہ ہے۔

''ॐ ब्रां ब्रीं ब्रौं स: बुधाय नम:।''

بدھ کا دان۔بدھ کا دان چاند نے بدھوار کو سورج طلوع کے دو گھنٹہ بعد کرنا چاہیے۔ دان۔ پنا۔ نگ۔ سونا۔ کانسی۔ مونگ ثابت۔ سبز کپڑا۔ ہاتھی دانت۔ ہر طرح کے پھول۔ کھانڈ۔ گھی۔ کپور۔ ہتھیار و مختلف پھل وغیرہ بدھوار کو ہی کرنا چاہئے۔ جاپ کے مکمل ہونے پر پھکنڈے کی لکڑی سے ہون کرنے کے بعد پرشاد بانٹیں۔ کل نو ہزار بار منتر کا جاپ کرنا ہے۔

برہسپتی۔ برہسپت کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے سونے کی انگوٹھی میں پکھراج جڑا کو دھارن کرنا چاہیے۔ جن کے لئے ایسا ممکن نہ ہو وہ کیلے یا نارنگی کی جڑ دائیں ہاتھ میں دھارن کریں۔ پیلے کپڑے پہن کر یگیہ جاپ کریں۔ اپنے من کو اچھے کاموں میں لگاتے ہوئے ہمیشہ سکھی رہیں۔ منتر یہ ہے۔

''ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं स: गुरवे नम:।''

برہسپت کا دان۔ ویروار کے دن صبح یا شام کسی وقت پکھراج۔ سونا۔ کانسی۔ چنے کی دال۔ کھانڈ۔ گھی۔ پیلے کپڑے۔ ہلدی۔ پیلے پھول۔ کتب۔ پیلا پھل۔ کیسر چندن وغیرہ ویروار کو جاپ مکمل کرنے کے بعد دان کریں۔ اس کے بعد پیپل کی لکڑی سے ہون کریں۔ آہوتی مکمل ہونے کے بعد پرشاد بانٹیں۔ منتروں کی مقدار اُنیس ہزار ہے۔

شکر۔ شکر گرہ کے بُرے اثر کو دور کرنے کے لئے ہیرا۔ چاندی یا سونے میں دھارن کریں۔ جو صاحبان ہیرا دھارن نہ کر سکتے ہوں وہ سرپنکھا کی جڑ (جھونجھرو کی جڑ) دائیں بازو پر دھارن کریں اور سفید کپڑے پہن کر یجیہ کو بغیر کسی رکاوٹ کے مکمل کریں۔ منتر یہ ہے۔

''ॐ द्रां द्रीं द्रौं सः शुक्राय नमः।''

شکر کا دان:۔ شکر کا دان شکر وار کو ہی سورج طلوع کے وقت ہی کرنا چاہئے۔ دان کرنے لائق اشیا میں ہیرا۔ چاندی۔ سونا۔ چاول۔ مصری۔ دودھ۔ گھی۔ دہی۔ سفید کپڑا۔ سفید پھول۔ سفید گھوڑا۔ سفید چندن وغیرہ شامل ہیں۔ شکر وار کو صبح ہی جاپ مکمل کرنے کے بعد ڈھاک کی لکڑی سے ہون کر کے پرشاد بانٹیں۔ منتر جاپ کی مقدار سولہ ہزار ہے۔

شنی:۔ شنی ایک پاپی گرہ ہے۔ اس کی دھیمی رفتار انسانوں کو تنگ کر دیتی ہے۔ اس کے برے اثر کو دور کرنے کے لئے سونے کی انگوٹھی میں نیلم دھارن کریں۔ جو شخص نیلم نہ پہن سکیں وہ بائیں ہاتھ میں لوہے یا سٹیل کا کڑا یا انگوٹھی کیساتھ بچھو گھاس کی جڑ (شرانا کی جڑ) دھارن کر کے ہلکے نیلے کپڑے پہن کر یجیہ جاپ کریں۔ جس کے اوپر شنی دیوتا خوش ہوتے ہیں اسکو دنیا میں کسی چیز کی کمی نہیں ہوتی۔

''ॐ प्रां प्रीं प्रौं सः शनये नमः।''

شنی کا دان:۔ شنی کا دان سنیچر وار کے دن دوپہر کے وقت کریں۔ دان کے لئے نیلم سونا۔ لوہا۔ اڑد۔ کلتھی۔ تیل۔ کالا کپڑا۔ کالے پھول۔ جوتا۔ کستوری۔ کالی گائے۔ بھینس وغیرہ میں سے کسی بھی چیز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جنڈ (شمی) کی لکڑی سے ہون کے بعد پرشاد بانٹیں۔ شنی کے منتر جاپ کی مقدار تیرہ ہزار ہے۔

راہو:۔ یہ بھی شنی کی طرح کاسست رفتار گرہ ہے۔ نامعلوم طریقہ سے ہر شخص کے اوپر اس کا اثر رہتا ہے۔ اس کا برا اثر روکنے کے لئے سونے کی انگوٹھی میں گومید کو دھارن کرنا چاہئے۔ جن کے لئے ایسا کرنا ممکن نہ ہو وہ سفید چندن کی جڑ یا چندن کی لکڑی کا چھلا بنا کر دائیں ہاتھ میں پہن لیں۔ دھر (سلیٹی) رنگ کے کپڑے پہن کر منتر جاپ کو بغیر کسی رکاوٹ کے مکمل کریں۔ منتر یہ ہے۔

''ॐ भ्रां भ्रीं भ्रौं सः राहवे नमः।''

راہو دان:۔ بدھ وار یا سنیچر وار کے دن رات کیوقت راہو کا دان کرنا چاہئے۔ دان کرنے کے لئے گومید۔ اڑد۔ سونا۔ سیشہ۔ تل۔ سرسوں کا تیل۔ نیلے کپڑے۔ کالے پھول۔ تلوار۔ کالا کمبل۔ لوہا وغیرہ میں سے کوئی بھی چیز لے سکتے ہیں۔ اِن میں سے کسی بھی چیز کا دان کرنے سے شبھ پھل ملتا ہے۔ اس کے بعد دُب (گھاس کی قسم) سے ہون کرنے کے بعد پرشاد بانٹیں۔ منتر جاپ کی مقدار اٹھارہ ہزار ہے۔

کیتو:۔ یہ ایک چھایہ گرہ ہے۔ جو کہ ہمیشہ ہی راہو سے ساتویں ستھان میں سانپ کی پونچھ کی طرح رینگ کر بالکل آہستہ چلتا ہے ہمیشہ پاپ پھل ہی دیتا ہے۔ اس کا پاپ پھل دور کرنے کے لئے لہسنیا نگ لوہے یا سٹیل کی انگوٹھی میں جڑوا کر پہننا چاہئے۔ اگر مندرجہ بالا نگ نہ ملے تو اسگندھ یا لاجونتی کی جڑ کو بائیں بازو میں باندھ کر دُھر رنگ کے کپڑے پہن کر یجیہ جاپ وغیرہ شروع کرنا چاہئے منتر یہ ہے۔

''ॐ स्त्रां स्त्रीं स्त्रौं सः केतवे नमः।''

کیتو دان:۔ سنیچر وار کے دن لہسنیا نگ۔ سونا۔ لوہا۔ تل۔ سات اناج۔ تیل۔ دھر رنگ کے کپڑے۔ دھر پھول۔ ناریل۔ کمبل۔ کالا بکرا اور ہتھیار وغیرہ دان کریں۔ اس کے بعد کش یعنی کشا سے ہون کریں۔ منتر جاپ کی مقدار سترہ ہزار ہے۔ ہون مکمل ہونے کے بعد پرشاد بانٹیں۔

غور فرمائیں:۔ سورج وغیرہ گرہوں کا دان جاپ ہوم۔ پوجا وغیرہ ان ہی دنوں (واروں) میں کرنا چاہئے۔ گرہ کے اپنے دن کو کئے گئے جاپ۔ دان پوجا وغیرہ سے ہر گرہ شانت و خوش ہو کر جلدی ہی شبھ پھل دیتا ہے۔ خاص کر جب منگلوار کو بھرنی نچھتر ہو اور اس دن چودس یا اشٹمی بدی پکش کی ہو تو پاپ گرہ کے واروں میں پاپی گرہوں کا دان کرنا زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ اماوس کے روز اگر سوم وتی ہو تو پھل سوگنا حاصل ہوتا ہے۔ تھی کشے والے دن کو اس سے بھی دس گنا اور اگر سنکرانتی اس وار کو ہو تو اس سے بھی سو گنا دان کا پھل کہا جاتا ہے۔ جپ۔ تپ۔ پوجا۔ دان وغیرہ ٹھیک طریقہ سے سرانجام دینے کے لئے کسی وِدوان براہمن سے صلاح مشورہ حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔

بارہ راشیوں کا ماہواری پھلادیش بکرمی سمت ۵۶-۲۰۵۵ء۔ سن عیسوی ۱۹۹۹ء

ماگھ (۱۴/ جنوری سے ۱۱/ فروری تک)		پھاگن (۱۲/ فروری سے ۱۳/ مارچ تک)		چیت (۱۴/ مارچ سے ۱۳/ اپریل تک)	
میکھ	**تُلا**	**میکھ**	**تُلا**	**میکھ**	**تُلا**
من بے چین۔ مالی نُقصان۔ فضول کے جھگڑے سے بچیں۔ بھائیوں کا سُکھ۔ اُلجھے ہُوئے مسئلے پریشان کریں۔ جنوری ۱۴۔ ۲۲۔ ۲۳۔ ۳۱۔ فروری ۱۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱ خراب	پیٹ میں خرابی۔ مالی فائدہ ہو کر نقصان کا خدشہ۔ زمین۔ جائداد سے مُتعلقہ جھگڑے۔ کاروبار میں گڑبڑ۔ جنوری ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۶۔ ۲۷۔ ۲۸۔ فروری ۴۔ ۵۔ ۶۔ خراب	صحت خراب۔ کاروبار میں فائدہ۔ گھریلو جھنجھٹ بڑھیں۔ دُشمن کمزور۔ اِستری سُکھ۔ فروری ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۰۔ ۲۷۔ مارچ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ناقص	صحت ٹھیک۔ مالی فائدہ۔ نِجی لوگوں کی مُخالفت۔ اِستری کشٹ۔ کاروبار میں رُکاوٹ۔ فروری ۱۴۔ ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۴ مارچ ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۱۳۔ ناقص	غُصّہ بڑھے۔ فضول کے جھگڑوں سے بچیں۔ مالی نقصان۔ کاروبار میں رَدّوبدل۔ اِستری سُکھ۔ مارچ ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۶۔ ۲۷۔ اپریل ۵۔ ۶۔ خراب	بگڑے کام بنیں۔ مالی نُقصان۔ قرضہ بڑھے۔ اَولاد کی خاطر خاص خرچ۔ اِستری سُکھ کاروبار ٹھیک۔ مارچ ۱۴۔ ۱۵۔ ۲۲۔ ۲۳۔ ۳۱۔ اپریل ۱۔ ۱۰۔ ۱۱۔ خراب
برکھ	**برسچک**	**برکھ**	**برسچک**	**برکھ**	**برسچک**
۱. لگن میں ذات جسم کا حلیہ۔ کلیش وغیرہ۔ عادت وخصلت۔ ۲. دوسرے گھر سے دھات علم متعلقہ راستہ روپیہ نفع بالنقصان۔ ۳. گھر میں بھائی بہن۔ نوکر۔ بیوپار۔ کوشش عزیز دوست۔ ۴. زراعت۔ دوائی۔ دفینہ۔ جائیداد عار بسرنگ کا حال۔ والدہ۔ دوست۔ رنج وراحت۔ گھر پہنچنا۔ ۵. حمل بمنتر کے علم کا حاصل کرنا۔ عقل۔ ۶. دشمن ماموں۔ روگ۔ مویشی۔ چور کا خوف۔ ۷. تجارت۔ جھگڑا۔ عورت۔ پردیسی کی واپسی۔ بیمار کی موت۔ مصیبت سے رہائی سفر بیوپار۔ حالات چور۔ ۸. قلعہ۔ جائداد۔ عمر۔ مقابلہ دشمن۔ بیماری۔ ۹. باؤلی۔ کنواں۔ مندر۔ سفر۔ دھرم کا کام۔ بلندی قسمت۔ ۱۰. ان جائے رہائش۔ والد۔ گورو۔ بارش۔ نوکری۔ روزگار پردیس جانا۔ عورت۔ بلندی منصب۔ ۱۱. ہاتھی گھوڑا۔ پالکی وغیرہ کی سواری۔ روپیہ کا لابھ۔ عمر۔ اولاد۔ ۱۲. تیاگ۔ بھوگ۔ جھگڑا۔ ابرکا خرچ۔ قرضہ۔ کھیتی کا کام دیکھا جاتا ہے۔

مٹھی پرشن!

۱. مٹھی میں کوئی چیز رکھ کر اگر کوئی پوچھے تو لگن کے مطابق اس کا جواب دو۔ میکھ لگن ہو تو لال رنگ کی چیز ہو۔ برکھ لگن ہو تو سفید رنگ کی۔ متھن ہو تو سبز رنگ کی۔ کرک ہو تو سفید رنگ کی۔ سنگھ ہو تو دھوئیں رنگ کی۔ برسچک ہو تو تانبے رنگ کی۔ دھن مین ہو تو زرد۔ مکر اور کنبھ ہو تو کالی۔ اور مین لگن ہو تو زرد رنگ کی چیز مٹھی میں کہہ دینا۔

۲. عام طور پر پرشن کی تین قسمیں ہیں۔ اول دھاتو۔ سونا۔ چاندی۔ پیتل۔ تانبہ وغیرہ۔ بلکہ مٹی کو بھی دھاتو کہتے ہیں۔ دوئم مول۔ جس کی جڑ زمین میں ہو۔ مثلاً درخت۔ جھاڑی۔ بیل۔ بوٹے۔ سوئم جیو۔ جاندار کو کہتے ہیں جو چل پھر اور سانس لے سکتا ہو۔

۳. پرشن لگن۔ میکھ۔ سنگھ۔ برسچک میں سورج و منگل ہوں یا لگن کو دیکھتے ہوں۔ تو دھات کا سوال ہوگا۔ اگر متھن۔ کنیا۔ مکر۔ کنبھ۔ لگن ہو۔ بدھ سنیچر بڑے ہوں یا دیکھتے ہوں تو مول کا سوال۔ اور کرک۔ برکھ۔ تلا۔ دھن مین لگن میں چندرماں۔ برہسپتی و شکر بڑے ہوں یا دیکھتے ہوں تو جیو کا سوال سمجھیں۔

۴. کیندر یعنی ۱۔۴۔۷۔۱۰ میں سورج منگل طاقتور ہو کر بیٹھے ہوں تو دھات کا سوال ہوگا۔ بدھ و سنیچر ہوں تو مول کا سوال ہوگا۔ چندرماں۔ برہسپت شکر ہوں تو جیو کا سوال جانو۔ کونسا جیو۔ مثلاً انسان یا حیوان یا پرند اس کی ذات ورنگ معلوم کرنے کے لئے نقشہ کو ملاحظہ فرمائیں۔ کونسی دھاتو ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے گرہ یا لگن کی راشی کی جو مقرر دھاتو ہے۔ جو کہ نقشہ میں خلاصہ طور پر درج ہے۔ دیکھ لی جائے۔ ایسے ہی اگلے صفحہ میں درج نقشہ کی رو و دماغی قابلیت سے تنکے سے لیکر پہاڑ تک کی مول اشیا کو جانچ کر بتا سکتے ہیں۔

۵. لگن کا مالک اور گیارہویں خانہ کے مالک میں سے جو زیادہ طاقتور ہو۔ اس سے جتنے گھر میں چندرماں بیٹھا ہو۔ اس گھر کا سوال خیال کرو۔ نیز جہاں چندرماں بلوان ہو۔ اس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو۔ اس گھر کا سوال خیال کرو۔ نیز جہاں چندرماں بلوان ہو۔ اس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو۔ اسی بھاؤ کو سمجھ کر سوال کرنے والے کے خیالات سمجھنے چاہئیں۔

سوالات وجوابات

جس خانہ میں مالک خانہ یا شبھ گرہ بیٹھے ہوں۔ یا دیکھتے ہوں۔ اس خانہ کی ترقی ہوتی ہے۔ اگر پاپی گرہ بیٹھے دیکھتے ہوں تو اس گھر کا نقصان کرتے ہیں جس گھر کا مالک ۶۔۸۔۱۲ خانہ میں بیٹھا ہو یا ۶۔۸۔۱۲ خانہ کا مالک جس گھر میں بیٹھا ہو۔ اس گھر کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ جنم کنڈلی پرشن کنڈلی ورس کنڈلی میں سب جگہ اس کا وچار کرنا چاہئے۔

کارج سدھی

۱. پرشن لگن کا مالک پرشن لگن کو اور خانہ سوال کا مالک خانہ سوال کو دیکھے یا لگن کا مالک اور خانہ سوال کا مالک ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں یا لگن کا مالک خانہ سوال کو دیکھے اور خانہ سوال کا مالک لگن کو دیکھے۔ یا ان گھروں میں بیٹھے ہوں کر جن سے ان کی پوری نظر بھی ہو تو کام میں پوری پوری کامیابی ہوگی۔ ۲. متھن۔ سنگھ۔ کنیا۔ تلا۔ برسچک اور کنبھ میں سے کوئی لگن ہو۔ نیک سیارہ اس میں بیٹھا ہو۔ یا دیکھے تو کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ برعکس ہونے سے ناکامیابی۔

سفر و پردیسی

سوال ۱. میں سفر کروں گا یا نہیں۔ ۲. پردیسی راضی ہے یا بیمار۔ (جواب) اگر دستھرا لگن برکھ۔ سنگھ۔ برسچک۔ کنبھ ہوں تو کہو۔ ۱. تم سفر نہیں کرو گے۔ گھر ہی رہو گے۔ ۲. پردیسی وہیں ہے اور راضی خوشی ہے۔ فکر نہ کریں۔ ۳. اگر اس وقت (چر لگن) میکھ۔ کرک۔ تلا یا مکر لگن ہو تو کہو کہ تم سفر ضرور کرو گے۔ ۲. پردیسی شخص بیمار ہے۔ اور ضرور مر جائے گا۔ ۳. گم شدہ چیز نہیں ملیگی اگر اس وقت مین متھن۔ کنیا۔ دھن لگن ہو۔ تو اوسط درجہ کا یعنی درمیانہ پھل ملتا ہے اگر ان لگنوں کا پہلا نصف حصہ ہو تو پر لگنوں کا پھل ہوگا اور اگر پچھلا یا نصف حصہ ہو تو ستھر لگنوں کا پھل ہوتا ہے۔

اگر نوم یا دسویں خانہ میں نیک ستارگان ہوں۔ تو سفر نہیں ہوگا۔ بد سیارے ہوں۔ تو ضرور ہوگا پرشن کے وقت اگر چھٹے استھانوں میں کوئی گرہ پڑا ہو۔ تو مسافر جلد واپس آئے گا اگر کیندر استھان پر زہ ہوں اور وہ جلد تبدیل ہونے والے ہوں۔ یعنی جتنے دنوں میں تبدیل ہوں گے۔ اتنے ہی دنوں میں مسافر واپس آئے گا۔

اگر ۲۔۵ میں چندرما ہو تو مسافر ضرور واپس آئے گا۔ اگر نویں بھاؤ کا سوامی کسی بھی راشی کے چندرماں انشوں کو بھوگ چکا ہو۔ اور چندرماں پرشن لگن سے ساتویں استھان پر ہو تو مسافر راستہ میں آرہا ہے پرشن کے وقت لگن چر ہو تو انشا بھی چر ہو اور لگن سے چوتھے استھان پر چندرماں ہو تو مسافر گھر یعنی منزل مقصود پر پہنچ گیا ہے۔

شادی؟

اگر پرشن لگن سے ۲۔۳۔۶۔۷۔۱۰۔۱۱ خانہ میں چندرماں ہو اور برہسپت دیکھے تو عورت ملے۔ اگر چندرماں پاپی گرہوں کے ساتھ ہو۔ یا پاپی گرہ دیکھتے ہوں تو بیاہ نہ ہو۔ اگر لگن سے ۳۔۵۔۶۔۱۱ خانہ میں چندرماں ہو اور اس کو سورج۔ بدھ۔ برہسپت دیکھے تو بیاہ ہو۔ اگر کیندر اور ترکون میں شبھ گرہ ہوں۔ یا پاپی نہ ہوں تو بیاہ ہوگا۔ اگر لگنیش ساتویں گھر میں اور ساتویں گھر کا مالک لگن میں ہو یا یا ہر دو آپس میں دیکھیں تو بیاہ ہوگا۔

حمل و اولاد؟

لگنیش اور چندرماں کیندر یعنی ۱۔۴۔۷۔۱۰ گھر میں آپس میں اتصال کریں تو عورت کو حمل ہے۔ اگر ۳۔۶۔۹۔۱۲ گھروں میں اتصال کریں یا لگنیش اور مالک خانہ پنجم آپس میں نہ دیکھیں تو عورت کو حمل نہیں ہے۔ اگر سوال کنندہ پوچھے کہ عورت کو کتنے مہینے کا حمل ہے۔ تو لگن سے جتنے گھر میں شکر بیٹھا ہو اتنے مہینوں کا حمل ہوگا۔ اگر شکر نویں گھر کے اوپر ۱۰۔۱۱۔۱۲ خانہ میں ہو پھر پانچویں گھر سے شکر کا شمار کر کے حمل کے مہینے جانو۔

حمل میں کیا ہے؟

اگر لگنیش اور پنچمیش یعنی مالک خانہ پنجم ۱۔۳۔۵۔۷۔۹۔۱۱ اس میں بیٹھے تو حمل میں لڑکا ہوگا اور ۲۔۴۔۶۔۸۔۱۰۔۱۲ راس میں ہوں تو حمل میں لڑکی ہوگی۔ اگر لگنیش سورج۔ منگل۔ برہسپت میں سے کوئی ہو۔ اور وہ ۱۔۳۔۵۔۷۔۹۔۱۱ راس ہو یا پانچویں گھر میں سورج۔ منگل۔ برہسپت ہوں۔ تو لڑکا ہوگا۔ اگر پانچویں گھر چندرماں۔ بدھ۔ شکر ہوں تو لڑکی پیدا ہوگی بوقت سوال تتھ۔ نچھتر۔ یوم اور نام کے ہندی حروف ان سب کو جمع کر کے ۲ پر تقسیم کرو۔ اگر باقی ۱۔۳۔۵ بچیں تو لڑکا پیدا ہو۔ اگر صفر ۲۔۴۔۶ بچیں تو لڑکی پیدا ہوگی۔

بیماری؟

لگن حکیم۔ خانہ ہفتم بیماری۔ چہارم دوائی اور دہم بیمار سمجھیں۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں تو حکیم مریض کو تندرست کردے گا۔ اگر پاپی گرہ ہوں۔ تو حکیم سے بیماری زیادہ ہوگی۔ اس لئے حکیم کو طاقتور شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو جلد آرام آجاوے گا۔ اگر لگن میں چندرماں اور ساتویں گھر میں سورج ہو تو مریض مرجاوے گا۔ اگر چھٹے گھر کا مالک پاپی گرہ ہو کر لگن میں بیٹھا ہو اور دہم راس کو دیکھے تو مر جائے۔ اگر لگن اور دسویں گھر کے مالک و ہم، گھر کے مالک آپس میں دوست یعنی ایک دوسرے سے ۳۔۱۱۔۵۔۹ گھر میں ہوں تو مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ مگر ان گھروں کے مالک ایک دوسرے سے ۴۔۶۔۷۔۱۰ گھر میں واقع ہوں۔ تو بیماری بڑھے گی اگر لگنیش طاقتور ہو اور کیندر میں کوئی شبھ گرہ اوچ راس کا ہو کر بیٹھا ہو یا ترکون یعنی ۵۔۹ خانہ میں شبھ گرہ اوچ کا ہو تو مریض کو جلد آرام ہوگا۔ اگر لگن چر ہو۔ تو بیماری کبھی ہٹ جاتی ہے۔ کبھی پھر ہو جاتی ہے۔ ستھر ہو تو بیماری متواتر ایک ہی سی رہتی ہے دسبھاؤ ہو۔ تو ایک بیماری چھوڑ دوسری ہوتی ہے۔ ایسے سمجھو۔

بلندئیے مراتب؟

اگر گیارہویں گھر کے مالک سے لگنیش ۳۔۵۔۹۔۱۱ گھر میں ہو اور آپس میں اتصال کریں۔ تو جلد مرتبہ ملے گا۔ اگر ۱۔۴۔۷۔۱۰ گھر میں اتصال ہو۔ تو دیر سے ملے گا۔ اگر ہر دو گرہ کیندر میں ہو کر اتصال کریں اور گیارہویں گھر میں کرک یا برکھ راس کا چندرماں ہو تو امید پوری ہوگی۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک غروب و پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو امید پوری ہو کر پھر ناامیدی ہو جاوے۔ اگر گیارہویں گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ ہو یا شبھ گرہ دیکھے تو مرتبہ ملے۔

خرید و فروخت؟

خرید کرنے والا لگنیش یعنی لگن کا مالک اور فروخت کرنے والا لابھیش یعنی گیارہویں گھر کا مالک ہوتا ہے۔ ان دونوں کی طاقت دیکھ کر سوال کا جواب دینا چاہئے کیونکہ آئندہ ارزاں نرخ ہو جاوے گا۔ اگر کمزور ہو۔ فروخت کرنے سے نقصان ہوگا۔


زمین؟

لگنیش اور چندرماں اور مالک خانہ چہارم آپس میں اتصال کریں۔ یا ایک ہی گھر میں تینوں ہوں تو زمین ضرور ملے گی اگر ساتھ ہی پاپی گرہ بھی بیٹھے ہوں یا دیکھتے ہوں تو زمین نہیں ملیگی۔

زراعت؟


اگر پرشن لگن میں پاپی گرہ ہوں تو زراعت کو چوروں کا خطرہ ہو اگر یہ پاپی گرہ وکری یا زیادہ تیز رفتار ہوں تو تھوڑا سا نفع ہو۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت سے اچھا نفع ہو۔ اگر چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو کسان زراعت کو چھوڑ کر بھاگ جاوے گا۔ اگر ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت اچھی ہوگی۔ اگر پاپی گرہ ہوں زراعت کم ہو۔ اگر دسویں گھر کا مالک دسویں خانہ میں ہو اور ساتھ ہی شبھ گرہ بھی بیٹھے یا دیکھتے ہوں تو فصل بہت اچھی ہو۔


علمِ قیافہ ——— یعنی ——— علمِ سامدرک



ہست ریکھا وِچار

(پامسٹری)





ہاتھ میں کچھ دیگر نشانات

ہاتھ کے دونوں نقشے اوپر دیئے گئے ہیں لیکن ہاتھ میں کئی قسم کے اور دوسرے نشان بھی دیکھے جاتے ہیں۔ ان میں سے آٹھ مشہور نشان یہ ہیں۔ (۱) داغ (۲) نچھتر (۳) ٹاپو (۴) سم کون (۵) کون (۶) تربھج (۷) گنگ (۸) جال۔ ان نشانوں کی تصویریں نقشہ میں دی ہوئی ہیں۔ اس کی مدد سے عالم لوگ ان نشانوں کی شکلیں سمجھ سکتے ہیں۔ ان نشانوں میں سے نچھتر۔ ٹاپو۔ سم کون۔ کون اور تربھج یہ پانچ شبھ ہیں۔ داغ۔ گنگ۔ اور جال یہ تین اشبھ ہیں۔ جو نشان جس ریکھا کے نزدیک ہو، یا درمیان ہو، وہ اسی ریکھا کے پھل کو نیک و بد بنائے گا۔ اشبھ نشان جس ریکھا کے نزدیک ہوں گے۔ اسی پھل میں برائی پیدا کریں گے۔ اسی طرح شبھ نشان بھی اپنا ... مائیں گے۔ اگر مندرجہ بالا نشانوں میں سے کوئی نشان کسی گریہہ کے مقام پر ہو، تو اس گریہہ کے پھل پر بھی اس نشان کا اثر پڑے گا۔ مثلاً بد نشان اس گریہہ کے پھل یا اپنی برائی کو ظاہر کرے گا اسی طرح شبھ نشان اس گریہہ کے اشبھ پھل میں سدھار اور شبھ پھل میں ترقی کرے گا۔

پرماتمانے جو کچھ نصیبوں میں لکھا ہے، وہی عملی طور پر انسان کی زندگی میں واقع ہوتا ہے اس کے برخلاف کچھ نہیں ہو سکتا۔ پرماتمانے انسان کے جسم کی شکل و شباہت اور اس کی ساخت و بناوٹ کے ایسے نشانات ڈھالے ہیں جس سے اس کی خاصیت اور ماہیت بخوبی معلوم ہو سکتی ہے۔ یہ قدرتی نقش و نگار جن کو پرماتمانے ہر ایک انسان کے جسم پر اس کی تقدیر کے موافق کھینچے ہیں تاکہ عقلمند ان کی خاصیت اس کے نقش و نگار سے واقف ہو جاوے۔ ہاتھ اور انگلیوں کی سیدھی و ٹیڑھی لکیریں، ہتھیلی کی بناوٹ، ناخنوں کے رنگ اور بناوٹ کے دیکھنے سے تقدیر معلوم ہو سکتی ہے۔

کلائی کی بناوٹ:۔ کلائی پر لائن یعنی ریکھا کا ہونا خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اگر تعداد میں فقط ایک ہی ریکھا ہو تو وہ اس انسان کی عمر صرف ۳۰ سال ظاہر کرتی ہے۔ اور اگر دو لائن ہو جاویں تو اس سے دوگنی عمر ظاہر ہو گی۔ اسی طرح سے جتنی ریکھائیں کلائی پر ہو جاویں اسے دوگنا کرتے جاویں۔ یعنی اگر چار ریکھائیں پڑ جائیں تو وہ ایک سو بیس سال کی عمر ظاہر کریں گی۔

ہاتھ سے پہچان:۔ سخت ہاتھ والا حکومت کرنے میں یادر ہو گا نرم ہاتھ والا آرام طلب ہو گا۔ نرم اور پھیلے ہوئے ہاتھ سست طبیعت اور رمند بھاگ ہونے کی علامت ہے۔ سخت اور مضبوط ہاتھ والا صبر اور پھرتی والا ہو گا۔ چھوٹا ہاتھ زندگی غلامی میں گذارنے کی علامت ہے پتلے ہاتھ والا بچپن میں کی لیاقت سے زندگی عمدہ بنانے والا ہو گا لمبا۔ بدنما اور سخت ہاتھ جاہل۔ بے رحم اور بڑی قسمت والا ہو گا۔ ہاتھ پاؤں چھوٹے کو مطلب پرست اور منحوس مانا گیا ہے۔ صاف اور عمدہ ہاتھ عقل، شرافت کو ظاہر کرتا ہے۔

ہاتھ کے چھ درجے:۔ روحانی ہاتھ۔ متفرقہ ہاتھ۔ سپاٹ ہاتھ۔ مثلثی ہاتھ۔ مربع ہاتھ۔ منطقی ہاتھ۔

روحانی ہاتھ:۔ جس کی انگلیوں کے جوڑ معلوم نہ ہوں اور ناخن کی پوری نوکیلی ہو تو ایسا انسان جو قیمت کرے گی دیکھا جائے گا کے قول کا عادی ہو گا۔ **سپاٹ ہاتھ:** جس کی انگلیوں کے جوڑ موٹے اور سرے ان کے گول ہوں تو ایسا انسان محنتی ارادہ کا پکا۔ جس بات پر اڑے پیچھے نہ ہٹے۔ جس کا انگوٹھا چھوٹا انگلیاں تراشی ہوئی سی ہوں ایسا شخص فقدتی عقل والا، شرمناک اور ڈرپوک ہو گا۔ **مثلثی ہاتھ:۔** جس کی انگلیاں نوک دار اور جوڑ ان کے موٹے ہوں، حسن پرستی پر مرمٹنے والا ہو گا۔ **مربع ہاتھ:۔** جس کی انگلیوں کے سرے موٹے ہوں حکومت کا خواہشمند ارادے کا پکا۔ **منطقی ہاتھ:۔** جس کا انگوٹھا لمبا انگلیوں کے جوڑ باہر کو یا موٹے ہوں تو ایسا شخص معاملات کی تہہ تک پہنچنے والا ہو گا۔

ہاتھ دیکھنے کا طریقہ اور وقت: مرد کا دایاں اور عورت کا بایاں ہاتھ دیکھنے کے علاوہ دونوں ہاتھوں کا بغور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ غذا کھانے کے بعد رات کے وقت یا کم روشنی میں ہاتھ دیکھنا اور نہ ہی دکھانا چاہیئے۔ بعد و رزش یا کسی بوجھ اٹھانے کے اور نہ ہی کسی منشی اشیاء استعمال کے بعد دکھانا چاہیئے۔ ہاتھ دیکھنے کے وقت سب سے پہلے عمر ریکھا کو دونوں ہاتھوں میں غور سے دیکھنا چاہیئے۔ ہاتھ کو غور سے دیکھو اور خیال رکھو کہ بعض لوگوں کے ہاتھوں میں بباعث محنت و مشقت زائد ریکھا بھی بڑھ جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کے ہاتھ دیکھنے میں زیادہ احتیاط رکھی جاوے۔

پشت ہاتھ دیکھنے کا طریقہ: جس مرد کے ہاتھ کی پشت پر بال معلوم نہ ہوں کوئی بھی نس ابھری ہوئی نظر نہ آوے۔ اور پشت کی اونچائی زیادہ ہو۔ تو وہ انسان خوش قسمت ہوتا ہے اور کسی عورت کے ہاتھ کی پشت پر بال ہوں اور نسیں بھی نظر نہ آویں اور اونچائی نہ ہو تو وہ بدنصیب عورت ہے۔ یا جلدی بیوہ ہوگی۔ زیادہ بالوں اور نسیں ابھری ہوئی والا ہاتھ غریبی کی علامت ہے۔ پشت پر زیادہ بال دھوکہ باز اور چالاک ہونے کی نشانی ہے۔ بالکل بال نہ ہونے بے وقوف ہونے کی علامت ہے چھوٹے چھوٹے بال یا نامعلوم بال ہونے، عقلمندی اور بات کی تہ تک پہونچنے اور آرام پسند ہونے کی علامت ہے۔ عورت کے ہاتھ کی پشت پر بالوں کا ہونا اس کی بے رحمی کو ظاہر کرتا ہے۔ انگوٹھے پر بالوں کا ہونا عقلمندی کا نشان ہے۔ انگلیوں کی گانٹھ یعنی جوڑوں پر بالوں کا ہونا دل کی سختی کی علامت ہے۔ انگلیوں کی پشت پر بالوں کا ہونا ظلم اور بدکردار ہونے کا نشان ہے۔

ہتھیلی کی پہچان

جس کی ہتھیلی بھاری یا موٹی ہو۔ لالچی و معمولی درجہ کی زندگی کی نشانی ہے۔ لاغر یا کمزور ہتھیلی غریبانہ حالت و غریبانہ روزگار ہونے کی علامت ہے لمبی ہتھیلی فقط خاہر کرنے کی طاقت ہی ظاہر کرتی ہے دیگر لمبی یا گول ہتھیلی حکمران و خوش گذران ہونے کی دلیل ہے۔ کوئی آدمی ایسا نہ ہوگا جس کے ہاتھ میں سیدھے یا ٹیڑھے خط نہ ہوں اگر بر تقدیر کوئی ایسا آدمی جس کے ہاتھ میں بالکل کوئی ریکھا نہ ہو، تو اول اس کی زندگی محال ہوتی ہے۔ اگر کسی اور علامت سے وہ زندہ رہ ہی جاوے تو بڑا فرق اور سفاک ظالم ہو۔ اور اگر کسی کے ہاتھ میں قدرے ناریکھا بکثرت ہوں تو وہ شخص مفلس اور تنگدست ہو، اور اگر ریکھا گہری اور چکنی اور دراز ہوں تو ہر ایک کام میں کامیابی حاصل ہو۔ پس ہاتھ کو غور سے دیکھو۔

ہاتھ کی ہتھیلی کی رنگت سے پہچان: سفید رنگ کی ہتھیلی والا سوار یعنی خود غرض و خود پسند ہو، دوسروں کے کام نہ آئے۔ سرخ رنگ کی ہتھیلی والا دولت مند اور صاحب جائداد ہو۔ زرد رنگ طبیعت میں گرم مزاجی بغیر عورتوں سے ناجائز تعلقات پیدا کرے۔ سیاہ رنگ طبیعت کا کف بلغمی۔ بزدل و دکھی رہے۔ منشی اشیا کا استعمال کرے۔ مٹیالا رنگ غریبی کی علامت ہے۔ شست دکائی ہو، گلابی رنگ قسمت آور ہے۔ اقبال مند انصاف پسند دانا و عاقل ہو۔

ناخنوں سے پہچان: ناخن ۶ مہینے میں پورا ہو جاتا ہے۔ اس لئے پھٹے ہوئے ناخنوں سے بیماری کے وقت کا پتہ لگ جاتا ہے۔ ناخن گول ہونا علم دہنر والا اور مشہور ہونے کی علامت ہے۔ چوڑے ناخن پٹھوں کی بیماری کو ظاہر کرتے ہیں۔ چھوٹے ناخن تنگ دل لالچی اور جلد باز ہونے کی نشانی ہے اور بہت ہی چھوٹے ناخن کم عقلی کو ظاہر کرتے ہیں۔ لمبے ناخنوں سے پھیپھڑے کی بیماری یعنی تپ دق۔ دمہ۔ چھاتی کی بیماری کا پتہ چلتا ہے۔ اگر لمبے ناخنوں میں نیلے پن کی جھلک دکھائی دے تو جسم میں خون کی کمی و دل کی کمزوری ظاہر کرتے ہیں۔ پتلے جھکے ہوئے اور ٹیڑھے ناخنوں سے نازک حالت خراب معقول میں ہونے کی نشانی ہے۔

ناخنوں کی رنگت سے پہچان: سبز رنگ سے شریر فسادی۔ نیلا یا سفید رنگ سے خون کی کمی۔ بیمار۔ زرد رنگ سے دل کی بیماری۔ سیاہ رنگ سے عمر بھر کم دولت اور غریب ہونے یا سکہ کا رنگ سے پریشانی کی علامت ہے۔

انگلیوں کی پوریوں سے پہچان

انگوٹھے کی دو اور باقی کی تین تین پوریاں ہوتی ہیں۔ انگلیوں کی پوریوں پر سیدھی اور کھڑی باریک لکیریں اوپر کی طرف اٹھی ہوئی خوش قسمتی کی علامت ہے اور اسی سے انسان کا بچپن جوانی اور بڑھاپا کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مالی حالت کیا ہوگی۔

انگلیوں کی پوریوں سے تین باتوں سے حالات معلوم کر سکتے ہیں: پہلی پوری ناخن والی سے عقل اور فہم اور علم روحانی یعنی بدھی و عادات۔ دوسری پوری سے دماغی اور حسابی حالات، تیسری سے بیوپار روزانہ یعنی بیوپار تجارت اور روزگار کی پہچان کی جا سکتی ہے۔ پوری اول لمبی مضبوط اور موٹی ہو تو اس کا دماغ اعلیٰ پایہ کا ہوگا۔ اور قانون قدرت کا قائل ہوگا۔ پوری نمبر ۲ لمبی اور مضبوط اور موٹی ہو تو اس کی خواہشات وسیع ہوں گی۔ ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرے گا۔ پوری نمبر ۳ مذکورہ بالا پوریوں کی نسبت لمبی زیادہ اور موٹی ہوں تو دنیاوی آرام کا خواہشمند اور عیش پسند ہوگا۔

انگلیوں کی راشیاں: انگلی نمبر اول جو کہ انگوٹھے کے ساتھ والی ہے۔ اس انگلی کی پہلی پوری کی راس میکھ۔ پوری نمبر ۲ بر برکھ پوری نمبر ۳ متھن انگلی نمبر ۲ کی پہلی پوری کی راس کر دوسری کی کمبھ اور تیسری پوری کی مین راس ہے۔ انگلی نمبر ۳ کی پہلی پوری کی کرک اور دوسری کی سنگھ تیسری کی کنیا راس ہے۔ انگلی نمبر ۴ کی پہلی پوری تلا دوسری کی برسچک اور تیسری کی دھن راس ہے۔

ہاتھ کے انگوٹھے سے علامات دریافت کرنے کا طریقہ

انگوٹھے کے ناخن والا حصہ اگر بڑا ہو تو بہادری اور جوانمردی کی علامت ہے۔ مگر ایسا شخص متکبر و خود غرض ہوتا ہے۔ تجربہ بتلاتا ہے کہ اگر اس حصہ کے جوڑ میں عرض اور نشان مثل دانہ جو کے ہو تو بتلا دو کہ آپ کی پیدائش چاندنی حصہ کی ہے اگر یہ جو پورا خوب صورت ہو تو وہ دولت مند خوش گذران ہو۔ اور اگر جو کسی جگہ سے ٹوٹا ہوتا ہو تو ہمیشہ سفر میں رنج و تکلیف اٹھائے دیگر اس پورے میں ایک خط مانند (۱) کے سیدھا ہو تو وہ بڑا پرہیزگار، عابد، راست گو اور صاحب کمال ہو۔ انگوٹھے کا درمیانی پوروے کا حصہ دانائی اور عقلمندی کے ہے۔ اور اگر نسبت دوسرے حصوں کے یہ حصہ بڑا ہے تو جان لو کہ یہ شخص بڑا دانا عقلمند بلکہ عالم فاضل اور لکھار ہے۔ انگوٹھے کا سب سے نیچے کا حصہ نفس سے متعلق ہے۔ اگر یہ حصہ نسبت اوپر کے حصوں کے بڑا ہو تو جانو کہ یہ شخص عورتوں سے زیادہ الفت رکھے

ہاتھ کی انگلیوں سے پہچان

عموماً ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ اور اگر تعداد میں چھ ہو جائیں تو کم عمر اور مند بھاگ ہوگا ورنہ لمبی عمر اور خوشحال ہوگا۔ اول انگلی کا نام ترجنی دوسری کا نام مدھما تیسری کا نام اَنامکا اور چوتھی کا نام کنشٹکا ہے۔ ہاتھ کی انگلیاں بالکل صاف اور سیدھی ہوں تو خوش قسمتی کی علامت ہے۔ ترجنی حکومت کی انگلی ہے اس سے ارادہ کی پختگی کا پتہ چلتا ہے۔ مدھما سیانپن، علیحدگی، گوشہ پسندی ظاہر کرتی ہے۔ اَنامکا خود دوستی، محنت کی عادت۔ ہنرمندی کی نشانی ہے۔ اور کنشٹکا بولنے کی طاقت و دماغی قابلیت ہونے کی علامت ہے۔ بشرطیکہ یہ سب بالکل سیدھی ہوں۔

ہاتھ کی ریکھاؤں کے بناوٹ کے حالات

ہاتھ کی ریکھائیں تو بہت سی ہیں مگر اس وقت صرف آٹھ ریکھاؤں کے متعلق ذکر کرتے ہیں۔
(۱) تو (۲) مستک (۳) انیتہ کرن (۴) بھاگیہ (۵) ودیا (۶) آروگیہ (۷) چندر ماں (۸) معاون ریکھا۔ آیو ریکھا، انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان سے نکل کر کلائی کی طرف انگوٹھے کے نیچے حصے کی اونچائی کو گھیر کر کلائی تک آگئی ہے۔ اس سے آئندہ لاحق ہونے والی بیماریوں کی پہچان ہوتی ہے۔ یہ ریکھا لمبی اور مکمل کلائی تک ہو نہ گہری اور نہ ہی زیادہ فراخ ہو۔ دیکھنے میں خوب صورت رنگت میں گلابی ہو۔ کہیں بھی کسی قسم کا داغ نہ ہو اور دوسری ریکھاؤں سے جگہ بجگہ کٹی ہوئی نہ ہو۔ ایسی ریکھا رکھنے والے کی عمر دراز، تندرست۔ سکھی۔ مضبوط ہونے کی علامت ہے۔ بشرطیکہ بائیں ہاتھ میں بھی یہ ریکھا ایسی ہی ہو۔ اگر کم و بیش ہو جاوے تو اسے ناپ لینا چاہئے۔ ایک ہاتھ میں اس ریکھا کا راستہ میں ہی ٹوٹ جانا طبیعت کے پریشان یعنی علیل رہنے کی علامت ہے۔ اور دونوں ہاتھوں میں اس ریکھا کا ٹوٹ جانا لازمی اور یقینی موت کی دلیل ہے (۲) مستک ریکھا کا تعلق دماغی قوتوں و عقل وغیرہ سے ہے۔ اس سے آدمی کی سمجھ بوجھ اور ذہانت کا حال معلوم ہوگا۔ یہ ریکھا انگوٹھا اور ساتھ والی انگلی کے درمیان اور آیو ریکھا سے اوپر کی ریکھا ہے۔ خطِ دماغ سیدھا بے عیب نہ زیادہ لمبا اور نہ چھوٹا جو خطِ زندگی کے آغاز سے شروع ہو کر ہتھیلی کے دوسرے سرے ذرا دور ہی ختم ہو جاوے۔ صحیح الدماغ۔ کامیاب اور ہمہ صفت موصوف ہوتا ہے اور ہتھیلی کے دوسرے کنارے تک پہنچا ہوا خطا خود غرض ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) انیتہ کرن ریکھا اس ریکھا کا تعلق کیفیت نفس اور طبعی رجحان کے ساتھ ہے۔ اس سے انسان کے جذبات معلوم ہوتے ہیں۔ یہ چوتھی یعنی چھوٹی انگلی جس کا نام کنشٹکا ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔ کی جڑ کے پاس بدھ کے استھان کے نیچے سے شروع ہو کر برہسپت کے استھان یعنی ترجنی کے نیچے پہنچتی ہے۔ اس ریکھا کے خاتمہ پر دو شاخی ہونا بینائی میں فرق آنے کی دلیل ہے۔ نمبر ۴۔ بھاگیہ ریکھا۔ یہ ریکھا بڑی اہم ہے۔ یہ ریکھا چار مقاموں سے شروع ہوتی ہے۔ اول کلائی سے شروع ہو کر ہتھیلی کے درمیان سے گزر کر سیدھی درمیانی انگلی کی جڑ سے پاس یعنی سنیچر کے استھان پر ختم ہوتی ہے۔ دوئم آیو ریکھا کے پاس سے بھی شروع ہوتی ہے۔ سوئم چندرما کے استھان سے بھی نکلتی ہے۔ چہارم منگل کے میدان سے بھی شروع ہوتی ہے۔ بعض ہاتھوں پر یہ ریکھا بالکل نہیں ہوتی۔ اس سے یہ مطلب نہیں سمجھنا چاہئے کہ ایسے آدمی کا بھاگیہ ہی خراب ہے۔ اس کے لئے سورج کی لائین کا اچھی طرح سے لاحظ فرما دیں۔ نمبر ۵۔ سورج ریکھا جسے ودیا ریکھا اور بھاگیہ ریکھا کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ یہ ریکھا بھاگیہ کے اودے ہونے میں مدد دیتا ہے۔ اور اَنامکا کے نیچے ہوتی ہے۔ یہ ریکھا باریک سیدھی اور صاف ہونی چاہئے۔ ٹوٹی لکیر یا مدھم لکیر بھاگیہ اور ودیا کی کمی ہونے کی دلیل ہے۔ صاف ریکھا سے پورا ودوان عالم و مشہور و معروف ہوتا ہے۔ نمبر ۶ اروگیہ ریکھا اس ریکھا سے جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے انسان کی جسمانی صحت کا پتہ بتلاتی ہے یہ ریکھا کلائی سے نکل کر سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ کے استھان تک پہنچتی ہے۔ اس سے تندرستی ظاہر ہوتی ہے۔ اور اگر آدمی تندرست رہے گا، تو وہ کبھی بے کار نہیں رہے گا۔ بلکہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں لگا رہے گا۔ اس لئے شاستروں میں آیا ہے کہ ایسا انسان ہر وقت خوش و خرم ہی نظر آئے۔ نمبر ۷۔ چندر ماں کی ریکھا۔ نمبر ۲ کے پاس مشرق کی جانب انگلی نمبر ۴ کے نیچے ریکھا نمبر ۳ سے نکل کر منگل اور چندر ماں کے استھان کو گھیر کر نصف چاند کی مانند ریکھا والا جوتشی۔ وید باکمال۔ انجینئر۔ ڈاکٹر۔ یوگی راج ہونے کی دلیل پیش کرتا ہے۔ نمبر ۸۔ معاون ریکھا عمر۔ یہ ریکھا جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے۔ عمر ریکھا کی مددگار ہے۔ عمر ریکھا ہی کی مددگار نہیں، بلکہ انسان کی تمام عمر یا زندگی کی مدد ظاہر کرتی ہے۔ یہ ریکھا آیو کے ساتھ ساتھ ہی چکر کاٹتی ہوئی کلا کے پاس جا کر ختم ہو جاتی ہے غرضیکہ ایسا آدمی ہر طرح سے سکھ پاتا ہے۔

ہاتھ کی چھوٹی چھوٹی ریکھاؤں کی پہچان

بدھ کے استھان پر کنشٹکا یعنی سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے کے کنارے پر شادیوں کے متعلق ریکھاؤں کی پہچان ہے۔ اس کے کنارے پر جس قدر بڑی اور صاف ریکھائیں ہوں گی اتنی ہی شادیاں ہوں گی۔ دو لکیروں سے زیادہ تعداد کی حالت میں عورتوں کی تعداد شادی کی اور لکیروں کی تعداد سے ایک کم یعنی تین لکیروں سے دو دفعہ شادی اور چار کے لئے تین دفعہ شادی ہونے کی دلیل ہے۔ شادی کی ریکھا کے اوپر نہایت باریک باریک ریکھا کے خط لڑکے اور دو شاخی لکیر لڑکیاں اول زیادہ اولاد دیکھنے کے لئے ہوگا۔ صاف و درست اور صحیح خط قائم اولاد۔ مدھم اور کٹے ہوئے خط مر جانے والی اولاد ظاہر کرتے ہیں۔ برہسپت کے سیدھے کھڑے بدھ کے استھان پر شادی ریکھا کے اوپر اولاد کی کل تعداد ظاہر کرتے ہیں۔ یہی خط دائیں ہاتھ کی انگوٹھے کی جڑ میں مرد کے تعلق سے اولاد اور بائیں ہاتھ سے عورت کی اولاد۔ منگل بدھ کے برج کے کنارہ پر مددگار اولاد چندر کے برج کے کنارہ پر عمر والی جو دیر پا زندہ رہنے ظاہر کرتی ہے۔ بھائیوں کی ریکھا۔ ہاتھ کی کلائی سے اوپر اور انگوٹھے کے درمیان ہتھیلی کے کنارہ پر یہ ریکھا ہوتی ہے۔ جو ریکھا موٹی اور گہری ہوں۔ اس قدر بھائی ہوں جس قدر باریک اور مدھم ہوں گی اس قدر ہمشیرہ ہوں گی۔ ٹوٹی پھوٹی ریکھاؤں سے بیماری لمبی اور نمایاں ہوں، تو بھائی بہن زندہ رہیں۔ اگر شکستہ ہوں تو اس قدر مرے ہوئے جاننے چاہئیں۔ اور اگر ٹیڑھے ہوں، تو بھائیوں سے موافقت نہ رہے۔

ہاتھ کی انگلیوں پر کے نشانات کے حالات

یوں تو ہاتھ کے کسی حصے پر ستارہ کا نشان ہونے سے نحوست اور پریشانی کی علامت ہوتی ہے۔ مگر انگوٹھے کے زیریں ستارہ کا نشان ہو تو زن منکوحہ سے رنج۔ اور اگر ترجنی انگلی یعنی برہسپت کے استھان پر ستارہ ہو تو عورتوں کی طرف رغبت رکھے۔ اور اگر مدھما انگلی یعنی سنیچر کے استھان پر ستارہ ہو تو نحوست و پریشانی سے بسر اوقات کے علاوہ تنگ دست ہو۔ اَنامکا یعنی سورج کے استھان پر ستارہ ہو، تو دولت مندی ظاہر کرتا ہے۔ کنشٹکا یعنی بدھ کے استھان پر

ستارہ ہو تو جنگ و جدل میں مارا جاوے۔ اس کے علاوہ بھی انگلیوں پر طرح طرح کے نشانات شلا شکھ، چکر، سیپ، جَو وغیرہ کے نشانات ملتے ہیں۔

ریکھاؤں کے ذریعہ سے حالات معلوم کرنے کا طریقہ

جو ریکھا مکمل طور پر مطابق نقشہ کے ہوں۔ شاستر کے فرمان سے اُن کا سَو سال کی عمر کا اندازہ لگا کر اُن کے ناپ سے، یا ۱۴ حصے بنالیں۔ مگر خیال رہے کہ اس زمانہ میں سَو سال کی عمر تو کوئی نہیں گزارتا ہے اس لئے اندازہ کے لئے تقریباً ۵ سال کی عمر کا اندازہ لگائیں۔ ان حصوں میں ریکھا پر کوئی حصہ ٹوٹا ہوا یا زنجیر وغیرہ یا کراس کا نشان پایا جاوے، تو اس حصہ عمر میں ضرور جسمانی اور مالی تکلیف ہوگی۔ اسی طریقہ سے ہر ایک لائن ناپ کر بُرے اور اچھے وقت کا پتہ دریافت کرسکتے ہیں۔

اچھا یا بُرا سال دریافت کرنے کا طریقہ

اپنے جنم کے سال اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر ۴ یعنی کنشٹکا کی پوری اوّل یعنی ناخن والی پوری سے شمار کریں۔ انگلی کی تین پوریاں ہوتی ہیں۔ پانچوں انگلیوں کی پندرہ۔ داہنے ہاتھ کی انگلی سے شمار کرکے جب پندرہ ہوجائیں، تو بائیں ہاتھ سے اسی طریقہ سے شمار کریں۔ جب وہاں سے بھی ختم ہوجاویں، تو پھر داہنے ہاتھ پر آجاویں جس سال کا حال دریافت کرنا ہو تو وہ سال جس انگلی کی پوری پر ختم ہو اُسی پوری پر جَو تین کونا اور چکر کا نشان ہو تو وہ سال اچھا گزرے گا۔ اگر وہاں کوئی ٹوٹی ہوئی ریکھا ہو یا خراب نشان ہو، تو سال کا نتیجہ منحوس ہوگا۔ مثلاً آپ کا جنم ۱۸۹۲ء کا ہے۔ آپ داہنے ہاتھ کی پوریوں سے شمار کریں۔ آپ نے ۱۹۳۶ء کا پھل دیکھنا ہے۔ تو یہ سال داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر ۴ کی دوسری پوری پر آئے گا اس پوری کے نشان کو دیکھ کر اچھے اور بُرے پھل کو دیکھ سکتے ہیں۔

ہتھیلی پر خاص نشان جو مرد کی صرف دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نیک اثر دینگے


۱۔ اگر ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو تو دولت مند چراغ خاندان ہوتا ہے۔
۲۔ شیر کا نشان ہو تو بہادر۔ بے دھڑک۔ بے رحم کی علامت ہے۔
۳۔ سانپ کا نشان ہونے سے خزانہ کا مالک بنتا ہے۔
۴۔ ہاتھی کا نشان ہونے سے راجہ کی مانند ہوتا ہے۔
۵۔ کوا کا نشان ہونے سے فیری ہوتا ہے۔
۶۔ گھوڑے، بیل کا نشان ہونے سے زراعت میں فائدہ اٹھاتا ہے۔
۷۔ چھوہا کا نشان ہونے سے چھہ تنگدست ہوتا ہے۔
۸۔ کمان کا نشان ہونے سے بہادر، دلاور ہوتا ہے۔
۹۔ پھول کا نشان ہونے سے دولت مند۔ عمدہ زندگی والا ہوتا ہے۔
۱۰۔ جھنڈا کا نشان ہونے سے مذہبی علم میں مشہور یعنی کتھا واچک ہوتا ہے۔
۱۱۔ چھتر ہونے سے دولت مند ہوتا ہے۔
۱۲۔ پہاڑ کا نشان ہونے سے مانند وزیر کے ہوتا ہے۔
۱۳۔ گاؤں کا نشان ہونے سے رئیس ہوتا ہے۔
۱۴۔ پالکی کا نشان ہونے سے بہت ہی آرام کی زندگی بسر کرتا ہے۔
۱۵۔ آنکھ کا نشان ہونے سے دولت مند مگر فریب سے دھن کماتا ہے۔
۱۶۔ ناک کا نشان ہونے سے معمولی بیوپاری ہوتا ہے۔
۱۷۔ ترشول کا نشان ہونے سے زندگی اچھی عمدہ گزارتا ہے۔
۱۸۔ ڈھال کا نشان ہونے سے بزدل ہوتا ہے۔
۱۹۔ تلوار کا نشان ہونے سے دشمن پر غالب ہوتا ہے۔
۲۰۔ گھوڑا کا نشان ہونے سے دولت مند اور صاحب جائداد ہوگا۔
۲۱۔ مندر ہونے سے پرہیزگار ہوتا ہے۔
۲۲۔ چوپٹ کا نشان ہونے سے صاحب اقبال ہوتا ہے۔
۲۳۔ قلم کا نشان ہونے سے میر منشی ہوتا ہے۔
۲۴۔ دائرہ کا نشان یا کنڈل سا نشان ہونے سے بہت امیر ہوگا۔
۲۵۔ موسل کا نشان ہونے سے کنجوس ہوتا ہے۔
۲۶۔ اُکھل کا نشان ہونے سے روٹی سے بھی تنگ ہوتا ہے۔
۲۷۔ درخت کا نشان ہونے سے جائداد کا مالک ہوتا ہے۔
۲۸۔ چوکی کا نشان ہونے سے تخت کا مالک ہوتا ہے۔
۲۹۔ رتھ گاڑی کا نشان ہونے سے راجہ مہاراجہ ہوتا ہے۔
۳۰۔ ترازو کا نشان ہونے سے بیوپاری یا آڑھتی ہوتا ہے۔

• • • • • •

گرہ وچار

ہاتھ میں سات گرہوں کے مقام قائم ہیں جن میں سے چھ گرہوں کے مقام تو متواتر ایک ہی ایک ہیں لیکن منگل کے دو مقام ہیں۔ ان مقررہ مقاموں میں سے جو مقام او نچا اُٹھا ہوا ہو۔ پھر بڑھا ہوا ہو تو سمجھنا چاہیے۔ وہ اسی گرہ کی پردھانتا کی طاقت ہے ابھرے اُٹھے ہوئے مقام کا پھل اس گرہ کے سبھاؤ کے انکول ہی ہوتا ہے۔

ہاتھ کی ریکھاؤں کا نقشہ



(۱) چاند (۵) شکر
(۲) منگل (۶) سنیچر
(۳) بدھ (۷) سورج

نقشہ میں جو گرہوں کے مقام بتائے گئے ہیں، ان کا کچھ بیان نیچے لکھا جاتا ہے۔

سورج — انامکا انگلی کی جڑ میں نیچے کی طرف کا مقام ہوتا ہے۔ اس کے اونچا ہونے سے مندرجہ ذیل باتیں مانی جاسکتی ہیں۔ ترقی بڑھنے کی خواہش۔ ڈرائنگ کا کام۔ شاعری۔ خوب صورتی کی محبت، پرتاپ تیز تھا۔ دھرم۔ رچی۔ علم۔ عزت۔ طاقت۔ خوب صورتی۔ دولت۔ والدین کا سکھ۔ روح کا مقام بھی سورج کے مقام کو ہی دیکھ کر کیا جاتا ہے۔

چاند — کلائی کے نزدیک چندرماں کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر ماتا کا سکھ۔ دلی خیالات۔ عورت کا سکھ۔ دولت۔ قدرت سے پریم۔ شبھ وچاروں میں لگا رہنا اور راجہ کی خوشی کا وچار کیا جاتا ہے۔

منگل — منگل کے دو مقام نقشہ میں دیئے گئے ہیں ان مقاموں کو دیکھ کر بل۔ پراکرم۔ پیٹ کے روگ۔ خون خرابی۔ تندرستی۔ ماتا کا سکھ۔ زمین۔ فرزند اور کنبہ کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

بدھ — کنشٹکا انگلی کی جڑ میں بدھ کا مقام ہے۔ اس مقام سے علم۔ عقل۔ بیوپار۔ سبھا و شاعری مسافری وچاروں کی اتھل پتھل۔ زبان سے بولے ہوئے الفاظ کی طاقت۔ بدھی اور دوستوں کی بابت بھی وچار کیا جاتا ہے۔

برہسپت — ترجنی انگلی کی جڑ میں برہسپتی کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر۔ عزت۔ دھرم۔ مالک کی عزت۔ حوصلہ۔ انصاف کا درد۔ جاہ کی بابت دیکھنا۔ بڑا آدمی بننے کی خواہش۔ عقل۔ علم۔ وچار گیان اور شانتی وغیرہ کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

شکر — شکر کا مقام انگوٹھے کی جڑ سے لیکر کلائی تک ہے۔ اس سے عورت کا سکھ۔ شادی۔ محبت۔ دل خوش رکھنا۔ سواری۔ کام واسنا۔ اور گہنے کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

سنیچر — مدھما انگلی کی جڑ میں سنیچر کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر کلیش۔ دکھ۔ درد۔ عیب۔ جو آنا کامیابی۔ چپ چاپ۔ تنہائی میں رہنا۔ اداسی۔ نراشپن اور برے وچاروں کو ظاہر کرتا ہے۔ بیراگ سنیاس کیا کروں۔ کیا نہ کروں۔ اس مقام کو دیکھ کر یہ بھی پتہ لگایا جاسکتا ہے۔ جب مقررہ مقام اچھی طرح ابھرے ہوئے ہوں۔ تو گرہ کا مقررہ پھل ٹھیک اپنی شکل میں سمجھنا چاہیئے۔ اگر کسی گرہ کا کوئی ابھار نہ ہو، تو پھل کا پرشن ہی نہیں اٹھتا۔ اگر اس مقام پر گڑھا بہت اونچا اٹھا ہو ٹیڑھا پن گانٹھ یا اسی طرح کی کوئی بیڈول نشان مقررہ مقام پر ہو۔ تو جو باتیں گرہ سے جانی جاتی ہیں۔ وہ تمام باتیں الٹا اور برا اثر دکھانے والی ہوتی ہیں۔ ایسا سمجھنا چاہیئے۔


سنکھ۔ چکر

ہاتھ کی انگلیوں کے آخری سرے میں ناخنوں سے نیچے حصہ میں سنکھ اور چکر کی نشانیاں دیکھی جاتی ہیں۔ اگر دونوں ہاتھوں کی درمیانی انگلی میں سنکھ اور دوسری انگلی اور انگوٹھے میں چکر ہو، تو نہایت ہی شبھ ہے۔ ایسے نشانات والے راج گدی حاصل کرتے ہیں۔ اس کے پیچھے سنکھ جتنے زیادہ ہوں اور چکر جتنے کم ہوں، تو اس شخص کو قسمت میں کمزور سمجھنا چاہیئے۔ ان کے علاوہ ہتھیلی کے دوسرے حصوں میں اور انگلیوں کی دوسری پوریوں میں بھی سنکھ۔ چکر پائے جاتے ہیں۔ ان کی تعداد کے مطابق پھل کا حساب لگایا جاتا ہے۔ سنکھ کی تعداد کا پھل ہے۔ اگر ایک ہو تو علم و فاضل۔ دو ہوں تو دارودری۔ تین ہوں تو بندیہ عورت دکھی۔ چار ہوں تو راجہ کے برابر سکھی۔ پانچ ہوں تو غیر ملک میں فائدہ حاصل کرے چھ ہوں تو عالم فاضل۔ سات ہوں تو دارودری۔ آٹھ ہوں تو جیون سکھی ہو۔ نو ہوں تو سیجرا۔ اگر دس ہوں تو راجہ یا یوگی ہووے۔ چکر کی تعداد کا پھل ہے۔ اگر ایک ہو تو چتر۔ دو ہوں، تو خوب صورت تین ہوں، تو بلاسی۔ چار، دارودری۔ پانچ گیانی۔ چھ، چتر۔ سات، باغ باغیچوں میں شوق رکھنے والا۔ آٹھ دکھی نو حکمراں۔ اگر دس ہوں، تو خدمتگار۔

تل

برنگ سیاہ و سرخ دو قسم کے تل انسانوں کے جسم میں دیکھے جاتے ہیں۔ لال (سرخ) تلوں کا ہونا نہایت فائدہ مند اور بھاگوان ہونے کا نشان سمجھا جاتا ہے۔ لیکن سیاہ رنگ کے تل میں یہ خاصیت نہیں ہے سیاہ رنگ کے تل مقام بھید سے شبھ اور اشبھ دونوں قسم کے ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ تل جوڑا ملنے ہوتا ہے۔ اس کی تعداد ایسی ہوتی ہے کہ جیسے دو پر تقسیم کیا جائے۔ اگر کسی ایک مقام پر تل ہوگا تو اس کے جوڑ کا دوسرا تل بھی کسی عضو پر ضرور دکھائی دے گا۔ خاص کر جوڑے کا مقام مقررہ بھی ہوتا ہے۔ مثلاً، اگر ایک تل ماتھے پر دائیں طرف ہو تو اس کا جوڑا پیٹ یا بازو پر ہوگا یہ زن و مرد دونوں کے لیے خوشحال رہنے کے نشان ہیں۔ اگر ماتھے پر بائیں طرف ہو، تو بھی دو سرا تل پیٹ یا بالد پر ہوگا۔ یہ زن و مرد دونوں کے لیے آپس میں ان بن کے نشان ہیں۔ جن کی بائیں آنکھ کی بھوں پر تل ہو تو ان کی چھاتی پر بھی بائیں طرف تل دیکھا جائے گا۔ ایسے انسانوں کو بہت سے سفر کرنے پڑتے ہیں۔ اگر دونوں بھوؤں کے درمیان میں تل ہو تو اس کا جوڑا پیٹ کے درمیان ملے گا۔ ایسے انسان بکبادی اور گھمنڈی دیکھے جاتے ہیں۔ ناک کے تل کا جوڑا ناف کے نزدیک ہوتا ہے۔ یہ نشان محبت و خوش مزاجی اور بار باش ہونے کا سبب ہے۔ کنپٹی کے تل کا جوڑا پستان پر ملتا ہے۔ اگر یہ نشان دائیں طرف ہو تو شبھ۔ اگر بائیں طرف ہو تو اشبھ مانا جاتا ہے۔ کان کی جڑ کے آس پاس کے تل کا جوڑا پیٹ پر ہوتا ہے۔ یہ جگر اور انتڑیوں کی خرابی کو ظاہر کرتا ہے۔ ناک کی نوک کا جوڑا مقعد کے اوپر ہوگا یہ عمر کی کمی ظاہر کرتا ہے۔ گال یعنی رخسار کا جوڑا کلیجے پر ملتا ہے۔ یہ نشان دائیں اور بائیں دونوں طرف شبھ ہے۔ اوپر کے ہونٹ کے تل کا جوڑا جگھا گوں میں

دیکھا جاتا ہے۔ یہ نشان کنجوسی کا سائن بورڈ مانا گیا ہے۔ اگر نیچے کے ہونٹ پر تل ہو تو اس کا جوڑا گھٹنے پر ہوگا۔ ایسے آدمیوں کو بیاہ شادیوں کے معاملہ میں نہایت دلچسپی ہوتی ہے۔ ترجنی انگلی کا تل دھنوان ہونے کا۔ دشمن کی زیادتی اور جھگڑا فساد رہنے کا سبب ہوتا ہے۔ بدھما کل تل سکھ شانتی دینے والا ہوتا ہے۔ جن کی انا مکا میں ہوگا وہ عزت والے۔ پراکرمی۔ دھنوان اور گیان دان بنیں گے۔ کنشٹکا کا تل اس بات کا ثبوت ظاہر کرتا ہے کہ وہ شخص دولت اور مکانات ہوتے ہوئے بھی سکھی نہ رہ سکے گا۔ انگوٹھے کا تل چترائی اور لوک بیوہار میں سمجھداری ظاہر کرتا ہے۔ دائیں آنکھ میں تل ہونا تیز عقل کی نشانی ہے۔ یہ جتنی بھی زیادہ گنتی میں ہوں، اتنے ہی اچھے ہیں۔ بائیں آنکھ میں تل ہونا یہ بتلاتا ہے کہ اس آدمی کو اپنا جیون مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے گزارنا پڑے گا۔ اگر کسی چیز کی کمی نہ رہے گی، تو کبھی سکھ آرام سے زندگی بسر نہ کر سکے گا۔ گردن کا تل شردھالو۔ ایشور بھگت اور پریم سے بولنے والا ظاہر کرتا ہے۔ ٹھوڑی کا تل کنجوسی، ڈرپوک اور زنانہ پن کا نشان ہے۔ ایسی عورتیں پتی کی طرف سے خوش۔ جن کی دائیں طرف تل زیادہ ہوں، تو فرزند کی تعداد اور جن کی بائیں طرف تل زیادہ ہوں تو دختر کی تعداد زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ گال پر تل ہونے سے عورت کی خواہش اور پریم سکھ کی ابلاشا خاص طور سے پائی جاتی ہے۔ بازوؤں پر تل والے بہادر۔ پیٹ پر تل والے جٹو ہے۔ چھاتی پر تل والے پراکرمی۔ پیٹھ پر تل والے پر شرمی ترقی حاصل کردہ۔ چتڑ پر تل والے بغیر حوصلہ دوسروں کا سہارا تکنے والے ہوتے ہیں۔ خفیہ مقاموں پر تل ہونا کام چیشٹا کی زیادتی ظاہر کرتے ہیں۔ بارہ سے کم تعداد میں تل ہونا شبھ ہے۔ اگر اس تعداد سے زیادہ ہوں تو جسمانی اور روحانی مرض کے نشان سمجھنے چاہئیں۔ عام طور پر دائیں طرف کے تل بہ نسبت بائیں طرف کے زیادہ شبھ اور لابھ دینے والے ہوتے ہیں۔



پاؤں اور اس کی ریکھاؤں سے پھل وچار

(۱) شریر کو دیکھتے ہوئے اگر پاؤں کا آکار موٹا اور لمبا ہو، تو وہ شخص مزدوری جیسا کام کرے، دماغی کام نہیں کر سکتا۔ (۲) پاؤں کا آکار اگر چھوٹا ہو، تو اس شخص کو چور یا لُچا سمجھو۔ اگر کوئی اس پر بھروسہ رکھ کام کرے تو وہ ٹھگا جاتا ہے۔ اور اس کا سبھاؤ بھی گرم ہوتا ہے۔ (۳) پاؤں کا آکار اگر درمیانہ درجہ کا لمبا ہو تو وہ شخص ہوشیار، چالاک اور بھاگوان ہوتا ہے اور اچھے مزاج والا ہوتا ہے۔ (۴) اگر پاؤں کا آکار ادھم ہو اور جسم کو دیکھتے ہوئے رنگ کچھ سیاہ ہو، تو وہ شخص والدین کا ناش کرتا ہے۔ (۵) اگر پاؤں چھوٹا ہو، اور رنگ بھی سیاہ ہو تو چور یا ڈاکو ہووے۔ (۶) اگر پاؤں کا آکار درمیانہ لمبا ہو اور رنگ سرخی پر ہو تو وہ دھنوان ہوتا ہے۔ (۷) اگر پاؤں کے نیچے ایک طرف گہری چیرے جیسی باریک ریکھائیں پڑی ہوں تو وہ شخص تکلیف حاصل کرنے والا ہوتا ہے (۸) اگر پاؤں میں چھ انگلیاں ہوں، تو وہ شخص چالیس برس کی عمر تک اچھی حالت میں رہتا ہے۔ اس کے بعد غریبی اپنا سایہ ڈالتی ہے۔ ایسا سمجھنا چاہئے۔

پاؤں کے انگوٹھے کے پھل

اگر پاؤں کا انگوٹھا لمبا ہووے، تو وہ شخص بیوپاری ہے۔ (۲) اگر یہ انگوٹھا گول ہووے تو وہ شخص بدھی مان یا وکیل ہوتا ہے۔ (۳) اگر انگوٹھا کا آکار چھوٹا ہووے تو وہ شخص دشواش گھاتی ہوتا ہے۔ (۴) اگر انگوٹھا مدھم درجہ کا ہووے تو وہ شخص دھرماتما، اور دیالو ہوتا ہے (۵) انگوٹھے کے ناخون کی طرف اگر دو عدد ریکھائیں ٹیڑھی ہوں تو وہ شخص دھنوان ہوتا ہے اور غریبوں سے محبت بھی رکھتا ہے (۶) اگر انگوٹھے کے ناخن کی طرف ایک عدد ٹیڑھی ریکھا ہووے تو وہ شخص مدھم حالت میں رہتا ہے اور تنگدستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (۷) اگر پاؤں کے انگوٹھے کے عین ناخن کے نزدیک ٹیڑھی ریکھا ہو، تو وہ شخص عیش والا، اپنی زبان کا سچا اور مانی پرش ہوتا ہے۔ (۸) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی انگلی خاص موٹی ہووے، تو وہ شخص عرصہ بیس برس کے بعد دھنوان ہوتا ہے (۹) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی انگلی چھوٹی ہو تو سمجھو کہ وہ شخص کسی کارخانہ میں کام کرتا ہے اور اس کے گھر پیسہ دھیلا کی حالت مدھم رہتی ہے۔ (۱۰) اگر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی پر چکر کا نشان ہو تو وہ شخص ہوشیار ہوتا ہے (۱۱) اگر یہاں دھنش جیسا نشان ہووے تو وہ بڑا حکمران ہوتا ہے (۱۲) اگر یہاں دُھجا کا نشان ہووے، تو سادھو مہاتما پرش بنتا ہے۔

پاؤں کے اوپر اچھے و بُرے نشان

اگر پاؤں کے نیچے دُھجا۔ بان۔ تلوار سوتھک۔ کمل کا پھول۔ پربت۔ مگرمچھ۔ پھل۔ پالکی۔ یا دھنش کا نشان ہو تو وہ شخص بھاگوان بن جاتا ہے۔ اگر پاؤں کے نیچے ریکھاؤں کے نشانات ٹوٹے پھوٹے ہوئے ہوں تو یہ بُرے ہوتے ہیں۔

پاؤں کے نیچے گرہوں کے پربتوں کا گیان

انگوٹھا اور اس کی جڑ میں پربت اپربت ہے۔ انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی، اور اس کی جڑ میں برہسپتی کا پربت ہے۔ اسی طرح اور گرہوں کے پربتوں کا بیان مندرجہ بالا نقشہ کی مدد سے جان لیویں۔ اس میں خاص بات یہ ہے کہ منگل کا پربت دو جگہ ہے۔ ایک تو شکر کے پربت کے نیچے۔ دوسرا اینا کرن کی ریکھا کے نیچے۔ بدھ کے پربت کی سیدھ میں نیچے کی طرف ہے۔ اس لئے پاؤں میں منگل کے دو پربت میں سے گریہ کا پربت اٹھا ہوا اور اونچا ہوتا ہے۔ اس گریہ کا پھل اچھا ملتا ہے۔ جو کہ ہاتھ میں گرہوں کے مقام کا پھل لکھا ہوتا ہے۔ پامسٹ کو چاہئے کہ ہاتھ کا ڈھانچہ، انگلی، انگوٹھا، ناخون کی بناوٹ ہتھیلی، مقام گریہ، ہاتھ کی ریکھائیں، پورل، سنکھ، چکر اور کلائی وغیرہ نشان سے غور سے وچار یں اسی طرح وچار کرنے کے بعد جو پھلادیش کیا جائے گا۔ بالکل ٹھیک ہوگا۔

جنم لگن کے مطابق گرہوں کا چمتکاری پھل ۶

جنم لگن میں سورج کا پھل

پڑے آنگن میں دِواناتھ جو — بدن اُس کا سارا کرد دھی کھو
بگانوں سے وہ اپنے ناخوش رہے — نہ ناری سے بھی اپنے سن کی کہے
رہے دات پت سے دکھی وہ سجان — سفر سے اسے لابھ ہووے نہ ہان
سے یعنی سورج

سورج کا دوسرے دھن ستھان میں ہونے سے پھل

پڑے دوسرے گھر دواناتھ آ — لے اُس شخص کو بھاگیہ شالی بنا
سواری، سوشیں، بہے اُس کے گھر — ہے کلیش کہنے سے ہو کر ودھور
کمانے کی تدبیر سو سو کرے — نہ ہو کامیابی کنبے سے لڑے

سورج کا تیسرے سہج (بھراتری ستھان) میں پھل

ہو خورشید ہو خانہ سوئم مقام — برادر بڑے کی کرے اُس کی ہان
ہو زر خاص اُس کا کمایا ہوا — پراکرم سے اپنے ہی لایا ہوا
رہے کلیش بھائیوں سے اُسکا مدام — پھرے غیر وطنوں میں کرتا مقام
وہ دشمن کو جیتے صدا جنگ میں — کرے عیش راجاؤں کے سنگ میں

سورج کا چوتھے سکھ ستھان میں پھل

پڑے چوتھے خانہ میں جو آفتاب — تو ہو خوب زوجہ وہ مثلِ ماہتاب
رہے بھائیوں سے تنازعہ مدام — کرے عیش پردیس ہووے مقام
لڑائی میں دشمن سے ہارے مدام — کسی وقت اس کو نہ ہو اطمینان

سورج کا پنجم پتر ستھان میں پھل

جو پنجم میں خورشید آئے سجان — تو ہو ویدمنتروں میں ہو اُس کو دھیان
مہارت کئی علم میں اُس کو ہو — عقل تیز اُس کی نہایت کہو
کمانے میں دھن کے لگے اس کا من — کمائے اسی کام میں خوب دھن
دلیانہ رہے درد ہو کوکھ میں — ختم زندگی ہو اسی روگ میں

سورج کا چھٹے خانہ دشمن میں پھل

جو خورشید خانہ ۶ پڑے — ہو مغلوب دشمن جو اُس سے لڑے
کہیں راہ میں جب رہے وہ سفر — تو دل پر رہے اس کے چوروں کا ڈر
عدالت و منتروں میں ہو دھن خرچ — مویشی و ماموں کو ہو کب امن

سورج کا ساتویں خانہ عورت میں پھل

جب ہو شمس خانہ ہفتم سجان — تو ناری کو اس کی سدا کشٹ جان
رہے فکر دل پر ہو آمد خفیف — دو کانداری اس کی کرے کچھ ضعیف
نوٹ:۔ اگر کسی لڑکی کے لگن سے ساتویں سورج ہو۔ تو اُس کا پتی اس کو تیاگ دیتا ہے۔

سورج کا آٹھویں موت خانہ میں پھل

پڑے خانہ ہشتم جو خورشید آ — کرے کام اپنے وہ سب سے چھپا
رکھے ویشیا سے وہ اُلفت ضرور — غذا اُس کو ممنون ہو بہ سمر
کرے کام ناقص ٹھنے دل میں جو — کو مستعدی چوری سے دھن کھو

سورج کا خانہ نہم (بھاگیہ) میں پھل

پڑے نویں خانہ میں جو آفتاب — تو اس شخص کو مکر سے ہو حجاب
جپ و نیم کرنے میں اوج بدلے — و کرتے ہی جس کے مکر سب مٹے
سگے بھائی بندوں سے تکلیف جان — شاسورج کی اُس پر ہو جب سجان

سورج کا دسویں گھر میں پھل (خانہ راج ربار)

دسم گھر میں سورج جو آئے سجان — تو ماتا کو تکلیف کا ہو گمان
کرے وہ صدا شاہ کی ہمسری — رہے عیش سے اس کی طبیعت بھری
ہر ایک قسم کی شئے رہے اسکے گھر — مگر بھائی بند دل ہو اُس کو دور

سورج کا گیارہویں خانہ لابھ میں پھل

جو پڑے سورج خانہ یازدہم آ — رہے راج درباروں میں وہ جابجا
ہر اک شے ملے اس کو سر کا سے — بڑے سکھ و عزت بھی زیب دے اسے
وہ ہو رعب دار و اقبال ور — کہ دشمن جلے اس کے دو وبست پر
ولیکن ہے اولاد کو بہ خراب — کرے اس کی تدبیر کچھ وہ شتاب

سورج کا بارہویں خانہ خرچ میں پھل

پڑے لگن سے بارہویں شمس جو — ہو درد چشم یا نظر کم کہو
لڑائی میں دشمن کو جیتے سجان — خریدے زمین اور بناوے مکان
و چوری سے نقصان ہو بیشمار — ہمیشہ رہے جسم میں کچھ بیکار

چندرماں کا پہلے یعنی خانہ تن میں پھل

پڑے چندرماں خانہ اول میں جو — نظر کم ہو، بہرہ، یا کم عقل ہو
پڑے چندرماں جو سیکھ، برکھ، کرک — تو ہو خوش نصیب و دھنوان بھاگوان
کرے سونا چاندی و موتی کی کار — یا ہووے خزانہ میں راجہ کے دوار
دبیماریوں سے رہے جسم دور — نہو عاشق اسے دیکھ کر نیز حور

چندرماں کا خانہ دوئم دھن میں پھل

پڑے چندر جو خانہ دوئم سجان — رہے اس پہ ناری از حد مہربان
کرے عیش و عشرت و زر دلو ہو — مگر کنبے اس کے ہیں کم پیار رہو
وہ ہو خوبصورت بھی ایسا فرد — کہ عاشق اسے دیکھ کر ہووے گرد

چندرماں کا خانہ سوئم (سہج) میں پھل

پڑے چندر خانہ جو سوئم سجان — رہیں اُس کے بھائی بہن مہربان
وہ دھن اپنی طاقت سے پیدا کرے — وہ شادی بھی کر بوگ میں گم رہے
جو عورت بھی اس کو لبھائے اجان — نہ مانے کسی کی لگاوے وہ دھیان

چندرماں کا خانہ چہارم (سکھ) میں پھل

پڑے چندر آ کر خانہ چہارم — تو سرکار سے دھن ملے بے شمار
پسر اور زوجہ بھی پاوے آرام — اطاعت کریں اس کی دل سے مدام
وہ راجہ کا ہووے وزیر ایک بار — ہو رتبہ بڑا اور اقبال دار

چندرماں کا خانہ پنجم (پتر) میں پھل

خانہ پسر تو پڑے ماہتاب — تو نہیں ہوگی اس کو بخشے شتاب
داولاد سے بھی بھرے اسکا گھر — ہو وے پسر اُس کا اقبال ور
زمین اور رتنوں کی آمد کرے — و ہر قسم کی شے سے گھر کو بھرے

چندرماں کا خانہ ششم میں پھل (خانہ روگ)

جو خانہ چھٹے چندرما ہو جنم مال — تو حاکم سے دشمن کبھی ہو پائمال
و دھو حلیہ گر اور بڑا بھاگوان — مگر مار سیوا کرے کم نداں

چندرماں کا خانہ ہفتم (خانہ عورت) میں پھل

پڑے ساتویں گھر میں جو آن چندر — تو ہو جو جن اسے شیرنی ہو پسند
وہ اپنی ہی طاقت سے پائے آرام — وطن غیر میں وہ کرے جا مقام
وہیں اُس کے دل خواہ ہو روزگار — بذریعہ کسی کے وہ ہو مال دار
و خوش دل و خوش بسیط اسکو نا — سے اپنے سوامی کی خدمت گزار
رہے غیر عورت سے اُس کو پیار — مگر قوت باہ کم ہو و چار

چندرماں کا خانہ ہشتم (خانہ موت) میں پھل

اگر چندرماں آٹھویں گھر پڑے — تو بت اس کے گھر پہ جوشاندہ کرے
پکا موجگ کا جل پلائے اسے — گرم پانی کر کے نہلا دے اسے
ہمیشہ رہے آب سے پُر خطر — و تکلیف کا بھی رہے دل پہ ڈر
حکیموں کی مجلس مکان پر رہے — کرے خرچ زر جو وہ اس سے کہے
نوٹ:۔ اگر چندرماں نیچ یا کلیش ہو کر پڑے تو یہ بُرا پھل ہوتا ہے۔

چندرماں کا خانہ نہم (بھاگیہ خانہ) میں پھل

جو چندر نہم گھر پڑے آسجان — تو ہو خوب صورت بڑا بھاگ وان
دھرم پہ ہے اس کا دل شاد ہو — فکر و غم و غصہ سے آزاد ہو
برہمن و بندہ سب عزت کریں — و دل میں ہمیشہ نصیحت بھرے
جوانی میں اقبال ہیش تر — گھٹے اور بڑھے مال مثل قمر

چندرماں کا خانہ دہم میں پھل (خانہ راجدربار)

اگر چندرماں دہم خانہ پڑے — تو بھائی بند ہو محبت کرے
ملاقات ہو اُس کی حکام سے — کرے نیک کاموں کو آرام سے
وخیرات بھی اس کی ہووے مدام — اور اول پسر سے وہ پاوے آرام
کرے کام وہ اپنے احتیاط سے — رہے لطف کم سنی عورت سے

چندرماں کا خانہ یازدہم (لابھ خانہ) میں پھل

اگر گیارہویں گھر پڑے چاندنیاں — کمی عیش میں اُس پرش کے کہاں
ٹھٹھ راج میں اُس کی عزت و مان — ملیں بستر و دھن عیش کا سب سامان
رہے عیش و عشرت زوجہ بھی بگھر — ملے اس کو ہو پیارے خوب زر

دکھایی اولاد ہووے کثیر   کہ کم پتروں کا سکھ وہ پائے امیر

چندرماں کا خانہ دوازدہم (خانہ خرچ) میں پھل

اگر بارہویں گھر میں ہو ماہ تاب   غم و فکر دشمنی سے ہوئے نہ تاب
دشا چاند میں آنکھ میں درد ہو   وز وجہ کبھی تکلیف سے زرد ہو
خرچ ہووے دھن اُس کا شبھ کام میں   یا شادی و خیرات آرام میں
فساد اُس کا کنبے سے جاری رہے   اور آنکھوں میں اکثر بیماری رہے
نہیں خوش رہے اس سے در خاندان   رہے نار سے کم محبت سجان

منگل کا خانہ اول (خانہ تن) میں پھل

پڑے خانہ اول میں منگل جہاں   تو پھر اس کو عورت کا سکھ ہو کہاں
اگر نیک تارا بھی ہو ہاتھ میں   تو ناری کا دل وہ رکھے ہاتھ میں
ہو آتش و آہن سے وحشت زدہ   سُرخ چشم غصّہ سے ہو کب ادا
دلاور آسے شمشیر کے تُل جان   یہ سب پھل شا بھوم کی ہیں پہچان

منگل کا خانہ دویم (خانہ دھن) میں پھل

خانہ دویم میں منگل جو ہو   نہ کھاوے نہ خرچے وہ زرمال کو
اگر ہووے دشمن مقابل کھڑے   فتح پاوے سان سے لاور لڑے
رکھے مال کو جیسے بندر کا بار   نہ کنبے کے لوگوں کو بھی دے اُدھار

منگل کا خانہ سویم (خانہ سہج) میں پھل

اگر خانہ سویم میں منگل پڑے   کہاں بامہو بل اور کہاں دھن جڑے
کبھی خورد بھائی کا ہووے نہ یوگ   تپ دان کرتے نہیں اس سے لوگ

منگل کا خانہ چہارم (سکھ) میں پھل

جب خانہ چہارم میں منگل پڑے   تو ہمہ گرہ اس کو کیا کیا کرے
وبھائی برادر کا سکھ ہو کہاں   پڑے سکھ کے خانہ میں منگل جہاں
در دشاہ میں قدر گندزان ہو   گھر اور کل عیش کی ہان ہو

منگل کا خانہ پنجم (خانہ پتر) میں پھل

جب منگل پڑے خانہ پتر میں آ   بڑھاوے بس اس شخص کی ماستہ جا
صرف ایک لڑکا بچے اُس کے گھر   بچے دودھ کی بھانت غصّہ سے بھر
گناہوں میں وہ دل لگائے سجان   ہمیشہ فکر میں رہے اُس کی جان
اگر منگل پانچویں گھر ہوتا ہوا کسی شبھ گرہ سے نہ دیکھا گیا ہو تو اس کی سب سنتان مرجاتی ہے، اور اچھا آدمیوں سے پھٹکار پاتا ہے۔

منگل کا خانہ ششم (خانہ دشمن) میں پھل

چھٹے گھر میں منگل پڑے آ سجان   تو اس جیو کو دھن کی ہووے نہان
نہ ہو کوئی دشمن، نہ آزار ہو   اگر کوئی ہو تو بہت خوار ہو
اگر نقصان ہو ایک دو دفعہ زر مالی   مگر بعد میں ہووے حاصل کمالی
نہ ہو نام کو اس کے آباد گھر   اگر ہووے تو بھی نہ دل شاد کر

منگل کا خانہ ہفتم (خانہ عورت) میں پھل

ہو ہو خانہ ہفتم زمین کا پسر   تو زوجہ ضرر اس کی کی جائیں
اگر ناری کے منگل ہفتم پڑے   تو تکرار باہم یا خاوند مرے
نر ناری اور اس کے خاوند کے گھر   پڑے ساتویں منگل ہو یہ خطر

فکر میں پھیرے دھن کے بے روزگار   و دشمن سے جائے وہ رنج بیمار

منگل کا خانہ ہشتم (خانہ موت) میں پھل

پڑے بھوم کا سُت جو اشٹم گھر   نہیں نیک تارا کوئی شبہ کرے
نہ ہو کام پورا جو دل میں لٹھے   جو ہمدم بھی اس کے ہوں دشمن بنے

منگل کا خانہ نہم (خانہ بھاگ) میں پھل

زمین کا پسر جب ہو خانہ نہم   تو اس شخص کی عقل ہووے نہ کم
بڑا خوش نصیب اور ہو زود لد   ملے کم نفع اس کو در روزگار
برادر بڑا اور سالا کلاں   نہ خوشحال سے اُس کے ہو در جہاں

منگل کا خانہ دہم (خانہ راجدربار) میں پھل

اگر خانہ دسویں میں ہو بھوکمار   تو منگل رہے اس کے گھر اور دوار
وہ نوکر بہت اس کے ہو دیں سجان   زر و زیور و مال سے گھر بھرے
جو ہو خانہ اونچ زمین کا پسر   تو نادم وہ ہو شیر کے تل نر
وہ اپنی ہی قوت سے پیدا کرے   زر و زیور و مال سے گھر بھرے

منگل کا خانہ یازدہم (خانہ لابھ) میں پھل

پڑے گیارہویں خانہ منگل جہاں   تو دشمن پسر اُس کے سکھ میں کہاں
تجارت مویشی سے خوشحال ہو   خزانہ میں اس کے بھرا مال ہو
سب کاروں میں ہووے دولت کی ہان   و جھوٹا کہے اس کو سارا جہان
چوری کی دہشت اسے کم نہیں   اسی سے وہ دھن کو چھپائے کہیں

منگل کا خانہ دوازدہم (خانہ خرچ) میں پھل

جو ہو خانہ بارس میں پسر زمین   کرے دھن و زیور میں اس کے کمی
ہتھیار اُس کے لگے آہنی   مرے کیسا بھی ہو دلاور غنی

بدھ کا خانہ اول (خانہ تن) میں پھل

جو ہو خانہ اول میں پسر قمر   کسی کرور گرہ کا نہیں اس کو ڈر
اگر لڑنے میں جنگ میں انتظار رہے   اور تصویر بھی اُس کی بالا رہے
تجارت طبابت میں بھی اُکو جان   بدن اس کا چمکے کندن سمان
اگر اس سے بیمار کم شاد ہو   کرانے میں طب اس سے برباد ہو

بدھ کا خانہ دویم (خانہ دھن) میں پھل

پڑے خانہ دویم میں جو بدھ پور، تو وہ ہووے دانا و اقبال ور
سبھا حاطوں کی میں اعلیٰ ہو، مثل بیاس کے عقل والا رہے
خیرات میں کلپ تر کے سمان، بھمر کی طرح بھوگ بھوگے سجان

بدھ کا خانہ سویم (خانہ سہج) میں پھل

پڑے تیسرے گھر میں بدھ سجان   دکیلوں سے ہو دوستی کا گمان
عقل تیز، حاکم سکھی ہوشیار   ہو خوش خلق، خوش روح بڑا مالدار
چلے نیک راہ اور اقبال مند   تجارت کا ہو اس کو پیشہ پسند
برادر کے ذریعے سے بھوگے وہ   و قابلوں میں ہو تیز فہمی سے لوگ

بدھ کا خانہ چہارم (خانہ سکھ) میں پھل

پڑے خانہ چوتھے میں گر بہر چند   ہوں دوست اس کے بڑے
ور شاہ میں ہو وے با اختیار   کہ تحریر پر اُس کے ہو راج کار
کہ لکھنے بہ اُس کے کل الکار   کریں اپنے اپنے سبھی کار دیار
رشتوں کا اس کو صلاح کار جان   پتا کا بھی دھن پاس اُس کے

بدھ کا خانہ پنجم (خانہ فرزند) میں پھل

پڑے پانچویں گھر میں جو بدھ آ   محل پتر کا اس کے گھر نہ بتا
پڑے منتر منتروں اینک علم کو   شاید بدھ کی میں اسے عیش ہو
و اولاد کنیا ہی ہوں اُس کے گھر   برس بیس کے بعد ہووے پتر

بدھ کا خانہ ششم (خانہ دشمنی) میں پھل

پڑے خانہ چھ میں جو قمر پسر   تو ہوں دشمن اُس کے ادبھر ادھر
جیتی سادھوؤں کی طرح سے   کبھی تدر جنتر و منتر کرے
و بیوپار جنگ میں بہت سے کرے   بذریعہ اسی کے خزانہ بھرے

بدھ کا خانہ ہفتم (خانہ عورت) میں پھل

بلا است بدھ خانہ ہفتم میں ہو   بہت ناریوں سے اسے بھوگ ہو
ہو گورا بدن مثل کندن جھلک   بڑے چشم، لب سرخ لمبے پلک
دو وقت جاع اچھوٹ جائے شتاب   کہاں روکنے کی اسے ہوئے تاب
اگر بدھ ہو است جائے سجان   کرے بھوگ میں گل لگے میں ہان

بدھ کا خانہ ہشتم (خانہ موت) میں پھل

پسر چند ہو آٹھویں میں سجان   تو ہو طول عمر و خوشی بھاگوان
و نار کا ہو خوش دیکھنے سے اُسے   وطن غیر میں جا ہیں وہ بسے
وہاں اس کو آمد ہو بیوپار سے   گھر پاوے زر نیز سرکار سے

بدھ کا خانہ نہم (خانہ بھاگ) میں پھل

اگر بدھ آ خانہ نو میں پڑے   تو دکھ در دگل اُس کے غار کرے
کرے دھرم کرم گنگا اشنان   و دیکھنا بھی پاوے گود و سکھ سجان
وہ ہو سور نکے تل گل میں پرکاش   کہ سو رجنوں اور رشتوں کا ناش
راجاؤں سے بھی ادھک ہو پرکاش   کرے پاٹھ پوجن و منتر وید کا جاپ

بدھ کا خانہ دہم (خانہ راجدربار) میں پھل

پڑے خانہ دسویں جو سیر قمر   حکومت کرے مثل حاکم سدھ
زر و مال و الد کا ہو بے شمار   کھڑے ہنہادیب جابہ پیادہ
بدا حال ہو اس کو دیوے سزا   دیکھوں سے نہیں چھپے جزا
حالت میں ہو اُس کی عزت کمال   ہو حاصل کرے شاہ سے خلعت مال

بدھ کا خانہ یازدہم (خانہ لابھ) میں پھل

پڑے گیارہویں خانہ میں پسر چندر   رہیں جگنے مال سے اس کے اندر
کرے دان وہ براہمنوں کو بلا   رہے دوار آمد کا ہر دم کھلا

پڑے پریم سے وہ کرے کنیا دان ہو نیچے و گھر میں بڑا ہی سجان
دھرم کے کام جو ہوویں دد جہاں سبھی میں سہایک بنے بھاگوان

بُدھ کا خانہ دوازدہم (خانہ خرچ) میں پھل

پڑے بارھویں خانہ بسیر خیند رجو نہ کیوں دھرم میں اُس کا دھن خرچ ہو
زر و مال پہلا سا پایا ہوا دھرا ہو جو گھر میں چھپایا ہوا
دشا بُدھ کی میں نکالے اُسے دھرم پن میں خرچ ڈالے اُسے
کرے براہمنوں کی وہ عزت کمال وہ دشمن پھریں ٹیکھ ور تنگ حال

برہسپت کا خانہ اوّل (خانہ تن) میں پھل

جو ہو خانہ اول برہسپت سجان بدن اُس کا نازک و کمزور جان
کرے عیش و عشرت وہ ذہن میں بلا بدن اُس کا مثل کندن بنا
درشاہ میں وہ وزیری کرے طلا سیم و زر سے خزانے بھرے
وہ گانے میں ہر دم رہے خوش خرد بزرگی کا زوجہ کے دل میں غرور

برہسپت کا خانہ دویم (خانہ دھن) میں پھل

پڑے خانہ دویم گورو جو کر آ پھرے فکر میں زر کے وہ جابجا
مشقت سے زر و مال حاصل کرے کبھی قدر پا شاعری میں دھرے
نہ پائے ذمّہ اس کا یہ حال ہو محبت میں زہد آہی انزال ہو
گورو کی دشا میں پاس ٹھہر نہ زر کمائے ادھر اُدھر ہو صفر

برہسپت کا خانہ سویم (خانہ برادر) میں پھل

پڑے جو گورو آ کے خانہ برادر رہے پنچ بدتر تو وہ عمر بھر
بھلائی بھی کرتے بُرائی ملے مصیبت میں ہمدم نہ بھائی ملے
لیکن ہو پیشانی روشن کمال مگر ہاتھ میں اس کے ٹھہرے نہ مال
